# عیسائیت کیا ہے؟

عیسائی مذہب کے بنیادی افکار و نظریات اور
عیسائیت کی اجمالی تاریخ، اور بتایا گیا ہے کہ کیا عیسائیت
فی الواقع حضرت عیسیٰ کے تعلیم فرمودہ عقاید پیش کرتی ہے؟

مولانا محمد تقی عثمانی

1919

اشاعت
مولوی مسافرخانہ کراچی۱

PUNJAB
UNIVERSITY
LIBRARY
LAHORE

CLASS NO.
BOOK NO.

ذخیرہ صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی

جو 2001ء میں میاں صاحب نے
پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو عطا فرمایا

Marfat.com

59891

# فہرست مضامین


پیش لفظ از مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ ۵
حرف آغاز از مصنف ۷

باب اوّل عیسائیت کیا ہے ؟ ۹

عیسائیت کی تعریف //
عیسائی مذہب میں خدا کا تصور ۱۱
عقیدۂ تثلیث ۱۲
توحید فی التثلیث ۱۳
باپ ۱۵
بیٹا //
رُوح القدس ۱۶
تین اور ایک کا اتحاد ۱۷
متشابہات کی حقیقت ۲۰
دماغ کی مثال سے تثلیث کا اثبات ۲۵
دوسری مثال ۲۸
حضرت مسیح کے بارے میں عیسائی عقائد ۲۹
عقیدۂ حلول وتجسم ۳۰
وہ جنہوں نے حضرت مسیح کو خدا ماننے سے انکار کر دیا۔ ۳۴
پولسی فرقہ ۳۶
نسطوری فرقہ ۳۶
یعقوبی فرقہ ۳۷
آخری تاویل ۳۸
عقیدۂ مصلوبیت ۴۱
صلیب مقدس ۴۳
عقیدۂ حیات ثانیہ ۴۴
عقیدۂ کفارہ ۴۴
اس عقیدے کے منکر ۵۴
عبادات اور رسمیں ۵۷
اصولِ عبادت ۵۷
حمد خوانی ۸۵
بپتسمہ ۵۹
عشاء ربانی ۶۰
بنی اسرائیل کی تاریخ کا ایک خاکہ ۶۳
حضرت عیسیٰؑ کی تشریف آوری ۶۶
عیسائیت کی تاریخ ۶۷
دور ابتلاء ۶۸
قسطنطین اعظم ۶۹
قسطنطین سے گریگوری تک ۷۰
تاریک زمانہ ۷۱


Marfat.com

قرونِ وسطیٰ ۷۱
نفاقِ عظیم ۷۲
صلیبی جنگیں ۷۴
پاپائیت کی بدعنوانیاں ۷۵
اصلاح کی ناکام کوششیں ۷۵
عہدِ اصلاح اور پروٹسٹنٹ فرقہ ۷۷
عقلیت کا زمانہ ۷۷
تجدد کی تحریک ۷۹
احیاء کی تحریک ۸۰

دوسرا باب عیسائیت کا بانی کون ہے؟ ۸۲

پولس کا تعارف ۸۴
حضرت عیسیٰؑ اور پولس (۱) ۸۵
تثلیث اور حلول کا عقیدہ ۸۶
حضرت مسیح حواریوں کی نظر میں ۹۳
انجیلِ یوحنا کی حقیقت ۹۷
نتائج ۱۰۸
عقیدۂ کفارہ ۱۱۰
تورات پر عمل کا حکم ۱۱۷
عشاءِ ربانی ۱۱۹
ختنہ کا حکم ۱۱۹
تاریخی شواہد (۲) ۱۲۰
عرب کا سفر ۱۲۱

پولس کے ساتھ حواریوں کا طرزِ عمل ۱۲۵
پولس اور برناباس ۱۲۶
یروشلم کونسل ۱۳۲
گلتیوں کے نام خط ۱۳۹
نتائج ۱۴۵
جدائی کے بعد ۱۴۷
انجیلِ برناباس ۱۴۸
پولس اور پطرس ۱۴۹
پطرس کے خطوط ۱۵۲
یعقوب اور پولس ۱۵۵
یوحنا اور پولس ۱۵۷
دوسرے حواری ۱۵۹
نتائج ۱۶۰
پولس کے مخالفین ۱۶۱
آخری زمانے میں ۱۶۶

انجیلِ برناباس ۱۷۱

انجیلِ برناباس میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی ۱۷۲
اس انجیل کی دریافت ۱۷۳
انجیلِ برناباس کی حقیقت ۱۷۶


Marfat.com

# پیش لفظ

(حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم)

الحمد للہ وکفٰی وسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی

---

عیسائیت کے بارے میں جہاں عوام میں پھیلانے کیلئے مختصر اور عام فہم کتابچوں کی ضرورت ہے وہاں اس کی ضرورت بھی کم نہیں کہ تعلیم یافتہ افراد کو اس مذہب کی تحقیقی معلومات فراہم کی جائیں، اور جو لوگ تقریر و تحریر کے ذریعہ عیسائیوں میں تبلیغ اسلام کا فریضہ انجام دیں انکو عیسائیت کے صحیح خدوخال سے آگاہ کیا جائے ورنہ نامکمل معلومات کی بنیاد پر جو کام کیا جائے وہ بعض اوقات اُلٹے نتائج پیدا کرنے کا سبب بن جاتا ہے۔

اس مقصد کے لئے احقر نے اپنی نگرانی میں حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کی مشہور کتاب "اظہار الحق" کا اردو ترجمہ اور تشریح و تحقیق تین جلدوں میں مکتبۂ دار العلوم سے شائع کروایا۔ برخوردار عزیز مولوی محمد تقی عثمانی سلمہ نے اس کتاب کی شرح و تحقیق کے علاوہ اس پر ایک مبسوط مقدمہ لکھا تھا جو افادۂ عام کیلئے اب الگ کتابی صورت میں منظر عام پر آرہا ہے۔

یہ مقالہ درحقیقت اپنے موضوع پر ایک مستقل مکمل اور جامع اور بے نظیر تصنیف ہے، جس میں عیسائیت کی اصل حقیقت خود عیسائیوں کی مسلمہ قدیم و جدید کتابوں سے لکھا گیا ہے، اس سلسلے کا بڑا مواد انگریزی زبان کی کتابوں میں تھا۔ برخوردار عزیز کو حق تعالیٰ نے علوم دینیہ میں خاص مہارت کیساتھ انگریزی زبان اور جدید فنون میں بھی خاص استعداد عطا فرمائی ہے انہوں نے ایم، اے، ایل، ایل بی کے امتحانات میں امتیازی حیثیت کی ڈگریاں حاصل کی ہیں، اس لئے ان کو اس سلسلے کے انگریزی لٹریچر سے بڑی مدد ملی ہے، یہ کتاب انشاء اللہ محققانہ اور عادلانہ انداز میں عیسائیت کا ایک آئینہ ثابت ہوگی مطالعہ سے اس مذہب کی مستند ضروری اور اہم معلومات عمدہ ترتیب اور انضباط کے ساتھ حاصل ہو سکتی ہیں،

Marfat.com

اس حصے کی افادیت کا اندازہ ایک مثال سے ہوسکیگا "عقیدۂ کفارہ" عیسائی مذہب کی بنیاد ہے لیکن اس عقیدے کا جو تصور عام لوگوں میں پھیلا ہوا ہے وہ حقیقت کیخلاف ہے، اس کے نتیجے میں ایکطرف تو بعض عیسائی پادری صاحبان اس عقیدے کو سستا نسخہ بتا کر بہت سے سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔ دوسری طرف اس عقیدے پر جو تنقیدیں کی جاتی ہیں۔ وہ اصلیت سے ناواقف ہونیکی وجہ سے غیر مؤثر ہوتی ہیں، اور حق بات کی صحیح وکالت نہیں کر سکتیں۔

اس کتاب میں اس عقیدے کو اسکی پوری تفصیلات اور مکمل پس منظر کیساتھ بیان کر کے اسپر مختصر مگر جامع اور مستحکم تنقید کیگئی ہے۔

کتاب کا دوسرا باب اس مقالہ کی خاص چیز ہے اور فیصلہ کن اہمیت کا حامل ہے، اس باب میں خود عیسائی حوالوں سے اس بات کی مفصل تحقیق کیگئی ہے کہ کیا موجودہ عیسائی مذہب واقعۃً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات پر مبنی ہے؟ اگر نہیں۔ اور یقیناً نہیں۔ تو اسمیں تحریف وترمیم کا سلسلہ کہاں سے شروع ہوا؟ اور اسے کس نے بگاڑ کر موجودہ شکل دی؟ پولس کو دوسرے بہت سے لوگوں نے بھی موجودہ عیسائیت کا اصل بانی قرار دیا ہے۔ لیکن اس مقالہ میں جس تحقیق اور دقتِ نظر کے ساتھ مستحکم دلائل، تاریخی شواہد اور خود عیسائیوں کے اعترافات کے ذریعہ اس بات کو ثابت کیا گیا ہے وہ اس مقالہ کی خصوصیت ہے، اور کسی دوسری کتاب میں احقر کی نظر سے نہیں گزری۔

آخر میں ایک مضمون "انجیل برناباس" کی تحقیق سے متعلق ہے اس انجیل میں صاف لفظوں میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی مذکور ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سُولی دیئے جانے کی تردید کیگئی ہے اور پولس کو دینِ عیسوی کا بگاڑنے والا قرار دیا گیا ہے، لیکن عموماً عیسائی علماء اسے جعلی انجیل قرار دیتے ہیں۔ اس مضمون میں مضبوط دلائل کیساتھ ثابت کیا گیا ہے کہ عیسائیوں کے اصول تنقید کے مطابق یہ انجیل اتنی ہی مستند ہے جتنی اناجیلِ اربعہ۔ یہ بحث بھی بڑی دلچسپ اور مفید ہے،

مجھے اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ انشاء اللہ یہ کتاب عیسائی مذہب کے بارے میں ایک طالب حق کو صحیح راستہ دکھانے کے لئے بالکل کافی ہوگی۔ اور مسلمانوں کے لئے ایمان ویقین میں ترقی کا سبب بنے گی اللہ تعالیٰ اس کوشش کو مقبول اور مفید بنائے اور اس سے اپنے بندوں کو نفع پہنچائے آمین،

بندہ محمد شفیع ۲۲، ربیع الاول ۱۳۹۲ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ آغاز

الحمد للہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

پانچ سال پہلے احقر نے حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانویؒ کی کتاب "اظہار الحق" پر جس کا اردو ترجمہ احقر کی تشریح و تحقیق کے ساتھ "بائبل سے قرآن تک" کے نام سے شائع ہو چکا ہے، ایک مبسوط مقدمہ لکھا تھا، اور اس میں عیسائی مذہب سے متعلق اپنے چار سالہ مطالعہ کا حاصل پیش کرنے کی کوشش کی تھی۔ یہ مقدمہ "بائبل سے قرآن تک" کی پہلی جلد کے شروع میں شائع ہو گیا ہے،

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میری اس ناچیز کاوش کو تمام علمی حلقوں نے میری توقع سے زیادہ سراہا۔ اخبارات و رسائل میں اس پر حوصلہ افزا تبصرے شائع ہوئے اور برِ صغیر کے اکابر علماء نے اپنی پسندیدگی کا اظہار فرما کر ناچیز کی غیر معمولی ہمت افزائی کی۔ بہت سے بزرگوں اور احباب کا خیال تھا کہ اگر اس مقالہ کو الگ کتابی صورت میں شائع کر دیا جائے تو یہ زیادہ مفید ہو گا۔

واقعہ بھی یہ ہے کہ ہر شخص "بائبل سے قرآن تک" جیسی ضخیم کتاب سے جو تین جلدوں میں مکمل ہوئی ہے۔ استفادہ نہیں کر سکتا، اسلئے برادرِ محترم جناب محمد رضی عثمانی صاحب نے "دار الاشاعت" سے احقر کے اس مقالہ کو الگ کتابی صورت میں شائع کرنے کا ارادہ فرمایا، اس موقعہ پر احقر نے سرسری طور سے مقالہ پر نظر ثانی بھی کی ہے، اور بعض نہایت معمولی ترمیمات بھی۔ اس کے ساتھ ہی "انجیل برناباس" کے بارے میں احقر کا ایک مفصل مضمون بھی جو "بائبل سے قرآن تک" کی جلد سوم میں ایک حاشیہ کے طور پر شائع ہو چکا ہے، اس مقالہ کے آخر میں شامل کر دیا گیا ہے۔

Marfat.com

کیونکہ زیرِ نظر مقالہ کے دوسرے باب میں بعض بحثیں ایسی ہیں جو اس مضمون کی روشنی میں زیادہ واضح ہو سکیں گی۔

اس معمولی ترمیم و اضافہ کے بعد یہ کتاب آپ کے سامنے ہے، اللہ تعالیٰ اس حقیر کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس کو مولف و ناشر دونوں کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے آمین۔

حوالوں سے متعلق تین باتیں ذہن نشین فرمالیں۔

(۱) اس کتاب میں ہر جگہ اردو بائبل کا وہ نظرثانی شدہ ایڈیشن استعمال کیا گیا ہے جو حوالہ جات کے ساتھ ۱۹۵۹ء میں لوایڈ برا انڈرون پرنٹرز کے زیرِ اہتمام لندن میں چھپا اور پاکستان بائبل سوسائٹی لاہور سے شائع ہوا۔

(۲) بائبل کی تمام عبارتوں کے حوالے اس طرح دیئے گئے ہیں کہ پہلے باب کا نمبر درج ہے، پھر آیت کا۔ مثلاً متی ۷: ۱۲ کا مطلب ہے انجیل متی کے ساتویں باب کی بارھویں آیت۔

(۳) انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے حوالے آپ کو جا بجا ملیں گے، پوری کتاب میں میرے پیشِ نظر اس کا ۱۹۵۰ء کا ایڈیشن رہا ہے،

آخر میں درخواست ہے کہ جن حضرات کو اس کتاب سے کوئی فائدہ پہنچے وہ ازراہِ کرم ناچیز کو دعائے خیر میں یاد رکھیں۔ وما توفیقی الا باللہ!

محمد تقی عثمانی
۲۲ ربیع الاول ۱۳۹۲ھ
دارالعلوم۔ کورنگی
کراچی ۱۴

Marfat.com

# عیسائیت کیا ہے؟

اس کتاب میں ہم اختصار کے ساتھ عیسائی مذہب کے بنیادی نظریات اور اس کی تاریخ بلا تبصرہ پیش کریں گے۔ ہمارے نزدیک کسی مذہب کو سمجھنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اسے براہِ راست اہل مذہب سے سمجھا جائے، اس لئے ہم کوشش کریں گے کہ کوئی بات خود عیسائی علماء کے حوالے کے بغیر عیسائیت کی طرف منسوب نہ کریں۔ اور چونکہ اس کتاب کا مقصد صرف عیسائی مذہب کو سمجھانا ہے۔ اسلئے اس میں اس کے کسی نظریئے پر مفصل تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ اظہار الحق[1] میں ان میں سے تقریباً ہر نظریئے پر مفصل تنقید موجود ہے۔ البتہ جہاں کہیں کوئی ایسی بات آئے گی جس پر اظہار الحق میں کوئی تبصرہ نہیں ہے، اس پر حاشیے میں اختصار کے ساتھ تنقید کر دی جائے گی،

## عیسائیت کی تعریف

انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں عیسائیت کی تعریف یہ کی گئی ہے:۔

"وہ مذہب جو اپنی اصلیت کو ناصرہ کے باشندے یسوع کی طرف منسوب کرتا ہے، اور اُسے خدا کا منتخب (مسیح) مانتا ہے۔" (برٹانیکا مقالہ "عیسائیت" ص ۶۹۳ ج ۵)

عیسائیت کی یہ تعریف بہت مجمل ہے، الفریڈ، ای، گاروے نے اسی تعریف کو مزید پھیلا کر ذرا واضح کر دیا ہے۔ انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس کے مقالے "عیسائیت" میں وہ لکھتا ہے۔

---

[1] تردید عیسائیت میں مصنف کی بے نظیر کتاب تین جلدوں میں شائع ہو چکی ہیں۔

Marfat.com

"عیسائیت کی تعریف اس طرح کی جا سکتی ہے کہ یہ وہ اخلاقی، تاریخی، کائناتی موحدانہ اور کفارے پر ایمان رکھنے والا مذہب ہے جس میں خدا اور انسان کے تعلق کو خداوند یسوع مسیح کی شخصیت اور کردار کے ذریعہ پختہ کر دیا گیا ہے۔"

اس تعریف کو بیان کر کے مسٹر گاروے نے اس کے ایک ایک جزء کی توضیح کی ہے،

"اخلاقی مذہب"، سے اس کے نزدیک وہ مذہب مراد ہے جسمیں عبادتوں اور قربانیوں کے ذریعے کوئی دنیوی مقصد حاصل کرنے کی تعلیم نہ دی گئی ہو، بلکہ اس کا تمام تر مقصد روحانی کمال کا حصول اور خدا کی رضا جوئی ہو،

"تاریخی مذہب" کا مطلب وہ یہ بیان کرتا ہے کہ اس مذہب کا محورِ فکر و عمل ایک تاریخی شخصیت ہے، ——— یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام! انہی کے قول و عمل کو اس مذہب میں آخری انھارٹی حاصل ہے۔

"کائناتی" ہونے کا اس کے نزدیک یہ مطلب ہے کہ یہ مذہب کسی خاص رنگ و نسل کے لئے نہیں ہے۔ بلکہ اس کی دعوت عالمگیر ہے۔

عیسائی مذہب کو موحّد (Monotheist) وہ اس لئے قرار دیتا ہے کہ اس مذہب میں تین اقانیم تسلیم کئے جانے کے باوجود خدا کو ایک کہا گیا ہے۔ وہ لکھتا ہے:

> "اگرچہ عام طور سے عیسائیت کے عقیدۂ تثلیث ——— یا زیادہ صحیح لفظوں میں توحید فی التثلیث ——— کے بارے میں یہ سمجھا اور کہا جاتا ہے کہ وہ خطرناک حد تک تین خداؤں کے عقیدے کے قریب آگیا ہے، لیکن عیسائیت اپنی روح کے اعتبار سے موحّد ہے، اور خدا کو ایک کلیسائی عقیدت کے طور پر ایک سمجھتی ہے۔"

مندرجۂ بالا تعریف میں عیسائیت کی آخری خصوصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ "کفارے" پر ایمان رکھتا ہے، اس جزء کی تشریح کرتے ہوئے گاروے

Marfat.com

لکھتا ہے۔

"خدا اور بندے کے درمیان جو تعلق ہونا چاہیئے۔ اس کے بارے میں عیسائیت کا خیال یہ ہے کہ وہ گناہ کے ذریعے خلل پذیر ہو گیا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اُسے پھر سے قائم کیا جائے، اور یہ کام صرف مسیح کو بیچ میں ڈالنے سے ہوتا ہے"[1]

یہ بھی عیسائی مذہب کی ایک اجمالی تعریف، لیکن درحقیقت مذہب کا صحیح تعارف اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کے تمام بنیادی عقائد کو اچھی طرح نہ سمجھ لیا جائے، اس لئے اب ہم ایک ایک کر کے ان عقائد کی تشریح پیش کرتے ہیں۔

## عیسائی مذہب میں خدا کا تصوّر

جہاں تک خدا کے وجود کا تعلق ہے، عیسائی مذہب اس معاملے میں دوسرے مذاہب سے مختلف نہیں ہے، وہ بھی خدا کو تقریباً انہی صفات کے ساتھ تسلیم کرتا ہے، جو دوسرے مذاہب میں اس کے لئے بیان کی جاتی ہیں، مارس ریلٹن لکھتا ہے۔

"عیسائیت کا خدا کے بارے میں یہ تصور ہے کہ وہ ایک زندۂ جاوید وجود ہے، جو تمام امکانی صفاتِ کمال کے ساتھ متصف ہے، اُسے محسوس تو کیا جا سکتا ہے۔ لیکن پوری طرح سمجھا نہیں جا سکتا۔ اس لئے اس کی حقیقت کا ٹھیک ٹھیک تجزیہ ہمارے ذہن کی قوت سے ماورا ہے، وہ فی نفسہٖ کیا ہے؟ ہمیں معلوم نہیں، صرف اتنی باتیں ہمیں معلوم ہو سکی ہیں جو خود اس نے بنی نوعِ انسان کو وحی کے ذریعے بتلائیں"[2]

---

[1] انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس، ص ۵۸۱ ج ۳، مقالہ " Christianity "

[2] H. Maurice. Relton: *Studies in Christian Doctrine, Macmillan, London 1960 P. 3*

Marfat.com

**عقیدۂ تثلیث** یہاں تک تو بات واضح اور صاف ہے، لیکن آگے چل کر اس مذہب نے خدا کے تصوّر کی جو تفصیلات بیان کی ہیں وہ بڑی اُلجھی ہوئی ہیں، اور ان کا سمجھنا آسان نہیں ہے، یہ بات تو ہر کس و ناکس کو معلوم ہے کہ عیسائی مذہب میں خدا تین اقانیم ( Persons ) سے مرکب ہے: باپ، بیٹا اور روح القدس، اسی عقیدے کو عقیدۂ تثلیث ( Trinitarian Doctrine ) کہا جاتا ہے، لیکن بجائے خود اس عقیدے کی تشریح و تعبیر میں عیسائی علماء کے بیانات اس قدر مختلف اور متضاد ہیں کہ یقینی طور سے کوئی ایک بات کہنا بہت مشکل ہے، وہ تین اقانیم کون ہیں؟ جن کا مجموعہ اُن کے نزدیک خدا ہے؟ خود ان کی تعیین میں بھی اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ "خدا"، باپ بیٹے اور روح القدس کے مجموعے کا نام ہے[1]۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ باپ، بیٹا اور کنواری مریم، "وہ تین اقنوم ہیں جن کا مجموعہ خدا ہے[2]" پھر ان تین اقانیم میں سے ہر ایک کی انفرادی حیثیت کیا ہے؟ اور خدائے مجموع سے جسے ثالوث ( Trinity ) کہتے ہیں، اس کا کیا رشتہ ہے؟ اس سوال کے جواب میں بھی ایک زبردست اختلاف پھیلا ہوا ہے، ایک گروہ کا کہنا ہے کہ ان تین میں سے ہر ایک بذات خود بھی ویسا ہی خدا ہے جیسا مجموعۂ خدا[3]، ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ ان تینوں میں سے ہر ایک الگ الگ خدا تو ہیں، مگر مجموعۂ خدا سے کمتر ہیں، اور ان پر لفظ "خدا" کا اطلاق ذرا وسیع معنی میں کر دیا گیا ہے[4]۔ تیسرا

---

[1] عام عیسائیوں کا یہی مسلک ہے (دیکھئے برٹانیکا ص ۴۷۹ ج ۲۲ مقالہ " Trinity ")

[2] عرب میں عیسائیوں کا ایک فرقہ "ایریمذنیس" اس کا قائل تھا، اب یہ فرقہ ناپید ہو چکا ہے (دیکھئے نوید جاوید، ص ۳۵۶ بحوالہ پادری سیل صاحب)،

[3] Hibbert journal XXIV No. 1. as quoted by the *Encylopaedia Britannica* 1950 *P. 479 V.* 22 "Trinity".

[4] St. Thoms Aquinas. *Basic Writings of:* P. 327 V.I

Marfat.com

گروہ کہتا ہے کہ وہ یہ تین خدا ہی نہیں خدا تو صرف ان کا مجموعہ ہے[1]

## توحید فی التثلیث

غرض اس قسم کے بے شمار اختلافات ہیں جن کی وجہ سے تثلیث کا عقیدہ ایک "خواب پریشان" بن کر رہ گیا ہے، ہم اس جگہ اس عقیدے کی وہ تشریح پیش کرتے ہیں جو عیسائیوں کے یہاں سب سے زیادہ مقبولِ عام معلوم ہوتی ہے، یہ تعبیر انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے الفاظ میں مندرجہ ذیل ہے۔

"تثلیث کے عیسائی نظریئے کو ان الفاظ میں اچھی طرح تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ باپ خدا ہے بیٹا خدا ہے اور روح القدس خدا ہے۔ لیکن یہ مل کر تین خدا نہیں ہیں، بلکہ ایک ہی خدا ہیں، اس لئے کہ عیسائی نظریئے کے مطابق ہم جس طرح ان تینوں میں سے ہر ایک اقنوم کو خدا اور آقا سمجھنے پر مجبور ہیں اسی طرح ہمیں کیتھولک مذہب نے اس بات کی بھی ممانعت کر دی ہے کہ ہم ان کو تین خدا یا تین آقا سمجھنے لگیں"

اسی بات کو قدرے تفصیل سے بیان کرتے ہوئے تیسری صدی عیسوی کے مشہور عیسائی عالم اور فلسفی سینٹ آگسٹائن ( St. Augstine ) اپنی مشہور کتاب ( On the Trinity ) میں لکھتے ہیں۔

"عہد قدیم اور عہد جدید کے وہ تمام کیتھولک علماء جنہیں پڑھنے کا مجھے اتفاق ہوا ہے اور جنہوں نے مجھ سے پہلے تثلیث کے موضوع پر لکھا ہے وہ سب مقدس صحیفوں کی روشنی میں اس نظریئے کی تعلیم دینا چاہتے ہیں کہ باپ، بیٹا اور روح القدس مل کر ایک "خدائی وحدت" تیار کرتے ہیں، جو اپنی ماہیت اور حقیقت کے اعتبار سے ایک اور ناقابلِ تقسیم ہے۔ اسی وجہ سے وہ تین خدا نہیں ہیں، بلکہ ایک خدا ہے، اگرچہ باپ نے بیٹے کو پیدا کیا، لہٰذا جو باپ ہے وہ بیٹا نہیں ہے، اسی طرح بیٹا باپ سے پیدا ہوا ہے۔ اس لئے جو بیٹا ہے وہ

---

[1] یہ فرقہ مرقولیہ کا مذہب ہے (الخطط المقریزیہ ص ۴۰۸ ج ۳، لبنان، ۱۹۵۹ء)

Marfat.com

باپ نہیں ہے، اور روح القدس بھی نہ باپ ہے نہ بیٹا۔ بلکہ باپ اور بیٹے کی رُوح ہے، جو دونوں کے ساتھ مساوی اور تثلیثی وحدت میں ان کی حصہ دار ہے ؛

لیکن یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ تثلیثی وحدت، ہی کنواری مریم کے پیٹ سے پیدا ہوئی، اپنے پنطیس پیلاطس نے پھانسی دی، اسے دفن کیا گیا، اور پھر یہ تیسرے دن زندہ ہو کر جنت میں چلی گئی۔ کیونکہ یہ واقعات تثلیثی وحدت کے ساتھ نہیں، صرف بیٹے کے ساتھ پیش آئے تھے، اسی طرح یہ بھی نہ سمجھنا چاہیئے کہ یہی تثلیثی وحدت یسوع مسیح پر کبوتر کی شکل میں اس وقت نازل ہوئی تھی جب اسے بپتسمہ دیا جا رہا تھا[1] .....

بلکہ یہ واقعہ صرف روح القدس کا تھا، علیٰ ہذا القیاس یہ سمجھنا بھی درست نہیں کہ جب یسوع مسیح کو بپتسمہ دیا جا رہا تھا، یا جب وہ اپنے تین شاگردوں کے ساتھ پہاڑ پر کھڑا تھا، اس وقت تثلیثی وحدت نے اس سے پکار کر کہا تھا کہ "تو میرا بیٹا ہے[2]"

..... بلکہ یہ الفاظ صرف باپ کے تھے جو بیٹے کے لئے بولے گئے تھے، اگرچہ جس طرح باپ، بیٹا اور روح القدس ناقابلِ تقسیم ہیں، اسی طرح ناقابلِ تقسیم طریقے پر وہ کام بھی کرتے ہیں، یہی میرا عقیدہ ہے، اس لئے کہ یہ کیتھولک عقیدہ ہے[3]"

تین کو ایک، اور ایک کو تین قرار دینے کی عیسائیوں کے پاس کیا وجہ جواز ہے؟ اس سوال کا جواب سننے سے قبل یہ سمجھ لیجئے کہ عیسائی مذہب میں باپ، بیٹے

---

[1] اشارہ ہے متی ۳: ۱۶ کے واقعہ کی طرف،
[2] اشارہ ہے متی ۱۷: ۵ یعنی تجلّی کے واقعہ کی طرف،
[3] Basic Writings of St. Augustine. *trans. by* A. W. Haddan *and edited by* Whitney J. Oats. *New York 1948* *P. 672* V. 2.

Marfat.com

اور روح القدس سے کیا مراد ہے؟

**باپ** عیسائیوں کے نزدیک "باپ سے مراد خدا کی تنہا ذات ہے، جس میں اس کی صفتِ کلام اور صفتِ حیات سے قطع نظر کرلی گئی ہے، یہ ذات بیٹے کے وجود کے لئے اصل (Principle) کا درجہ رکھتی ہے، مشہور عیسائی فلاسفر سینٹ تھامس ایکوینیاس کی تشریح کے مطابق "باپ" کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس نے کسی کو جنا ہے، اور کوئی ایسا وقت گذرا ہے جس میں باپ تھا، اور بیٹا نہیں تھا۔ بلکہ یہ ایک خدائی اصطلاح ہے، جس کا مقصد صرف یہ ہے کہ باپ بیٹے کے لئے اصل ہے، جس طرح ذات صفت کے لئے اصل ہوتی ہے، ورنہ جب سے باپ موجود ہے اسی وقت سے بیٹا بھی موجود ہے، اور ان میں سے کسی کو کسی پر کوئی زمانی اولیت حاصل نہیں ہے [1]،

خدا کی ذات کو باپ کیوں کہا جاتا ہے؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے الفرڈ ای گاروے نے لکھا ہے کہ:

> "اس سے کئی حقائق کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے، ایک تو اس بات کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ تمام مخلوقات اپنے وجود میں خدا کی محتاج ہیں، جس طرح بیٹا باپ کا محتاج ہوتا ہے، دوسری طرف یہ بھی ظاہر کرنا ہے کہ خدا اپنے بندوں پر اس طرح شفیق اور مہربان ہے جس طرح باپ اپنے بیٹے پر مہربان ہوتا ہے" (انسائیکلو پیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس ص ۵۸۵ ج ۳)

**بیٹا** "بیٹے" سے مراد عیسائیوں کے نزدیک خدا کی صفتِ کلام (Word of God) ہے لیکن یہ انسانوں کی صفتِ کلام کی طرح نہیں ہے، انسانوں کی صفتِ کلام اور خدا کی صفتِ کلام کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے ایکوینیاس لکھتا ہے:

---

[1] Basic Writings of St. Thomas Aquinas, edited by A.C. Pegis PP 324. 26 V. I. New York 1945

Marfat.com

"انسانی فطرت میں صفتِ کلام کوئی جوہری وجود نہیں رکھتی، اسی وجہ سے اس کو انسان کا بیٹا یا مولود نہیں کہہ سکتے، لیکن خدا کی صفتِ کلام ایک جوہر ہے جو خدا کی ماہیت میں اپنا ایک وجود رکھتا ہے، اسی لئے اس کو حقیقتہً، نہ مجازاً بیٹا کہا جاتا ہے، اور اس کی اصل کا نام باپ ہے [۱]"

عیسائی عقیدے کے مطابق خدا کو جس قدر معلومات حاصل ہوتی ہیں، وہ اسی صفت کے ذریعہ ہوتی ہیں اور اسی صفت کے ذریعہ تمام اشیاء پیدا ہوئی ہیں، یہ صفت باپ کی طرح قدیم اور جاودانی ہے [۲] خدا کی یہی صفت "یسوع مسیح بن مریم" کی انسانی شخصیت میں حلول کر گئی تھی، جس کی وجہ سے "یسوع مسیح" کو خدا کا بیٹا کہا جاتا ہے، حلول کا یہ عقیدہ ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے اس لئے اُسے انشاءاللہ ہم آگے تفصیل سے ذکر کریں گے،

## رُوح القدس

"رُوح القدس" ( Holy Spirit ) سے مراد باپ اور بیٹے کی صفتِ حیات اور صفتِ محبت ہے، یعنی اس صفت کے ذریعہ خدا کی ذات ( باپ ) اپنی صفتِ علم ( بیٹے ) سے محبت کرتی ہے، اور بیٹا باپ سے محبت کرتا ہے، یہ صفت بھی صفتِ کلام کی طرح ایک جوہری وجود رکھتی ہے، اور باپ بیٹے کی طرح قدیم اور جاودانی ہے اسی وجہ سے اُسے ایک مستقل اقنوم ( Person ) کی حیثیت حاصل ہے [۳] عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ جب حضرت مسیح علیہ السلام کو بپتسمہ دیا جارہا تھا تو یہی صفت ایک کبوتر کے جسم میں حلول کر کے حضرت مسیح علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی، ( دیکھئے متی ۱۶:۲ ) ، اور آگسٹائن کا وہ اقتباس جو عقیدہ

---

[۱] Aquinas, *The Smmma Theologica* Q. 33 Art 206,3.

[۲] Augustine, *The City of God*, Book XI ch XXIV

[۳] *The City of God* P. 168 V.2.

Marfat.com

تثلیث کی تشریح میں گذر چکا ہے ) اور اس کے بعد جب حضرت مسیح علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا لیا گیا تھا تو عید پینٹی کوسٹ کے دن یہی روح القدس آتشیں زبانوں کی شکل میں حضرت مسیحؑ کے حواریوں پر نازل ہوئی تھی، ( دیکھیے کتاب اعمال ۲: ۱ تا ۲۲ اور آگسٹائن، ص ۲۷۶ ج ۲ )

اب عقیدہ "توحید فی التثلیث" ( Tri-unity ) کا خلاصہ یہ نکلا کہ خدا تین اقانیم یا شخصیتوں پر مشتمل ہے، خدا کی ذات، جسے باپ کہتے ہیں، خدا کی صفتِ کلام، جسے بیٹا کہتے ہیں، اور خدا کی صفتِ حیات و محبت جسے روح القدس کہا جاتا ہے، ان تین میں سے ہر ایک خدا ہے۔ لیکن یہ تینوں مل کر تین خدا نہیں ہیں، بلکہ ایک ہی خدا ہیں۔

## تین اور ایک کا اتحاد

یہیں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب باپ، بیٹا اور روح القدس میں سے ہر ایک کو خدا مان لیا گیا تو خدا ایک کہاں رہا؟ وہ تو لازماً تین ہو گئے،

یہی وہ سوال ہے جو عیسائیت کی ابتداء سے لے کر اب تک ایک معمّا بنا رہا ہے، عیسائیوں کے بڑے بڑے مفکرین نے نئے نئے انداز سے اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کی، اور اسی بنیاد پر بے شمار فرقے نمودار ہوئے، سالہا سال تک بحثیں چلیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ اس سوال کا کوئی معقول جواب سامنے نہیں آسکا، خاص طور سے دوسری صدی عیسوی کے اختتام اور تیسری صدی کی ابتداء میں اس مسئلے کے جو حل مختلف فرقوں نے پیش کئے ہیں، ان کا دلچسپ حال پروفیسر مارس ریلٹن نے اپنی فاضلانہ کتاب Studies in Christian Doctrine میں بیان کیا ہے۔

جب اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے ابیونی فرقہ ( Ebionites ) کھڑا ہوا تو اس نے پہلے ہی قدم پر ہتھیار ڈال دیئے، اور کہا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا مان کر ہم عقیدۂ توحید کو سلامت نہیں رکھ سکتے، اس لئے یہ کہنا پڑے گا

Marfat.com

کہ وہ پورے طور پر خدا نہیں تھے، انہیں خدا کی شبیہ کہہ لیجئے، خدا کے اخلاق کا عکس قرار دے دیجئے، لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اپنی حقیقت و ماہیت کے لحاظ سے ایسے ہی خدا تھے جیسے "باپ"!

اس فرقے نے عیسائی عقیدے کی اصل بنیاد پر ضرب لگا کر اس مسئلے کو حل کیا تھا، اس لئے کلیسا نے اس کی کھل کر مخالفت کی، اس عقیدے کے لوگوں کو بدعتی اور ملحد ( ) قرار دیا، اور اس طرح مسئلے کا یہ حل قابلِ قبول نہ ہوا،

ابیونی فرقے ہی کے بعض لوگ کھڑے ہوئے، اور انہوں نے کہا کہ مسیح علیہ السلام کی خدائی سے اس طرح کھل کر انکار نہ کیجئے، مانئے کہ وہ خدا تھے، لیکن "شرک" کے الزام سے بچنے کے لئے یہ کہہ دیجئے کہ وہ بالذات خدا صرف "باپ" ہے، لیکن تثلیث کا عقیدہ بھی صحیح ہے، اس لئے کہ "باپ" نے خدائی کی یہ صفت "بیٹے" اور "روح القدس" کو بھی عطا کر دی تھی،

لیکن یہ نظریہ بھی کلیسا کے عام نظریات کے خلاف تھا، اس لئے کہ کلیسا "بیٹے" کو بالکل "باپ" کی طرح بالذات خدا مانتا ہے، اس لئے یہ فرقہ بھی ملحد قرار پایا، اور بات پھر وہیں رہی۔

ایک تیسرا فرقہ پیٹری پیشین ( Patripassian ) اُٹھا، نائیٹس ( ) پریگزئیس ( Praxeas ) کالسٹس ( Calistus ) اور زیفائرنیوس ( Zephyrinus ) اس فرقے کے مشہور لیڈر تھے، انہوں نے اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے ایک نیا فلسفہ پیش کیا، اور کہا کہ درحقیقت باپ اور بیٹا کوئی الگ الگ شخصیتیں نہیں ہیں، بلکہ ایک ہی شخصیت کے مختلف رُوپ ہیں، جن کے لئے الگ الگ نام رکھ دیئے گئے ہیں، خدا درحقیقت باپ ہے، وہ اپنی ذات کے اعتبار سے قدیم ہے، غیر فانی ہے، انسان کی نظریں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں، اور نہ انسانی عوارض اسے لاحق ہو سکتے ہیں، لیکن

Marfat.com

چونکہ وہ خدا ہے، اور خدا کی مرضی پر کوئی قدغن نہیں لگائی جاسکتی، اس لئے اگر کسی وقت اس کی مرضی ہو جائے تو وہی خدا اپنے اوپر انسانی عوارض بھی طاری کر سکتا ہے، وہ اگر چاہے، تو انسان کے رُوپ میں لوگوں کو نظر آسکتا ہے، یہاں تک کہ کسی وقت چاہے تو لوگوں کے سامنے مر بھی سکتا ہے چنانچہ ایک مرتبہ خدا کی مرضی یہ ہوئی کہ وہ انسانی رُوپ میں ظاہر ہو، اس لئے وہ یسوع مسیح کا رُوپ دھار کر دنیا میں آگیا، لوگوں کو نظر آیا، یہودیوں نے اُسے تکلیفیں پہنچائیں یہاں تک کہ ایک دن اُسے سُولی پر چڑھا دیا ـــــ لہٰذا درحقیقت "یسوع مسیح" یا "بیٹا" کوئی الگ اقنوم یا شخصیت (Person) نہیں ہے، بلکہ وہی باپ ہے جس نے روپ بدل کر اپنا نام "بیٹا" رکھ لیا ہے[۱]،

لیکن ظاہر ہے کہ اس فلسفے نے اگر "ایک اور تین کے اتحاد" کے مسئلے کو کسی درجے میں حل کیا تو دوسری طرف کئی ناقابلِ حل مسئلے کھڑے کر دیئے، دوسرے اس فرقے نے بھی کلیسا کے نظریئے کی کوئی مدد نہ کی جو "باپ" اور "بیٹے" کو الگ الگ شخصیتیں قرار دیتا ہے، اس لئے یہ فرقہ بھی بدعتی قرار پایا، اور مسئلہ پھر جُوں کا توں رہا۔

بدعتی فرقوں کی طرف سے اس مسئلے کے حل کے لئے اور بھی بعض کوششیں کی گئیں، لیکن وہ سب اس لئے ناقابلِ قبول تھیں کہ ان میں کلیسا کے مسلّمہ نظریئے کو کسی نہ کسی طرح توڑا گیا تھا،

سوال یہ ہے کہ خود رومن کیتھولک چرچ کے ذمہ داروں نے اس مسئلے کو کس طرح حل کیا؟ جہاں تک ہم نے مطالعہ کیا ہے، رومن کیتھولک علماء میں

---

[۱] یہاں ہم نے ان فرقوں کے عقائد کا لب لباب اور خلاصہ پیش کیا ہے تفصیل کیلئے دیکھئے مارس ریلٹن کی کتاب

Studie in Christian Doctorine PP. 61,74

سے بیشتر تو وہ ہیں جنہوں نے اس گتھی کو حل کرنے سے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ "تین کا ایک اور ایک کا تین" ہونا ایک سربستہ راز ہے جسے سمجھنے کی ہم میں طاقت نہیں ہے [1]، اور کچھ علماء وہ ہیں جنہوں نے اس عقیدے کی کوئی عقلی تاویل

[1] اسی بات کو بعض ہندوستانی پادریوں نے اس طرح تعبیر کیا ہے کہ عقیدۂ تثلیث متشابہات میں سے ہے، اور جس طرح قرآن کریم کے حروف مقطعات اور اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى جیسی آیات کا مفہوم سمجھ میں نہیں آسکا، اسی طرح عقیدۂ تثلیث بھی ہماری سمجھ سے باہر ہے۔

## متشابہات کی حقیقت

ہمارے ہندوستانی پادری صاحبان عام طور سے مسلمانوں کو یہ مغالطہ دیا کرتے ہیں، اس لئے اس کا جواب تفصیل سے سمجھ لیجئے۔ اس سلسلے میں پہلی بات تو یہ ہے کہ متشابہ آیتوں میں جو مفہوم پنہاں ہوتا ہے، اور جسے سمجھنے سے ہم قاصر رہتے ہیں وہ کبھی دین کے ان بنیادی عقائد پر مشتمل نہیں ہوتا جن پر ایمان لانا نجات کی اولین شرط ہو، اللہ نے جن عقائد پر ایمان رکھنے کا ہم کو پابند کیا ہے وہ کھول کھول کر بیان کر دیئے ہیں، اور ان میں سے ہر ایک عقیدہ ایسا ہے جسے عقل کی کوئی دلیل چیلنج نہیں کر سکتی۔ "متشابہات" وہ چیزیں ہوتی ہیں جن کا سمجھ میں نہ آنا انسان کی نجات کے لئے چنداں مضر نہ ہو، اور جس کے جاننے پر کوئی بنیادی عقیدہ یا عملی حکم موقوف نہ ہو، اس کے برخلاف عیسائی مذہب میں عقیدۂ تثلیث پہلا وہ عقیدہ ہے جس پر ایمان لائے بغیر انسان نجات نہیں پا سکتا، اگر اسی عقیدۂ تثلیث کو متشابہات میں سے مان لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ نے ایک ایسی بات کے سمجھنے اور ماننے کا ہمیں مکلّف کیا ہے جو ہماری عقل سے باہر ہے، بالفاظِ دیگر عیسائی عقیدے کے مطابق انسان کی نجات اور ایمان ایک ایسی چیز پر موقوف ہے جس کے سمجھنے سے وہ معذور ہے، بخلاف قرآنی متشابہات کے کہ اسلام اور ایمان ان کے سمجھنے اور جاننے پر موقوف نہیں، اگر کوئی شخص ساری عمر متشابہات سے بالکل بے خبر رہے تو اس کے ایمان میں فرق نہیں آتا۔

دوسرے عقیدۂ تثلیث کو متشابہ قرار دینا یا تو متشابہات کی حقیقت سے ناواقفیت (باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

پیش کرنے کی کوشش کی ہے ــــــ جہاں تک اِن ہندوستانی پادری کی دلیل ہے یا خود عیسائی مذہب سے، اس لئے کہ "متشابہات" سے مراد وہ باتیں ہوتی ہیں جن کا مطلب انسانی سمجھ میں نہ آسکے وہ باتیں نہیں ہوتیں جو عقل کے خلاف ہوں، گویا متشابہات عقل سے ماوراء تو ہوتے ہیں لیکن عقل کے خلاف نہیں ہوتے، اسلام میں متشابہات کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن کا سرے سے کوئی مطلب ہی سمجھ میں نہیں آتا۔ مثلاً حروف مقطعات کہ الٓمّٓ وغیرہ حروف کا کوئی مفہوم ہی یقینی طور سے آج تک بیان نہیں کرسکا، دوسری قسم وہ ہے کہ الفاظ سے ایک ظاہری مفہوم سمجھ میں آتا ہے، مگر وہ مفہوم عقل کے خلاف ہوتا ہے، اس لئے یہ کہا جاتا ہے کہ یہاں ظاہری مفہوم تو یقیناً مراد نہیں ہے، اور اصل مفہوم کیا ہے؟ وہ ہمیں معلوم نہیں، مثلاً قرآن کریم میں ہے:-

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى "رحمان عرش پر سیدھا ہوگیا"

ان الفاظ کا ایک ظاہری مفہوم نظر آتا ہے، اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ عرش پر سیدھا ہوگیا ہے، لیکن یہ مفہوم عقل کے خلاف ہے، اس لئے کہ اللہ کی ذات غیر متناہی ہے، وہ کسی مکان کی قید میں مقید نہیں ہوسکتی، اس لئے جمہور اہلِ اسلام یہ کہتے ہیں کہ اس آیت کا ظاہری مفہوم مراد نہیں ہے، "عرش پر سیدھا ہونے سے" کچھ اور مراد ہے، جو ہمیں یقینی طور سے معلوم نہیں،

ظاہر ہے کہ عقیدۂ "توحید فی التثلیث" متشابہات کی ان قسموں میں سے پہلی قسم میں تو داخل نہیں ہوسکتا، اس لئے کہ اس عقیدے میں جو لفظ استعمال کئے جاتے ہیں اُن کا ظاہری مفہوم سمجھ میں آتا ہے، اسی کے ساتھ یہ عقیدہ دوسری قسم میں بھی داخل نہیں ہوسکتا اس لئے کہ اگر عیسائی حضرات یوں کہتے کہ اس عقیدے کا ظاہری مفہوم عقل کے خلاف ہے اس لئے ظاہری مفہوم مراد نہیں ہے، بلکہ کچھ اور مراد ہے، جو ہمیں معلوم نہیں، تب تو بات بن سکتی تھی، لیکن عیسائی مذہب تو یہ کہتا ہے کہ اس عقیدے کا ظاہری مفہوم ہی مراد ہے، ہر عیسائی کو یہ ماننا پڑے گا کہ خدا تین اقنوم ہیں، اور یہ تینوں ایک ہیں۔ گویا وہ خلاف عقل بات

باقی حاشیہ آئندہ صفحہ پر

Marfat.com

صاحبان کا تعلق ہے جو پچھلی ایک صدی کے دوران برصغیر میں عیسائیت کی تبلیغ کرتے رہے ہیں اُن کے دلائل پر غور و فکر کرنے کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرات عیسائیت کے اصل مراکز سے دوری کے سبب عیسائی مذہب کی تفصیلات کو پوری طرح نہیں سمجھ سکے، ہم یہاں صرف ایک مثال پیش کرتے ہیں، جس سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ ان حضرات نے عیسائیت کو کس حد تک سمجھا ہے؟ پادری قائم الدین صاحب نے "عقیدۂ تثلیث" کی تشریح کے لئے ایک چھوٹا سا رسالہ "تکشیف التثلیث" کے نام سے لکھا ہے جو ۱۹۷۲ء میں لاہور سے شائع ہوا تھا، اس میں توحید فی التثلیث کے عقیدے کی ایک مثال دیتے ہوئے وہ لکھتے ہیں۔

ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ ﷺ

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

کو عقیدہ نہیں بناتے، بلکہ یہ کہتے ہیں کہ اس کی صحیح مراد ہمیں معلوم نہیں ہے۔

دوسرے الفاظ میں مسلمان قرآن کریم کی جن آیتوں کو "متشابہ" قرار دیتے ہیں ان کے بارے میں ان کا عقیدہ یہ ہے کہ ان آیتوں میں حقیقتہً جو دعویٰ کیا گیا ہے وہی ہم نہیں سمجھ سکے، لیکن جو دعویٰ بھی ہے وہ عقل کے مطابق اور دلیل کے موافق ہے۔ اس کے برخلاف عقیدۂ تثلیث کے بارے میں عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ اس میں جو دعویٰ کیا گیا ہے وہ تو معلوم اور متعین ہے، لیکن اس کی دلیل ہماری سمجھ میں نہیں آتی، اس لئے عقیدۂ تثلیث کو "متشابہات" سے کوئی مناسبت نہیں ہے، ۱۲ تقی۔

59891

Marfat.com

"اگر انسان کی جسمانی ترکیب پر غور کیا جائے تو بھی اپنی جنس یعنی مادی اجزاء سے مرکب الوجود ہے کہ جن کی اتحادی کیفیت کو مادی نگاہیں دیکھ سکتی ہیں مثلاً ہڈی، گوشت، خون، ان تینوں چیزوں کی باہمی یگانگت کے سبب انسان کا جسم اپنے وجود میں قائم ہے، ان تینوں چیزوں میں سے کوئی ایک نہ ہو تو اس کے جسم کی تکمیل محال ہے۔" (تکشیف التثلیث ص ۴۲، لاہور ۱۹۲۷ء)

مذکورہ بالا عبارت میں پادری صاحب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جس طرح انسان کا ایک وجود گوشت، ہڈی اور خون تین اجزاء سے مرکب ہے اسی طرح (معاذ اللہ) اللہ کا وجود تین اقانیم سے مرکب ہے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ پادری صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ عیسائی مذہب میں "تین اقانیم" سے مراد تین اجزاء ہیں، اور جس طرح ہر وہ چیز جو کئی اجزاء سے مرکب ہو بحیثیت مجموعی ایک ہی ہوتی ہے، اسی طرح خدا کی ذات تین اقانیم سے مرکب ہونے کے باوجود ایک ہے۔ حالانکہ عیسائی مذہب تین اقانیم کو تین اجزاء نہیں مانتا، بلکہ تین مستقل وجود قرار دیتا ہے[1]۔ یہی وجہ ہے کہ باپ، بیٹے اور روح القدس کے لئے اجزاء کا لفظ

---

[1] آگسٹائن کے الفاظ میں اس کی تشریح پیچھے گذر چکی ہے۔

Marfat.com

چھوڑ کر اس نے اقنوم یا شخصیت ( Person ) کا لفظ اختیار کیا ہے، انسان کا وجود بلاشبہ گوشت، ہڈی اور خون سے مرکب ہے، مگر صرف گوشت یا صرف ہڈی کو کوئی شخص "انسان" نہیں کہتا، بلکہ انسان کا ایک جزء کہتا ہے، اس کے برخلاف عیسائی مذہب باپ، بیٹے ...... اور روح القدس میں سے ہر ایک کو "خدا" قرار دیتا ہے، خدا کا جزء نہیں مانتا [1]،

اس مثال کو پیش کرنے سے صرف یہ دکھلانا مقصود تھا کہ ہمارے اکثر ہندوستانی پادری صاحبان جب تثلیث کو عقلی دلائل سے ثابت کرنا چاہتے ہیں تو خود اپنے مذہب کی تفصیلات اُن کی نظروں سے اوجھل ہو جاتی ہیں، اس لئے ہم ان کے پیش کردہ دلائل کو اس مقالے میں نظر انداز کر کے یہ تحقیق کریں گے کہ عیسائیت کے علماء متقدمین نے اس سلسلے میں کیا کہا ہے؟ جہاں تک ہم نے جستجو کی ہے، اس موضوع پر سب سے زیادہ مفصل، جامع اور مبسوط کتاب تیسری صدی عیسوی کے مشہور عیسائی عالم اور فلسفی سینٹ آگسٹائن نے لکھی ہے، بعد کے تمام لوگ اسی کتاب کے خوشہ چیں ہیں۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ اے، ڈبلیو، ہیڈن نے کیا ہے، جو ( On the Trinity ) کے نام سے چھپ چکا ہے، اور آگسٹائن کے اس مجموعہ مقالات کا جزء ہے، جو ۱۹۴۸ء میں نیویارک سے "بیسک رائٹنگس آف سینٹ ۔۔۔ آگسٹائن" کے نام سے شائع ہوا ہے [2]۔

اس کتاب کا بیشتر حصہ اگرچہ نقلی مباحث پر مشتمل ہے، لیکن آخر کے صفحات میں آگسٹائن نے "تین اور ایک کے اتحاد" کو عقلاً جائز ثابت کرنے کیلئے کچھ مثالیں پیش کی ہیں، ان مثالوں کا خلاصہ ہم ذیل میں پیش کرتے ہیں۔

---

[1] اگر عیسائی مذہب ان تینوں کو خدا کا جزء مان لیتا تو پادری قائم الدین صاحب کی یہ توجیہ درست ہو جاتی یہ دوسری بات ہے کہ خدا کو اجزاء سے مرکب ماننا دوسرے دلائل کی روشنی میں خلاف عقل اور اسکے قدم و دوام کے منافی ہے۔

[2] ہم اس کتاب میں جہاں بھی آگسٹائن کا حوالہ دیں گے اس سے مراد اس کے مقالات کا یہی مجموعہ ہو گا۔

Marfat.com

## دماغ کی مثال سے تثلیث کا اثبات

آگسٹائن نے پہلی مثال یہ پیش کی ہے کہ انسان کا دماغ اس کے پاس علم کا ایک آلہ ہے، عام طور سے یہ ہوتا ہے کہ عالم، معلوم اور آلۂ علم جدا جدا تین چیزیں ہوتی ہیں، اگر آپ کو زید کے وجود کا علم ہے تو آپ عالم ہیں، زید معلوم ہے اور آپ کا دماغ آلۂ علم ہے، گویا:-

عالم (جس نے جانا) ——— آپ
معلوم (جس کو جانا) ——— زید
آلۂ علم (جس کے ذریعہ جانا) ——— دماغ

لیکن اس کے ساتھ ہی آپ کے دماغ کو خود اپنے وجود کا علم بھی ہوتا ہے، اس صورت میں عالم بھی دماغ ہے، اور آلۂ علم بھی وہ خود ہی ہے۔ اس لئے کہ دماغ کو اپنا علم خود اپنے ذریعہ حاصل ہوا ہے، اس صورت میں واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ:-

عالم (جس نے جانا) ——— دماغ
معلوم (جس کو جانا) ——— دماغ
آلۂ علم (جس کے ذریعہ جانا) ——— دماغ

آپ نے دیکھا کہ اس مثال میں عالَم، معلوَم اور آلۂ عَلم، جو درحقیقت تین جدا جدا چیزیں تھیں، ایک بن گئی ہیں، عالمؔ ایک الگ وجود تھا، معلومؔ الگ، اور آلۂ علم الگ، لیکن دوسری مثال میں یہ تینوں ایک ہو گئے ہیں، اب اگر کوئی پوچھے کہ عالم کون ہے؟ تو جواب ہوگا کہ دماغ، کوئی پوچھے کہ معلوم کون ہے؟ تو اس کا جواب بھی دماغ ہی ہوگا، اگر کوئی پوچھے کہ آلۂ علم کیا ہے؟ تو اس کے جواب میں بھی دماغ ہی کہا جائے گا، حالانکہ دماغ ایک ہی ہے، بات صرف یہ ہے کہ یہ دماغ تین صفات رکھتا ہے۔ ان تین صفات میں ہر ایک کے حامل کو دماغ کہا جا سکتا ہے، لیکن اس بناء پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ دماغ تین ہیں، ——— آگسٹائن

Marfat.com

کہتا ہے کہ اسی طرح خدا تین اقانیم سے عبارت ہے، ان تینوں میں سے ہر ایک خدا ہے، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ خدا تین ہیں، بلکہ وہ ایک ہی ہے [۱]،

آگسٹائن نے یہ مثال پیش کر کے خاصی ذہانت کا مظاہرہ کیا ہے، لیکن انصاف کے ساتھ غور کیا جائے تو اس مثال سے مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ مذکورہ مثال میں دماغ حقیقتاً ایک ہی ہے اور اس کی تثلیث اعتباری ہے، حقیقی نہیں ہے، اس کے برخلاف عیسائی مذہب خدا میں توحید کو بھی حقیقی مانتا ہے، اور تثلیث کو بھی،

اس کو یوں سمجھئے کہ مذکورہ مثال میں دماغ کی تین حیثیتیں ہیں، ایک حیثیت سے وہ عالم ہے، دوسری حیثیت سے وہ معلوم ہے، اور تیسری حیثیت سے وہ ذریعۂ علم ہے، لیکن خارجی وجود کے لحاظ سے یہ تینوں ایک ہیں، عالم کا خارجی مصداق بھی وہی دماغ ہے جو معلوم اور ذریعۂ علم کا ہے، ایسا نہیں ہے کہ جو دماغ عالم ہے وہ ایک مستقل وجود رکھتا ہو، اور جو دماغ معلوم ہے وہ دوسرا مستقل وجود رکھتا ہو، اور جو دماغ آلۂ علم ہے اس کا ایک تیسرا حقیقی وجود ہو، لیکن عیسائی مذہب میں باپ، بیٹا اور روح القدس محض خدا کی تین اعتباری حیثیتیں نہیں ہیں، بلکہ تین مستقل وجود ہیں، باپ کا خارجی وجود الگ ہے، اور روح القدس کا الگ، یہ تینوں خارجی وجود اپنے آثار و احکام کے لحاظ سے بھی بالکل الگ الگ ہیں، خود آگسٹائن اپنی کتاب کے شروع میں لکھتے ہیں:-

> "یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ تثلیثی وحدت ہی کنواری مریم کے پیٹ سے پیدا ہوئی، اسے پنطیس پیلاطس نے پھانسی دی، اُسے دفن کیا گیا، اور پھر یہ تیسرے دن زندہ ہو کر جنت میں چلی گئی، کیونکہ یہ واقعات تثلیثی وحدت کے ساتھ نہیں، صرف بیٹے کے ساتھ پیش آئے تھے، اسی طرح یہ بھی نہ سمجھنا چاہئے، کہ یہی تثلیثی وحدت یسوع مسیح پر کبوتر کی شکل میں اس وقت نازل ہوئی تھی جب اسے بپتسمہ دیا جا رہا تھا...... بلکہ یہ واقعہ صرف روح القدس کا تھا"

---

[۱] آگسٹائن ص ۹۲، ج ۲،

Marfat.com

علیٰ ہذا القیاس یہ سمجھنا بھی درست نہیں کہ جب یسوع مسیح کو بپتسمہ دیا جا رہا تھا ..... تو اس وقت تثلیثی وحدت نے اس سے پکار کر کہا تھا کہ تو میرا بیٹا ہے، بلکہ یہ الفاظ صرف باپ کے تھے جو بیٹے کے لئے بولے گئے تھے" (آگسٹائن، ص ۲۷۶، ج ۲)

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ عیسائی مذہب باپ، بیٹے، اور روح القدس میں صرف اعتباری امتیاز کا عقیدہ نہیں رکھتا، بلکہ اُن کو تین الگ الگ حقیقی وجود قرار دیتا ہے، حالانکہ دماغ کی مذکورہ مثال میں عالم، معلوم اور آلۂ علم الگ الگ تین حقیقی وجود نہیں ہیں، بلکہ ایک حقیقی وجود کی تین اعتباری حیثیتیں ہیں، یہ بات کوئی ہوشمند نہیں کہہ سکتا کہ عالم دماغ مستقل وجود رکھتا ہے، معلوم دماغ دوسرا مستقل وجود اور آلۂ علم دماغ ایک تیسرا مستقل وجود رکھتا ہے، اور اس کے باوجود یہ تینوں ایک ہیں، حالانکہ عقیدۂ تثلیث کا حاصل یہ ہے کہ باپ کا ایک مستقل وجود ہے، بیٹے کا دوسرا مستقل وجود ہے، اور روح القدس کا تیسرا مستقل وجود ہے، اور اس کے باوجود یہ تینوں ایک ہیں۔

خلاصہ یہ کہ عیسائی مذہب کا دعویٰ یہ ہے کہ خدا میں "وحدت" بھی حقیقی ہے، اور کثرت (تثلیث) بھی، لیکن آگسٹائن نے جو مثال پیش کی ہے اس میں وحدت تو حقیقی ہے، مگر کثرت حقیقی نہیں ہے، بلکہ اعتباری ہے، اس لئے اس سے تین اور ایک کا حقیقی اتحاد ثابت نہیں ہوتا۔ جہاں تک اللہ کے ایک وجود میں صفات کی کثرت کا تعلق ہے تو وہ محلِ نزاع ہی نہیں ہے، اس کے تمام مذاہب قائل ہیں، سب مانتے ہیں کہ اللہ ایک ہونے کے باوجود بہت سی صفات رکھتا ہے، وہ رحیم بھی ہے قہار بھی، عالم الغیب بھی ہے قادر مطلق بھی، اس طرح اس کی بہت سی صفات ہیں، اور ان سے اس کی توحید پر کوئی حرف نہیں آتا، اس لئے کہ کوئی یہ نہیں کہتا کہ رحیم خدا کوئی اور ہے، قہار کوئی اور، اور قادرِ مطلق کوئی اور ـــــ اس کے برخلاف عیسائی مذہب یہ کہتا ہے کہ "باپ"

الگ ایک خدا ہے، بیٹا الگ خدا ہے، اور روح القدس الگ خدا ہے، اور اس کے باوجود یہ تین خدا نہیں ہیں، بلکہ ایک ہی ہیں۔

**دوسری مثال** آگسٹائن نے اسی طرح کی ایک اور مثال پیش کی ہے وہ کہتا ہے کہ ہر انسان کا دماغ اپنی صفتِ علم سے محبّت رکھتا ہے، اور اس محبّت کا اسے علم ہے، لہٰذا وہ اپنے علم کیلئے مُحِب ہے، اور محبّت کے لئے عالم ہے، یعنی:

دماغ ——— اپنے علم کے لئے ——— مُحِب ہے،

دماغ ——— اس محبت کیلئے ——— عالم ہے،

لہٰذا یہاں تین چیزیں پائی گئیں، دماغ، محبّ، عالم، اور یہ تینوں چیزیں ایک ہی ہیں، اس لئے کہ محبّ بھی دماغ ہے، اور عالم بھی دماغ ہے، اور دماغ تو دماغ ہے ہی، اسی طرح خدا کے تین اقنوم ہیں، خدا کی ذات (باپ) اُس کی صفتِ علم (بیٹا) اور اس کی صفتِ محبت (روح القدس) اور یہ تینوں ایک خدا ہیں،

اس مثال کی بنیاد بھی اس مغالطے پر ہے کہ دماغ ایک ذات ہے، اور مُحِبّ اور عالم اس کی دو صفتیں ہیں جن کا کوئی مستقل اور حقیقی وجود نہیں ہے، اس کے برخلاف عیسائی مذہب میں باپ ایک ذات ہے، اور صفت کلام (بیٹا) اور صفتِ محبت (روح القدس) اس کی دو ایسی صفتیں ہیں جو اپنا مستقل جوہری اور حقیقی وجود رکھتی ہیں، لہٰذا دماغ کی مثال میں وحدت حقیقی ہے۔ اور کثرت اعتباری یہ صورت عقلاً بالکل ممکن ہے، اور عقیدۂ تثلیث میں حقیقی کثرت کے باوجود حقیقی وحدت کا دعویٰ کیا گیا ہے، — اور یہ بات عقلاً محال ہے،

اگر عیسائی مذہب کا عقیدہ یہ ہو کہ خدا ایک ذات ہے، اور اس کی صفت کلام اور صفتِ محبت خدا سے الگ کوئی مستقل جوہری وجود نہیں رکھتیں، تب تو یہ مثال درست ہو سکتی ہے، اور اس صورت میں یہ مسئلہ اسلام اور عیسائیت کے

Marfat.com

درمیان مختلف فیہ نہیں رہتا، مشکل تو اس بات سے پیدا ہوتی ہے کہ عیسائی مذہب صفتِ محبّت کو مستقل جوہری وجود قرار دیتا ہے، ان میں سے ہر ایک کو خدا کہتا ہے، اور اس کے باوجود یہ کہتا ہے کہ یہ تین خدا نہیں ہیں، یہ صورت کسی طرح دماغ کی مذکورہ مثال پر چسپاں نہیں ہوتی، اس لئے کہ اس مثال میں محب اور عالم کا دماغ سے الگ کوئی مستقل وجود نہیں ہے، جب کہ عیسائی مذہب میں بیٹا اور روح القدس باپ سے الگ اپنا مستقل وجود رکھتے ہیں۔

آگسٹائن نے اپنی کتاب میں انہی دو مثالوں کو اپنی ساری عقلی گفتگو کا محور بنایا ہے، لیکن آپ دیکھ چکے کہ یہ دونوں مثالیں درست نہیں ہیں۔

## حضرت مسیحؑ کے بارے میں عیسائی عقائد

حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں عیسائی مذہب کے عقائد کا خلاصہ یہ ہے کہ خدا کی صفتِ کلام (یعنی بیٹے کا اقنوم) انسانوں کی فلاح کے لئے حضرت مسیح علیہ السلام کے انسانی وجود میں حلول کر گئی تھی، جب تک حضرت مسیحؑ دنیا میں رہے یہ خدائی اقنوم ان کے جسم میں حلول کئے رہا۔ یہاں تک کہ یہودیوں نے آپ کو سُولی پر چڑھا دیا، اُس وقت یہ خدائی اقنوم اُن کے جسم سے الگ ہو گیا۔ پھر تین دن کے بعد آپ پھر دوبارہ زندہ ہو کر حواریوں کو دکھائی دیئے، اور انہیں کچھ ہدایتیں دے کر آسمان پر تشریف لے گئے، اور یہودیوں نے آپ کو سُولی پر چڑھایا اس سے تمام عیسائی مذہب پر ایمان رکھنے والوں کا وہ گناہ معاف ہو گیا جو حضرت آدمؑ کی غلطی سے اُن کی سرشت میں داخل ہو گیا تھا،

اس عقیدے کے چار بنیادی اجزاء ہیں۔

(۱) عقیدۂ حلول وتجسّم　Incarnation

(۲) عقیدۂ مصلوبیت　Crucifixion

(۳) عقیدۂ حیاتِ ثانیہ　Resurrection

Marfat.com

(۴) عقیدۂ کفارہ Redemption

ہم ان میں سے ہر ایک جز کو کسی قدر تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

## عقیدۂ حلول و تجسم

حلول و تجسم کا عقیدہ سب سے پہلے انجیل یوحنا میں ملتا ہے، اس انجیل کا مصنف حضرت مسیحؑ کی سوانح کی ابتدا ان الفاظ سے کرتا ہے۔

"ابتدا میں کلام تھا، اور کلام خدا کے ساتھ تھا، اور کلام خدا تھا، یہی ابتدا میں خدا کے ساتھ تھا" (یوحنا ۱:۱ و ۲)

اور آگے چل کر وہ لکھتا ہے۔

"اور کلام مجسّم ہوا، اور فضل اور سچائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیان رہا، اور ہم نے اس کا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اکلوتے کا جلال" (یوحنا ۱:۱۴)

ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ عیسائی مذہب میں "کلام" خدا کے اقنوم ابن سے عبارت ہے، جو خود مستقل خدا ہے، اس لئے یوحنا کی عبارت کا مطلب یہ ہوا کہ خدا کی صفتِ کلام یعنی بیٹے کا اقنوم مجسّم ہو کر حضرت مسیح علیہ السّلام کے روپ میں آگیا تھا، مارس ریلٹن اس عقیدے کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"کیتھولک عقیدے کا کہنا یہ ہے کہ وہ ذات جو خدا تھی، خدائی کی صفات کو چھوڑے بغیر، انسان بن گئی، یعنی اُس نے ہمارے جیسے وجود کی کیفیات اختیار کرلیں جو زمان و مکان کی قیود میں مقید ہے، اور ایک عرصے تک ہمارے درمیان مقیم رہی [1]"

"بیٹے" کے اقنوم کو یسوع مسیح (علیہ السلام) کے انسانی وجود کے ساتھ متحد کرنے والی طاقت عیسائیوں کے نزدیک روح القدس تھی پہلے عرض کیا جا چکا

---

[1] Studies in Christian Doctrine P. 28

Marfat.com

ہے کہ روح القدس سے مراد عیسائی مذہب میں خدا کی صفتِ محبّت ہے
اس لئے اس عقیدے کا مطلب یہ ہوا کہ چونکہ خدا کو اپنے بندوں سے محبّت تھی
اس لئے اس نے اپنی صفتِ محبت کے ذریعہ اقنوم ابن کو دنیا میں بھیج دیا،
تاکہ وہ لوگوں کے اصلی گناہ کا کفارہ بن سکے [1]

یہاں یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیئے کہ عیسائیوں کے نزدیک "بیٹے"
کے حضرت مسیح علیہ السّلام میں حلول کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ "بیٹا" خدائی
چھوڑ کر انسان بن گیا، بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ پہلے صرف خدا تھا، اب انسان
بھی ہو گیا، لہٰذا اس عقیدے کے مطابق حضرت مسیحؑ بیک وقت خدا بھی
تھے اور انسان بھی، الفریڈ ای، گاروے اسی بات کو ان الفاظ میں ظاہر
کرتا ہے ۔

"وہ (حضرت مسیحؑ) حقیقۃً خدا بھی تھے، اور انسان بھی، اُن کی ان دونوں
حیثیتوں میں سے کسی ایک کے انکار یا اُن کے وجود میں دونوں کے متحد
ہونے کے انکار ہی سے مختلف بدعتی نظریات پیدا ہوئے انتھاسیٔس
شیس نے آریوس کے مقابلے میں اس نظریے کی پرزور حمایت کی تھی
لہٰذا منظور شدہ فارمولا یہ ہے کہ حضرت مسیحؑ کی ایک شخصیت
میں دو ماہیتیں جمع ہو گئی تھیں [2]"

انسانی حیثیت سے حضرت مسیحؑ خدا سے کم رتبہ تھے، اسی لئے انہوں نے
یہ کہا تھا کہ:

"باپ مجھ سے بڑا ہے" (یوحنا، ۱۴: ۲۸)

اور اسی حیثیت سے ان میں تمام انسانی کیفیات پائی جاتی تھیں، لیکن

---

[1] ایضاً ص ۱۳۴،

[2] انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس ص ۵۸۶ ج ۳ مقالہ "عیسائیت"۔

Marfat.com

خدائی حیثیت سے وہ "باپ" کے ہم رتبہ ہیں، اسی لئے انجیل یوحنا میں آپ کا یہ قول مذکور ہے کہ:۔

"میں اور باپ ایک ہیں" (یوحنا ۱۰: ۳۰)

آگسٹائن لکھتے ہیں:

"علیٰ ہذا القیاس خدائی حیثیت سے انہوں نے انسان کو پیدا کیا، اور انسانی حیثیت سے وہ خود پیدا کئے گئے"[1]

بلکہ آگسٹائن تو یہاں تک لکھتے ہیں کہ:۔

"چونکہ خدا نے بندے کا روپ اس طرح نہیں اپنایا تھا کہ وہ اپنی اس خدائی حیثیت کو ختم کر دے جس میں وہ باپ کے برابر ہے ...... لہٰذا ہر شخص اس بات کو محسوس کر سکتا ہے کہ یسوع مسیح اپنی خدائی شکل میں خود اپنے آپ سے افضل ہیں، اور اسی طرح اپنی انسانی حیثیت میں خود اپنے آپ سے کمتر بھی ہیں" (ص ۸۶، ج ۲)

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک شخص خدا بھی ہو اور انسان بھی؟ خالق بھی ہو اور مخلوق بھی؟ برتر بھی ہو اور کمتر بھی؟ ــــ عقیدۂ تثلیث کی طرح یہ سوال بھی صدیوں سے بحث وتمحیص کا محور بنا رہا ہے، اس سوال کے جواب میں اس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں کہ "علمِ مسیحیت" (Christology) کے نام سے ایک مستقل علم کی بنیاد پڑ گئی،

جہاں تک رومن کیتھولک چرچ کا تعلق ہے وہ اس سوال کے جواب میں زیادہ تر انجیل یوحنا کی مختلف عبارتوں سے استدلال کرتا ہے، گویا اس کے نزدیک یہ عقیدہ نقلی دلائل سے ثابت ہے[2]، رہی عقل، تو عقیدۂ حلول کو ....

---

[1] آگسٹائن ص ۸۶، ج ۲،

[2] ان نقلی دلائل کی تفصیل اور ان پر مکمل تبصرہ اظہار الحق کے تیسرے باب میں موجود ہے،

Marfat.com

انسانی سمجھ سے قریب کرنے کے لئے وہ چند مثالیں پیش کرتا ہے، کوئی کہتا ہے کہ "خدا" اور "انسان" کا یہ اتحاد ایسا تھا جیسے انگوٹھی میں کوئی تحریر نقش کردی جاتی ہے[1] کوئی کہتا ہے کہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے آئینے میں کسی انسان کی شکل منعکس ہو جاتے، تو جس طرح انگوٹھی اور تحریر کے نقش ہونے سے ایک ہی وجود میں دو قسم کی چیزیں پائی جاتی ہیں، انگوٹھی اور تحریر، اور جس طرح آئینے میں کسی شکل کے منعکس ہونے سے ایک ہی وجود میں دو حقیقتیں پائی جاتی ہیں۔ آئینہ اور عکس، اسی طرح اقنوم ابن حضرت مسیح علیہ السلام کے انسانی وجود میں حلول کرگیا تھا، اور اس کی وجہ سے ان کی شخصیت میں بھی بیک وقت دو حقیقتیں پائی جاتی تھیں، ایک خدا کی اور ایک انسان کی ———— لیکن اس دلیل کو اکثر عیسائی مفکرین نے قبول نہیں کیا[2]،

اس کے بعد مختلف عیسائی مفکرین نے اس سوال کو جس طرح حل کیا، اس کا ایک اجمالی حال ہم ذیل میں پیش کرتے ہیں:-

---

[1] دیکھیے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۹۰۴ ج ۲۲، مقالہ "تثلیث"، مطبوعہ ۱۹۵۰ء،

[2] اس لئے کہ ذرا سا غور کیا جاتے تو رومن کیتھولک چرچ کی یہ دلیل بہت سطحی ہے، اس لئے کہ انگوٹھی میں جو تحریر نقش ہوتی ہے، وہ اپنے ظاہری اتصال کے باوجود انگوٹھی سے بالکل الگ ایک چیز ہے، اسی وجہ سے کوئی انگوٹھی کو یہ نہیں کہتا کہ وہ تحریر ہے اور نہ تحریر کو یہ کہا جاتا ہے کہ وہ انگوٹھی ہے، اس کے برخلاف عیسائی مذہب اقنوم ابن کے حلول کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ کہتا ہے کہ وہ خدا تھے، اور خدا کو یہ کہتا ہے کہ وہ انسان بن گیا تھا، اسی طرح اگر آئینے میں زید کا عکس نظر آرہا ہے تو وہ آئینے سے بالکل الگ ایک چیز ہے، اسی لئے کوئی آئینے کو یہ نہیں کہتا کہ یہ زید ہے، اور نہ زید کو یہ کہا جاتا ہے کہ وہ آئینہ ہے، اس کے برعکس عیسائی مذہب میں حضرت مسیحؑ کو خدا اور خدا کو انسان کہا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ مثال کسی طرح عقیدۂ حلول پر فِٹ نہیں ہوتی،

Marfat.com

## وہ جنہوں نے حضرت مسیح کو خدا ماننے سے انکار کر دیا،

ان میں سے ایک گروہ تو وہ تھا جس نے اس سوال کے جواب سے مایوس ہو کر یہ کہہ دیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا ماننا ہی غلط ہے، وہ صرف انسان تھے، اس لئے یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا،

مسٹر جیمس میک کنن (James Mackinon) نے اپنی فاضلانہ کتاب (From Christ to Constantine) میں ان منکرین کا تذکرہ کافی تفصیل کے ساتھ کیا ہے، اُن کے بیان کے مطابق اس نظریئے کے ابتدائی لیڈر پال آف سموسٹا[1] (Paul of Samosata) اور لوسین[2] (Lucian) تھے، مسٹر میک کنن لکھتے ہیں۔

"دونوں کا نظریہ یہ تھا کہ یسوع مسیح ایک مخلوق تھے، البتہ دونوں کے نظریات میں فرق یہ ہے کہ پال کے نزدیک وہ محض ایک انسان تھے جن میں خدا کی غیر شخصی عقل نے اپنا مظاہرہ کیا تھا، اور لوسین اور اس کے مکتبِ فکر کے نزدیک وہ ایک آسمانی وجود تھے، جس کو خدا عدم سے وجود میں لایا تھا، اور جن میں خدائی عقل اپنی شخصی کیفیت میں آگئی تھی، لہٰذا وہ حلول کے وقت ایک انسانی جسم کا مظاہرہ کرتے تھے، مگر ان کی رُوح انسانی نہیں تھی، اُن کا مشن یہ تھا کہ وہ "باپ" کا پیغام پہنچائیں لیکن نہ تو وہ علی الاطلاق خدا تھے، اور نہ قدیم اور جاودانی[3]"

---

[1] علامہ ابن حزمؒ نے اس کا نام "بولس الشمشاطی" ذکر کیا ہے (الملل والنحل، ص ۴۸ ج اوّل) یہ شخص ۲۶۰ء سے ۲۷۲ء تک انطاکیہ کا بطریرک رہا ہے، (دیکھئے برٹانیکا، ص ۳۹۸ ج ۱۷)

[2] لوسین (متوفی ۳۱۲ء) عیسائیوں کا مشہور عالم ہے جس نے تمام عمر راہبانہ زندگی گذاری، اس کے نظریات پولس شمشاطی اور آریوس کے نظریات کے بین بین تھے، شمشاط میں پیدا ہوا تھا لیکن زندگی کا بیشتر حصہ انطاکیہ میں گذرا (برٹانیکا، ص ۴۶۰ ج ۱۴، مقالہ لوسین)

[3] From Christ to constatine, London 1936

Marfat.com

گویا پال نے تو سرے سے حلول کے عقیدے ہی کا انکار کر دیا، اور یہ کہا کہ حضرت مسیحؑ کے وجود میں خدا کے حلول کرنے کا مطلب صرف یہ ہے کہ اُن کو خدا کی طرف سے ایک خاص عقل عطا ہوئی تھی، اور لوسین نے حلول کے عقیدے کا تو انکار نہیں کیا، اس نے یہ تسلیم کیا کہ خدا کی صفتِ علم اُن میں حلول کر گئی تھی لیکن یہ حلول ایسا نہ تھا کہ حضرت مسیحؑ کو خدا، خالق، قدیم اور جاودانی بنا دے بلکہ اس حلول کے باوجود خدا بدستور خالق رہا، اور حضرت مسیحؑ بدستور مخلوق،

پال اور لوسین ہی کے نظریات سے متاثر ہو کر چوتھی صدی عیسوی میں مشہور مفکر آریوس ( Arius ) نے اپنے وقت کے کلیسا کے خلاف بڑی زبردست جنگ لڑی، اور پوری عیسائی دنیا میں ایک تہلکہ مچا دیا، اس کے نظریات کا خلاصہ جس میں میک کنن کے الفاظ میں یہ تھا:

"آریوس اس بات پر زور دیتا تھا کہ صرف خدا ہی قدیم اور جاودانی ہے اور اس کا کوئی ساجھی نہیں، اسی نے بیٹے کو پیدا کیا جب کہ وہ پہلے معدوم تھا، لہذا نہ بیٹا جاودانی ہے، اور نہ خدا ہمیشہ سے باپ ہے، کیونکہ ایک ایسا وقت تھا جس میں بیٹا موجود نہیں تھا، بیٹا باپ سے بالکل الگ ایک حقیقت رکھتا ہے، اور اس پر تغیرات واقع ہو سکتے ہیں، وہ صحیح معنی میں خدا نہیں ہے البتہ اس میں "مکمل" ہونے کی صلاحیت موجود ہے اور وہ ایک مکمل مخلوق ہے — ایک عقل مجسم جو ایک حقیقی انسانی جسم میں پائی جاتی ہے، اس طرح اس کے نزدیک مسیح ایک ثانوی خدائی کا حامل ہے، یا یوں کہہ لیجئے کہ نیم دیوتا ( Demi-god ) جو خدائی اور انسانیت دونوں کی صفات سے کسی قدر حصہ رکھتا ہے، لیکن بلند ترین معنی میں خدا نہیں ہے [1]"

گویا اس کی نظر میں حضرت مسیحؑ کی حیثیت یہ تھی کہ ؏

---

[1] ایضاً،

Marfat.com

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

جس زمانے میں آریوس نے یہ نظریات پیش کئے تھے، اس زمانہ میں خاص طور سے مشرق کے کلیساؤں میں اُسے غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوگئی تھی، یہانتک کہ خود اس کا دعویٰ تو یہ تھا کہ تمام مشرقی کلیسا میرے ہم نوا ہیں۔

لیکن اسکندریہ اور انطاکیہ کے مرکزی کلیساؤں پر الیگزینڈر اور اتھانی شیس وغیرہ کی حکمرانی تھی، جو مسئلے کے کسی ایسے حل کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں تھے، جس سے حضرت مسیح علیہ السلام کی خدائی کو ٹھیس لگتی ہو، اور عقیدہ حلول کے ٹھیٹھ مفہوم پر کوئی حرف آتا ہو، چنانچہ جب شاہ قسطنطین نے ۳۲۵ء میں نیقیہ کے مقام پر ایک کونسل منعقد کی تو اس میں آریوسی عقائد کی نہ صرف پر زور تردید کی گئی، بلکہ آریوس کو جلا وطن کر دیا گیا،

**پولسی فرقہ** اس کے بعد پانچویں صدی عیسوی میں پولسی فرقہ Paulicians نمودار ہوا، اس نے حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں ایک نئی رائے ظاہر کی، اس نے کہا کہ حضرت مسیحؑ خدا نہیں تھے، بلکہ فرشتہ تھے۔ انہیں خدا نے دنیا میں بھیجا تھا، تاکہ وہ دنیا کی اصلاح کریں، چنانچہ وہ مریمؑ کے پیٹ سے ایک انسان کی شکل اختیار کرکے پیدا ہوئے، اور چونکہ خدا نے انہیں اپنا مخصوص جلال عطا کیا تھا، اس لئے وہ "خدا کے بیٹے" کہلائے اس فرقے کے اثرات زیادہ تر ایشیائے کوچک اور آرمینیا کے علاقوں میں رہے ہیں[1] لیکن اس کو قبولِ عام حاصل نہ ہو سکا، کیونکہ حضرت مسیحؑ کے فرشتہ ہونے پر کوئی نقلی دلیل موجود نہیں تھی۔

**نسطوری فرقہ** پھر پانچویں صدی ہی کے وسط میں نسطوری فرقہ کھڑا ہوا جس کا لیڈر نسطوریوس (م ۴۵۱ء) تھا، اُس نے

---

[1] اس فرقہ کے مزید نظریات کے لئے دیکھئے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۳۹، ج ۱۷، مقالہ "پالیشنس"

Marfat.com

اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے ایک نیا فلسفہ پیش کیا، اور وہ یہ کہ عقیدۂ حلول کی تمام تر مشکلات اس مفروضے کی بنا پر ہیں کہ حضرت مسیحؑ کو ایک شخصیت قرار دے کر ان کے لئے دو حقیقتیں ثابت کی گئی ہیں، ایک انسانی اور ایک خدائی ــــ نسطوریوس نے کہا کہ حضرت مسیحؑ کا خدا ہونا بھی بجا، اور انسان ہونا بھی برحق، لیکن یہ تسلیم نہیں کہ وہ "ایک شخصیت" تھے، جن میں یہ دونوں حقیقتیں جمع ہو گئی تھیں حقیقت یہ ہے کہ حضرت مسیحؑ کی ذات دو شخصیتوں کی حامل تھی، ایک بیٹا، اور ایک مسیح، ایک ابن اللہ اور ایک ابن آدم، "بیٹا" خالص خدا ہے، اور "مسیح" خالص انسان،

رومن کیتھولک چرچ کا فارمولا یہ تھا کہ "ایک شخصیت اور دو حقیقتیں" اس کے برعکس نسطوریوس کا فارمولا یہ تھا کہ "دو شخصیتیں اور دو حقیقتیں"، چنانچہ ۴۳۱ء میں افسس کے مقام پر تمام کلیساؤں کی ایک کونسل میں اس کے نظریات کو پرزور طریقے سے مسترد کر دیا گیا، اور اسی کے نتیجے میں اسے جلاوطن اور قید کی سزائیں دی گئیں، اور اس کے پیروؤں کو بدعتی قرار دیا گیا تاہم یہ فرقہ اب تک باقی ہے، اس کے خلاف جو جرم عائد کیا گیا تھا اس کا خلاصہ ڈاکٹر بیدون بیکر (Bethune-Baker) ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"اس نے ہمارے خداوند کی خدائی اور انسانی حقیقتوں میں اس قدر امتیاز برتا کہ وہ دو مستقل وجود بن گئے، ..... اس نے کلمۃ اللہ کو یسوع سے اور ابن اللہ کو ابن آدم سے الگ شخصیت قرار دے دیا۔"[۲]

**یعقوبی فرقہ** اس کے بعد چھٹی صدی عیسوی میں یعقوبی فرقہ (Jacobite Church) پیدا ہوا، جس کے اثرات اب تک شام

[۱] آخر زمانے کے بعض محققین مثلاً بیدون بیکر وغیرہ کا خیال ہے کہ اس پر یہ الزام بالکل بے بنیاد ہے، اور اس کے نظریات کو ٹھیک سمجھا نہیں گیا، مگر پروفیسر مارس ریلٹن وغیرہ نے اسکی تردید کر کے افسس کونسل کے فیصلے کی تائید کی ہے (دیکھئے Studies in Christian Doctrine P. 102

عراق میں باقی ہیں، ان کا لیڈر یعقوب برذعانی ( Jacabus Baradeus )
تھا، اس کا نظریہ آریوس اور نسطوریوس دونوں کے بالکل برعکس تھا، نسطوریوس
نے حضرت مسیح علیہ السلام کے وجود میں "دو حقیقتوں" کے ساتھ "دو شخصیتیں"
ثابت کی تھیں، یعقوب نے کہا کہ حضرت مسیحؑ نہ صرف یہ کہ ایک شخصیت تھے، بلکہ انمیں
"حقیقت" بھی صرف ایک پائی جاتی تھی ــــ اور وہ تھی خدائی! وہ صرف خدا تھے.
گو ہمیں انسان کی شکل میں نظر آتے ہوں، دی ورلڈ فیملی انسائیکلو پیڈیا میں اس فرقے
کا نظریہ اس طرح بیان کیا گیا ہے۔

"وہ یہ ثابت کرتے ہیں کہ مسیح میں خدائی اور انسانی حقیقتیں کچھ اس طرح
متحد ہو گئی تھیں، کہ وہ صرف ایک حقیقت بن گئی تھی [1]"

یہ نظریہ یعقوب برذعانی کے علاوہ بعض دوسرے فرقوں نے بھی اپنایا تھا
اس قسم کے فرقوں کو "مونو فیسی فرقے" ( Monophysites ) کہا جاتا ہے
اور ساتویں[2] صدی عیسوی تک ان فرقوں کا بے حد زور رہا ہے۔

**آخری تاویل** مندرجۂ بالا بحث سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ عقیدۂ حلول
کی تشریح اور اسے عقل سے قریب لانے کے لئے مختلف
عیسائی مفکرین کی طرف سے کیا کوششیں کی گئیں؟ لیکن آپ نے دیکھا کہ
ان میں سے ہر کوشش مرکزی رومن کیتھولک چرچ کے عقائد سے انحراف

---

[1] دی ورلڈ فیملی انسائیکلوپیڈیا، ص ۲۶۳۸ ج ۱۰ مطبوعہ نیو یارک ۱۹۵۷ء۔

[2] یہ ابتدائے اسلام کا زمانہ ہے، اس زمانے میں یہ فرقے تمام عیسائی دنیا کا اہم ترین موضوع
بحث تھے، اور اُن کی وجہ سے شام وغیرہ میں بڑے ہنگامے ہو رہے تھے (دیکھئے برٹانیکا، ص ۳۰،
ج ۱۵، مقالہ "مونو فیسی فرقے") اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قرآن کریم نے اپنے مندرجہ ذیل ارشاد میں غالباً انہی فرقوں
کی طرف اشارہ کیا ہے: لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ،
"بلاشبہ وہ لوگ کافر ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ اللہ مسیح بن مریم ہی ہے"

Marfat.com

کر کے کی گئی ہے، اس لئے خود مرکزی کلیسا کے ذمہ داروں نے اُسے "بدعت" قرار دیا، رہا اصل سوال کا جواب، تو اس کے بارے میں رجعت پسندوں کی طرف سے تو صرف یہ کہا جاتا رہا کہ درحقیقت عقیدۂ حلول بھی ایک سربستہ راز ہے، جسے ماننا ضروری ہے، مگر سمجھنا ممکن نہیں، (دیکھئے برٹانیکا)

لیکن یہ بات کسی سنجیدہ ذہن کو اپیل کرنے والی نہیں تھی، اس لئے آخر دور میں عقیدۂ حلول کو عقل کے مطابق ثابت کرنے کے لئے ایک اور تاویل کی گئی، اس تاویل کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ٹھیک ٹھیک رومن کیتھولک عقیدے کی پشت پناہی کی گئی ہے۔ اور اُسے جوں کا توں برقرار رکھنے کی کوشش کی گئی ہے یہ تاویل اگرچہ بعض قدیم مفکرین نے بھی پیش کی تھی، مگر اسے پروفیسر مارٹن رلیٹن نے وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے، وہ لکھتے ہیں:-

"اس قسم کا حلول (جس کا رومن کیتھولک چرچ قائل ہے) اچھی طرح سمجھ میں آسکتا ہے۔ اگر یہ بات یاد رکھی جائے کہ اس کے لئے راہ اسی وقت ہموار ہو گئی تھی جب پہلے انسان (آدمؑ) کو خدا کے مشابہ بنا کر پیدا کیا گیا تھا[1] اسکا صاف مطلب یہ ہے کہ خدا کے اندر ہمیشہ سے انسانیت کا ایک عنصر موجود تھا، اور اسی انسانی عنصر کو بنی آدم کے مخلوق ڈھانچے میں نامکمل طور سے منعکس کر دیا گیا تھا، لہٰذا سچی انسانیت خدا ہی کی انسانیت ہے، یہ اور بات ہے کہ خالص اور محض انسانیت آدمی میں پائی جاتی ہے، کیونکہ وہ ایک مخلوق اور نامکمل انسانیت رکھتا ہے، جو کبھی خدائی کا روپ نہیں دھار سکتی، خواہ اس میں کتنے عرصے تک خدائی کیوں نہ مقیم رہی ہو،

لہٰذا جب خدا انسان بنا تو اس نے جس انسانیت کا مظاہرہ کیا وہ مخلوق

---

[1] یہاں مارٹن رلیٹن بائبل کے اُس جملے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ "خدا نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا" (پیدائش ۱: ۲۷)

Marfat.com

انسانیت نہیں تھی، جو ہم میں موجود ہے، بلکہ یہ وہ حقیقی انسانیت تھی جو صرف خدا ہی کے پاس ہے، اور جس کے مشابہ بنا کر ہم کو پیدا کیا گیا ہے، ...... آخر کار اس کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ یسوع مسیح کی انسانیت وہ انسانیت نہیں ہے جسے ہم اپنے وجود میں محسوس کرتے ہیں، بلکہ یہ خدا کی انسانیت تھی، جو ہماری انسانیت سے اتنی ہی مختلف ہے جتنا خالق مخلوق سے مختلف ہوتا ہے[۱]"

خلاصہ یہ ہے کہ اس تاویل کی رُو سے اگرچہ حضرت مسیحؑ کی ایک شخصیت میں "خدائی" اور "انسانیت" دونوں حقیقتیں جمع تھیں، لیکن انسانیت بھی خدائی انسانیت تھی، آدمی انسانیت نہ تھی، لہٰذا دونوں کے بیک وقت پائے جانے میں کوئی اشکال نہیں۔

یہ ہے وہ تاویل جو پروفیسر مارس ریلیٹن کے نزدیک سب سے زیادہ معقول نتیجہ خیز اور اعتراضات سے محفوظ ہے۔ اور اس سے کیتھولک عقیدے پر بھی کوئی حرف نہیں آتا۔

لیکن یہ تاویل بھی کتنا وزن رکھتی ہے؟ اہلِ نظر سمجھ سکتے ہیں[۲]۔

---

[۱] Studies in Christain Doctrine PP. 133, 144

[۲] اس تاویل کی بنیاد اس مفروضے پر ہے کہ خدا میں ازل سے مکمل انسانیت پائی جاتی ہے لیکن سوال یہ ہے کہ یہ "خدائی انسانیت" کیا چیز ہے؟ کیا اس میں بھی بھوک، پیاس، خوشی غم اور وہ تمام انسانی عوارض پائے جاتے ہیں جو ہم میں موجود ہیں، یا نہیں؟ اگر یہ عوارض اس میں بھی پائے جاتے ہیں تو اس کے معنی یہ ہیں کہ خدا کو بھی (معاذاللہ) بھوک پیاس لگتی ہے۔ اُسے بھی تکلیف اور راحت پہنچتی ہے، اور اس میں بھی حدوث کے تمام عوارض پائے جاتے ہیں، ظاہر ہے کہ یہ بات بداہۃً غلط ہے، اور رومن کیتھولک چرچ بھی اس کا عقیدہ نہیں رکھتا، اور اگر "خدائی انسانیت" ان تمام عوارض سے پاک ہے تو سوال یہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام میں یہ عوارض کیوں پائے جاتے تھے؟ انہیں کیوں بھوک پیاس لگتی تھی؟ انہیں

باقی آئندہ صفحہ پر

Marfat.com

# عقیدۂ مصلوبیت (Crucificion)

حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں عیسائی مذہب کا دوسرا عقیدہ یہ ہے کہ انہیں یہودیوں نے پنطیس پیلاطیس کے حکم سے سولی پر چڑھا دیا تھا، اور اس سے اُن کی وفات ہوگئی تھی ۔۔ اس عقیدے کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ عیسائیوں کے اکثر فرقوں کے نزدیک پھانسی اقنوم ابن کو نہیں دی گئی ۔ جو ان کے نزدیک خدا ہے، بلکہ اس اقنوم ابن کے انسانی مظہر یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کو دی گئی جو اپنی انسانی حیثیت میں خدا نہیں ہیں، بلکہ ایک

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

کیوں رنج اور غم ہوتا تھا؟ وہ (بزعم نصاریٰ) سولی پر لٹک کر کیوں درد سے چلاتے تھے؟ جب کہ ان کی انسانیت بقول مارس ریلیٹن ہماری جیسی نہیں تھی، بلکہ وہ خدائی انسانیت تھی جو ان تمام عوارض سے پاک اور مبرا ہے؟ -

پھر اِس تاویل میں انسان کو خدا کے مشابہ بنا کر پیدا کرنے کے یہ عجیب معنی بیان کئے گئے ہیں کہ خدا میں پہلے سے انسانیت کا ایک عنصر موجود تھا، اور اس عنصر کا ایک عکس انسان میں منتقل کردیا گیا ۔۔۔۔ حالانکہ اگر کتاب پیدائش کے الفاظ واقعتہً الہامی ہیں تو ان کا زیادہ سے زیادہ مطلب یہ ہے کہ اللہ نے انسان کو علم وشعور عطا کیا، اُسے اچھے بُرے کی تمیز بتلائی اور خیر وشر دونوں کی طاقت عطا کی، خود کیتھولک علماء قدیم زمانے سے اس آیت کا یہی مطلب بیان کرتے آئے ہیں، سینٹ آگسٹائن اپنی مشہور کتاب ''دی سٹی آف گاڈ'' کے کتاب ۱۲ باب ۲۳ میں لکھتے ہیں :

''پھر خدا نے انسان کو اپنی مشابہت میں پیدا کیا، اس لئے کہ اس نے انسان کے لیے ایک ایسی رُوح پیدا کی جس میں عقل وفہم کی صلاحیتیں ودیعت کی گئی تھیں تاکہ وہ زمین کی ہوا اور سمندر کی تمام مخلوقات سے افضل ہو جائے، جنہیں یہ چیزیں عطا نہیں کی گئیں'' (آگسٹائن، ص ۲۰۵ ج ۲)

Marfat.com

مخلوق ہیں ؎،

؎ حضرت مسیح علیہ السلام کو سُولی دینے کا قصّہ موجودہ چاروں انجیلوں میں موجود ہے۔ لیکن قرآن کریم نے اُس کی بڑی سختی سے تردید کی ہے، اور کہا ہے کہ درحقیقت یہ غلط فہمی ہے، ورنہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمان پر اٹھا لئے گئے تھے، قرآن کریم کے بیان کی مکمل تصدیق تو اس وقت سمجھ میں آسکے گی جب آپ کتاب کا دوسرا باب پڑھیں گے، اور اظہار الحق کے پہلے اور دوسرے باب میں موجودہ انجیلوں کی اصل حقیقت آپ کے سامنے آئے گی، یہاں صرف اتنا اشارہ کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ انسانی معلومات کی ترقی کے ساتھ قرآن کریم کی صداقت خود بخود واضح ہوتی جارہی ہے، چند سو سال پہلے انجیل برنا باس کا نسخہ دریافت ہوا تھا اس میں برنا باس نے نہایت صراحت و وضاحت سے یہ حقیقت بیان کی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو سولی نہیں دی گئی تھی، بلکہ اُن کی جگہ یہوداہ اسکریوتی مصلوب ہوا تھا، (ہم نے اظہار الحق کے آخری باب میں بشارات کے بیان کے تحت ایک مبسوط حاشئے میں اس انجیل کے اقتباسات پیش کرکے اس کی اصلیت پر مفصل گفتگو کی ہے اس انجیل کے بارے میں تو عیسائی حضرات یہ کہتے آئے تھے کہ یہ کسی مسلمان کی تصنیف ہے، — لیکن حال ہی میں انجیل کا ایک اور نسخہ دریافت ہوا ہے، جو پطرس حواری کی طرف منسوب ہے، اُس میں بالکل صاف الفاظ میں یہ لکھا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کو سُولی دینے سے کچھ پہلے آسمان پر اٹھا لیا گیا تھا۔ انجیل پطرس کا یہ جملہ ہلمین اسٹریٹر نے اپنی مشہور کتاب "اناجیل اربعہ" ( The Four Gospels ) (ص ۵، مطبوعہ میکملن نیو یارک ۱۹۶۱ء) میں نقل کیا ہے، اس کی تاویل اگرچہ اسٹریٹر نے یہ کی ہے کہ یہاں مسیح سے مراد ان کا خدائی وجود ہے۔ لیکن انجیل پطرس کے الفاظ میں اس کی کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ اس کے خلاف یہ دلیل موجود ہے، کہ آسمان پر اٹھانے کے لئے صیغہ مجہول ( passive Voice ) استعمال کیا گیا ہے، خود اسٹریٹر نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں ("He was taken off.")

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ پر)

Marfat.com

## صلیب مقدس

چونکہ عقیدۂ مصلوبیت ہی کی بنا پر صلیب کے نشان (+) کو عیسائیوں کے نزدیک بہت اہمیت حاصل ہے اس لئے اس کا مختصر سا حال بھی یہاں ذکر کر دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا ـــــ چوتھی صدی عیسوی تک اس نشان کو کوئی اجتماعی اہمیت حاصل نہیں تھی۔ شاہ قسطنطین کے بارے میں یہ روایت مشہور ہے کہ ۳۱۲ء میں اس نے اپنے ایک حریف سے جنگ کے دوران (غالباً خواب میں) آسمان پر صلیب کا نشان بنا ہوا دیکھا، پھر مئی ۳۲۶ء میں اس کی والدہ سینٹ ہلینا کو کہیں سے ایک صلیب ملی، جس کے بارے میں لوگوں کا خیال یہ تھا کہ یہ وہی صلیب ہے جس پر (بزعم نصاریٰ) حضرت مسیح علیہ السلام کو سولی دی گئی تھی (اسی قصے کی یاد میں عیسائی حضرات ہر سال ۳ مئی کو ایک جشن مناتے ہیں، جس کا نام ہے "دریافتِ صلیب"، اس کے بعد سے صلیب کا نشان عیسائیت کا شعار (Symbol) بن گیا، اور عیسائی اپنی ہر نشست و برخاست میں اس نشان کو استعمال کرنے لگے، مشہور عیسائی عالم ٹرٹولین لکھتا ہے:۔

"ہر سفر و حضر اور آمد و رفت کے موقعہ پر، جوتے اتارتے وقت، نہاتے وقت، کھانا کھاتے اور شمعیں روشن کرتے وقت، سوتے وقت اور بیٹھتے وقت، غرض ہر حرکت و سکون کے وقت ہم اپنی ابرو پر صلیب کا نشان بناتے ہیں [1]"

عیسائی مذہب میں صلیب کے مقدس ہونے کی کیا وجہ ہے؟ جب کہ وہ اُن کے اعتقاد کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کی اذیت رسانی کا سبب بنی تھی؟ اس سوال کا جواب کسی عیسائی عالم کی تحریر میں ہمیں نہیں ملا، بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صلیب کی تقدیس کی بنیاد "کفارہ" کا عقیدہ ہے، یعنی چونکہ ان کے نزدیک صلیب

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

(اس کو اوپر اٹھا لیا گیا) اس سے ظاہر ہے کہ اُن کو اٹھانے والا کوئی اور تھا، اور ظاہر ہے کہ ان کو اٹھانے والا کوئی اور تھا، اور ظاہر ہے کہ اگر اس سے مراد خدا ہوتا تو یوں کہا جاتا کہ "وہ اوپر چلا گیا" کیونکہ خدا کو کوئی نہیں اٹھا سکتا،

[1] صلیب کی یہ تاریخ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۵۰۳، ج ۶ مقالہ "صلیب" سے ماخوذ ہے۔

Marfat.com

گناہوں کی معافی کا سبب بنی تھی، اس لئے وہ اس کی تعظیم کرتے ہیں،

## عقیدۂ حیاتِ ثانیہ ( Resurrection )

حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں عیسائی مذہب کا تیسرا عقیدہ یہ ہے کہ وہ سولی پر وفات پانے، اور قبر میں دفن ہونے کے بعد تیسرے دن پھر زندہ ہو گئے تھے، اور حواریوں کو کچھ ہدایات دینے کے بعد آسمان پر تشریف لے گئے،

دوبارہ زندہ ہونے کا یہ قصہ بھی موجودہ انجیلوں میں تفصیل کے ساتھ موجود ہے، اور چونکہ حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی نے اظہار الحق[1] میں اس قصّے کے غیر مستند اور متضاد ہونے کو کئی جگہ تفصیل سے ثابت کر دیا ہے، وہیں اس عقیدے کی تمام تفصیلات بھی موجود ہیں، اس لئے یہاں اس عقیدے پر تفصیلی گفتگو بیکار ہے،

## عقیدۂ کفّارہ ( The Aatonement )

حضرت مسیح علیہ السّلام کے بارے میں عیسائیت کا چوتھا اور آخری عقیدہ "کفّارہ" ہے، اس عقیدے کو پوری تفصیل کے ساتھ سمجھ لینا کئی وجہ سے ضروری ہے، اوّل تو اس لئے کہ بقول مسٹر ڈینیل ولسن[2] یہی عقیدہ عیسائی مذہب کی جان ہے، اور فی نفسہٖ سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے، اس سے پہلے جتنے عیسائی عقائد ہم نے بیان کئے ہیں اُن کو درحقیقت اسی عقیدے کی تمہید سمجھنا چاہیئے، دوسرے اس لئے کہ یہی وہ عقیدہ ہے جو اپنی پیچیدگی کے سبب خاص طور سے غیر عیسائی دنیا میں بہت کم سمجھا گیا ہے، تیسرے اس لئے کہ اس کو پورے طور پر نہ سمجھنے کی وجہ سے دو خرابیاں پیدا ہوئی ہیں، ایک تو یہ کہ کم از کم ہمارے ملک میں عیسائی مبلغین نے اس عقیدے

---

[1] یہ کتاب بائبل سے قرآن تک کے نام سے تین جلدوں میں اردو زبان میں شائع ہو چکی ہے۔ ناشر

[2] Daniel Wilson. *Evidences of Christianity* V. II P. 53 London 1830

کو جس طرح چاہا بیان کر دیا،[۱] اور ناواقف حضرات اصل حقیقت نہ جاننے کی وجہ سے غلط فہمیوں میں مبتلا ہو گئے، دوسرے جن حضرات نے عیسائی مذہب کی تردید میں قلم اٹھایا، ان میں سے بعض نے اس عقیدے پر وہ اعتراضات کئے جو درحقیقت اس پر عائد نہیں ہوتے، اور نتیجہ یہ ہوا کہ یہ اعتراضات حق بات کی صحیح وکالت نہ کر سکے ——— اس لئے ہم ذیل میں اس عقیدے کو قدرے تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں، تاکہ بات کے سمجھنے میں کوئی اشتباہ باقی نہ رہے۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں "عقیدۂ کفارہ" کی مختصر تشریح ان الفاظ کے ساتھ کی گئی ہے۔

"عیسائی علم عقائد میں "کفارہ" سے مراد یسوع مسیح کی وہ قربانی ہے جس کے ذریعہ ایک گناہ گار انسان یک لخت خدا کی رحمت کے قریب ہو جاتا ہے، اس عقیدے کی پشت پر دو مفروضے کارفرما ہیں، ایک تو یہ کہ آدم کے گناہ کی وجہ سے انسان خدا کی رحمت سے دور ہو گیا تھا، دوسرے یہ کہ خدا کی صفتِ کلام (بیٹا) اسلئے انسانی جسم میں آئی تھی کہ وہ انسان کو دوبارہ خدا کی رحمت سے قریب کر دے[۲]"

کہنے کو یہ ایک مختصر سی بات ہے، لیکن درحقیقت اس کے پسِ پشت تاریخی اور نظریاتی مفروضات کا ایک طویل سلسلہ ہے، جسے سمجھے بغیر عقیدے کا صحیح مفہوم ذہن نشین نہیں ہو سکتا، یہ مفروضات ہم نمبر وار درج ذیل کرتے ہیں:[۳]

---

[۱] مثال کے لئے ملاحظہ ہو پادری گولڈ سیک صاحب کا رسالہ "الکفارہ"، مطبوعہ پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور ۱۹۵۵ء

[۲] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۱۵۷ ج ۲ مقالہ "Atonement"

[۳] ہماری نظر میں عقیدۂ کفارہ کے پورے پسِ منظر کو سب سے زیادہ واضح طریقے سے سینٹ آگسٹائن نے اپنی مشہور کتاب (The Enchiridion) میں بیان کیا ہے، ہم اس عقیدے کی تشریح زیادہ تر اسی سے نقل کریں گے، مگر چونکہ آگسٹائن کی عبارتیں بہت طویل ہیں، اسلئے ہم ہر جگہ ان کو نقل کرنے کے بجائے حوالوں پر اکتفا کریں گے، جہاں دوسری کتابوں سے مدد لی گئی ہے وہاں حوالہ ساتھ ہی دیدیا گیا ہے،

Marfat.com

(۱) اس عقیدے کا سب سے پہلا مفروضہ یہ ہے کہ جس وقت پہلے انسان یعنی حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا تھا، اُس وقت انہیں ہر طرح کی راحتیں عطا کی گئی تھیں، اُن پر کوئی پابندی نہ تھی، البتہ صرف ایک پابندی یہ تھی کہ انہیں گندم کھانے سے منع کر دیا گیا تھا، اُس وقت ان میں قوتِ ارادی کو پوری طرح آزاد رکھا گیا تھا، جس کے ذریعہ وہ اگر چاہتے تو حکم کی پابندی بھی کر سکتے تھے، اور اگر چاہتے تو خلاف ورزی بھی کر سکتے تھے [۱]،

(۲) حضرت آدم علیہ السلام نے اس قوتِ ارادی کو غلط استعمال کیا، اور شجرۂ ممنوعہ کو کھا کر ایک عظیم گناہ کے مرتکب ہوئے، یہ گناہ کہنے کو ایک معمولی سا گناہ تھا لیکن درحقیقت اپنی کیفیت ( quality ) اور کمیت ( quantity ) دونوں کے اعتبار سے بڑا سنگین تھا، کیفیت کے اعتبار سے اس لئے کہ اوّل تو اس وقت حضرت آدمؑ کے لئے حکم کی بجا آوری بڑی آسان تھی، ان کو ہر قسم کے کھانے کی کھلی آزادی عطا کرنے کے بعد اُن پر صرف ایک پابندی عائد کی گئی تھی، جسے پورا کرنا بہت سہل تھا، اس کے علاوہ اُس وقت تک انسان میں ہوس اور شہوت کے جذبات نہیں تھے، جو انسان کو گناہ پر مجبور کرتے ہیں، اس لئے گندم سے دور رہنا اُن کے لئے کچھ مشکل نہ تھا، اور حکم کی تعمیل جتنی آسان ہو اس کی خلاف ورزی اتنی ہی سنگین ہوتی ہے، دوسرے اس لئے کہ یہ انسان کا پہلا گناہ تھا جس نے پہلی بار "اطاعت" کے بجائے "نافرمانی" کو جنم دیا، اس سے پہلے انسان نے کوئی "نافرمانی" نہیں کی تھی، اور جس طرح "اطاعت" تمام نیکیوں کی جڑ ہے، اسی طرح "نافرمانی" تمام گناہوں کی بنیاد ہے، حضرت آدمؑ کے گناہ نے یہ "بنیاد" قائم کر دی [۲]،

---

[۱] آگسٹائن، دی سٹی آف گاڈ کتاب نمبر ۱۴ باب نمبر ۱۱، ص ۲۵۵ ج ۲،

[۲] دی سٹی آف گاڈ کتاب نمبر ۱۴ باب نمبر ۱۲، ص ۲۵۷، ج ۲،

Marfat.com

اس کے ساتھ ساتھ یہ گناہ کیت کے اعتبار سے بھی بڑا سنگین تھا اس لئے کہ اس ایک گناہ میں بہت سے گناہ شامل ہو گئے تھے، جن کی وجہ سے یہ گناہوں کا مجموعہ بن گیا تھا، سینٹ آگسٹائن اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"انسان کے اس ایک گناہ میں کئی گناہ شامل تھے، اس لئے کہ ایک تو اس میں تکبر تھا، کیونکہ انسان نے خدا کی حکومت کے رہنے کے بجائے خود اپنے دائرہ اختیار میں رہنا پسند کیا، دوسرے یہ کفر اور خدا کی شان میں گستاخی کا گناہ بھی ہے، کیونکہ انسان نے خدا کا یقین نہیں کیا، تیسرے یہ قتل بھی تھا، کیونکہ اس گناہ کے ذریعہ انسان نے اپنے آپ کو "موت" کا مستحق بنا لیا، چوتھے یہ روحانی زنا بھی تھا، کیونکہ سانپ کی گمراہ کن مگر چکنی چپڑی باتوں (کی تصدیق) سے انسانی روح کا اخلاص خاک میں مل گیا تھا، پانچویں یہ چوری بھی تھی، کیونکہ جس غذا کو چھونا اس کے لئے ممنوع تھا وہ اسے اپنے استعمال میں لے آیا، چھٹے یہ لالچ بھی تھی، اس لئے کہ جتنی چیزیں انسان کے لئے کافی تھیں انسان نے اس سے زائد کی تمنا کی تھی، اور سچی بات تو یہ ہے کہ جس گناہ کی بھی حقیقت پر آپ نظر کریں گے اس کا ایک عکس اس ایک گناہ میں نظر آئے گا"[1]۔

(۳) چونکہ حضرت آدم علیہ السلام کا گناہ بے حد سنگین تھا، اس لئے اس کے دو اثرات مرتب ہوئے، ایک تو یہ کہ اس گناہ کی سزا میں حضرت آدم "دائمی موت" یا دائمی عذاب کے مستحق ہو گئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے "شجرۂ ممنوعہ" کو دکھا کر یہ کہہ دیا تھا کہ:

"جس روز تو نے اس میں سے کھایا، تو مرا" (پیدائش ۲:۱۷)

---

[1] Augustine. *The Enchiridion* XLV PP. 684 V.I

Marfat.com

دوسرا اثر یہ ہوا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو جو آزاد قوتِ ارادی (Free will) عطا کی گئی تھی، وہ ان سے چھین لی گئی، پہلے انہیں اس بات کی قدرت عطا کی گئی تھی کہ وہ اپنی مرضی سے نیک کام بھی کر سکتے تھے اور بُرے کام بھی لیکن چونکہ انہوں نے اس اختیار کو غلط استعمال کیا، اس لئے اب یہ اختیار ان سے چھین لیا گیا، آگسٹائن لکھتے ہیں۔

"جب انسان نے اپنی آزاد قوتِ ارادی سے گناہ کیا، تو چونکہ گناہ نے ان پر فتح پالی تھی اس لئے اُن کی قوتِ ارادی ختم ہو گئی، کیونکہ "جو شخص جس سے مغلوب ہے وہ اس کا غلام ہے" پطرس رسول کا فیصلہ ہے[1]،.....
لہٰذا اب اس کو نیک کام کرنے کی آزادی اُس وقت تک حاصل نہیں ہوگی جب تک وہ گناہ سے آزاد ہو کر نیکی کا غلام بننا شروع نہیں کرے گا[2]"

گویا جب تک وہ اپنے گناہ کی قید سے رہائی حاصل نہ کر لیں اس وقت تک کے لئے ان کے ارادے کی آزادی ختم ہو چکی ہے، اب وہ گناہ کرنے کے لئے تو آزاد ہیں، مگر نیکی کے لئے آزاد نہیں ہیں۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ خدا نے ایک گناہ کی سزا میں انسان کو دوسرے گناہوں میں کیوں مبتلا کر دیا؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے سینٹ تھامس ایکوینیاس لکھتے ہیں۔

درحقیقت گناہ کی اصل سزا یہ تھی کہ خدا نے اپنی رحمت انسان سے اٹھا لی، اور یہ سزا بالکل معقول ہے، لیکن خدا کی رحمت اٹھنے کیساتھ انسان میں مزید گناہ کے جذبات پیدا ہو گئے، لہٰذا ایک گناہ کے ذریعہ

---

[1] یہ پطرس کے دوسرے خط ۲: ۱۹ کی طرف اشارہ ہے،
[2] Enchiridion XXX P. 675 V.I. آگسٹائن نے تقریباً یہی بات دی سٹی آف گاڈ، ص ۲۵۵، ۲۵۶ ج ۲ میں بھی کہی ہے،

Marfat.com

بے شمار گناہوں میں مبتلا ہونا درحقیقت اسی پہلے گناہ کا لازمی خاصہ تھا جو بروئے کار آ کر رہا ہے[1]

(۴) چونکہ گناہ کرنے کے بعد حضرت آدمؑ اور حضرت حوّاؑ کی آزاد قوتِ ارادی ختم ہو گئی تھی، جس کا مطلب یہ تھا کہ وہ نیکی کے لئے آزاد نہ تھے، مگر گناہ کے لئے آزاد تھے، اس لئے ان کی سرشت میں "گناہ" کا عنصر شامل ہو گیا دوسرے الفاظ میں ان کا گناہ ان کی فطرت اور طبیعت بن گیا، اس گناہ کو اصطلاح میں اصلی گناہ ( Original sin ) کہا جاتا ہے۔

(۵) ان دونوں کے بعد جتنے انسان پیدا ہوئے یا آئندہ ہوں گے وہ سب چونکہ انہی کی صُلب اور پیٹ سے پیدا ہوئے تھے، اس لئے یہ "اصلی گناہ" تمام انسانوں میں منتقل ہوا، سینٹ آگسٹائن لکھتے ہیں۔

"اور واقعہ یہ ہوا کہ تمام وہ انسان جو اصلی گناہ سے داغدار ہو گئے آدم سے اور اس عورت سے پیدا ہوئے جس نے آدم کو گناہ میں مبتلا کیا تھا، اور جو آدم کے ساتھ سزا یافتہ تھی[2]"

گویا اب دنیا میں جو انسان بھی پیدا ہوتا ہے وہ ماں کے پیٹ سے گنہگار پیدا ہوتا ہے، اس لئے کہ اس کے ماں باپ کا اصلی گناہ اس کی سرشت میں بھی داخل ہے، سوال پیدا ہوتا ہے کہ گناہ تو ماں باپ نے کیا تھا، بیٹے اس کی وجہ سے گنہگار کیسے ہوتے؟ اس کا جواب دیتے ہوئے فرقہ پروٹسٹنٹ کا مشہور لیڈر جان کالون لکھتا ہے:۔

"جب یہ کہا جاتا ہے کہ ہم آدم کے گناہ کی وجہ سے خدائی سزا کے

---

[1] Aquinas, *The Summa Theologica Q.87, Art. 2, P. 710 V. 11*

[2] Augustine, *The Enchiridion XXVI Britannica P. 633 V. 4.*

"*Calvin*" *P. 673 V. 1*

Marfat.com

مستحق ہوگئے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ہم بذاتِ خود معصوم اور بے قصور تھے، اور آدم کا جرم خواہ مخواہ ہم پر ٹھونس دیا گیا ہے، ........

درحقیقت ہم نے آدم سے صرف "سزا" وراثت میں نہیں پائی، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ہم میں گناہ کا ایک وبائی مرض جاگزیں ہے، جو آدم سے ہم کو لگا ہے اور اس گناہ کی وجہ سے ہم پورے انصاف کے ساتھ سزا کے مستحق ہیں، اسی طرح شیر خوار بچے بھی اپنی ماں کے پیٹ سے سزا کا استحقاق لے کر آتے ہیں، اور یہ سزا خود اُن کے نقص اور قصور کی ہوتی ہے، کسی اور کے قصور کی نہیں[1]"

اور مشہور رومن کیتھولک عالم اور فلسفی تھامس ایکوئیناس ایک دوسری مثال کے ذریعہ اس کو واضح کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

"ہمارے ماں باپ کے گناہ کی وجہ سے "اصلی گناہ" ان کی اولاد میں بھی منتقل ہوگیا، اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے اصل میں گناہ تو روح کرتی ہے، لیکن پھر وہ گناہ جسم کے اعضاء کی طرف منتقل ہو جاتا ہے[2]"

(۶) چونکہ تمام بنی آدم "اصلی گناہ" میں ملوّث ہو گئے تھے، اور "اصلی گناہ" ہی تمام دوسرے گناہوں کی جڑ ہے، اس لئے اپنے ماں باپ کی طرح یہ انسان بھی آزاد قوّتِ ارادی سے محروم ہو گئے، اور ایک کے بعد دوسرے گناہ میں ملوث ہوتے گئے، یہاں تک کہ ان پر "اصلی گناہ" کے سوا دوسرے گناہوں کا بھی ایک پشتارہ لد گیا جو "اصلی گناہ" کے سبب انہوں نے خود کئے تھے،[3]

---

[1] Calvin, *Instit. bk. ii. ch i. Sec. 8, as* quoted by *the*

[2] The Summa Theologica *Q. 81, Art 3, P. 669 V. II*

[3] Augustine, *The Enchiridion XXVII P. 673 V.I*

Marfat.com

(۷) مذکورہ بالا گناہوں کی وجہ سے تمام بنی آدم اپنے ماں باپ کی طرح ایک طرف دائمی عذاب کے مستحق تھے، دوسری طرف اپنی آزاد قوتِ ارادی سے بھی محروم ہو گئے تھے، اس لئے اُن کے نجات اور مغفرت پانے کا کوئی راستہ نہ تھا، کیونکہ ان گناہوں سے نجات نیک کام کرنے سے ہوسکتی تھی، مگر آزاد قوتِ ارادی کے فقدان کے سبب وہ اُن نیک کاموں پر بھی قادر نہ رہے تھے جو انہیں عذاب سے نجات دلا سکتے [۱]،

(۸) انسان کے اس مصیبت سے چھٹکارا پانے کی ایک سبیل یہ ہوسکتی تھی کہ اللہ تعالیٰ اُن پر رحم کر کے انہیں معاف کر دے، لیکن یہ صورت بھی ممکن نہ تھی، اس لئے کہ خدا "عادل" اور "منصف" ہے وہ اپنے اٹل قوانین کی مخالفت نہیں کر سکتا، کتابِ پیدائش کے حوالے سے یہ بات گذر چکی ہے کہ "اصلی گناہ" کی سزا اس نے "موت" مقرر کر رکھی تھی، اب اگر وہ "موت" کی سزا دیئے بغیر انسانوں کو معاف کرے تو یہ اس کے قانونِ عدل کے منافی تھا [۲]،

(۹) دوسری طرف اللہ تعالیٰ "رحیم" بھی ہے، وہ اپنے بندوں کو اس حالتِ زار پر بھی چھوڑ نہیں سکتا تھا، اس لئے اس نے ایک ایسی تدبیر اختیار کی جس سے بندوں پر رحم بھی ہو جائے، اور قانونِ عدل کو بھی ٹھیس نہ لگے، بندوں کی قانونی رہائی کی شکل صرف یہ تھی کہ وہ ایک مرتبہ سزا کے طور پر مریں، اور پھر دوبارہ زندہ ہوں تاکہ، مرنے سے پہلے اصلی گناہ کی وجہ سے ان کی جو آزاد قوتِ ارادی ختم ہو گئی تھی وہ دوسری زندگی میں انہیں دوبارہ حاصل ہو جائے اور وہ اصلی گناہ کے بوجھ سے خلاصی حاصل کر کے آزادی کیساتھ نیکیاں کر سکیں [۳]،

---

[۱] ایضاً باب نمبر ۳۰ ص ۷۵، ۶ ج اوّل،

[۲] دیکھئے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۶۵۱، ۶۵۲ ج ۲ مقالہ "کفارہ"

[۳] آگسٹائن: دی سٹی آف گاڈ، ص ۲۵۵، ۲۵۶ ج ۲ کتاب نمبر ۱۴ باب نمبر ۱۱،

Marfat.com

(۱۰) لیکن تمام انسانوں کو دنیا میں ایک مرتبہ موت دے کر دوبارہ زندہ کرنا بھی قانونِ فطرت کے منافی تھا، اس لئے ضرورت اس بات کی تھی کہ کوئی ایسا شخص تمام انسانوں کے گناہوں کے اس بوجھ کو اٹھائے جو خود اصلی گناہ سے معصوم ہو، خدا اُسے ایک مرتبہ موت کی سزا دے کر دوبارہ زندہ کر دے، اور یہ سزا تمام انسانوں کے لئے کافی ہو جائے، اور اس کے بعد تمام انسان آزاد ہو جائیں۔

اس عظیم مقصد کے لئے خدا نے خود اپنے "بیٹے" کو چُنا، اور اس کو انسانی جسم میں دنیا کے اندر بھیجا، اس نے یہ قربانی پیش کی، کہ خود سولی پر چڑھ کر مر گیا، اور اس کی موت تمام انسانوں کی طرف سے کفارہ ہو گئی [۱] اور اس کی وجہ سے تمام انسانوں کا نہ صرف اصلی گناہ معاف ہو گیا، بلکہ انہوں نے اصلی گناہ کے سبب جتنے گناہ کئے تھے وہ بھی معاف ہو گئے [۲] اور پھر یہی بیٹا تین دن کے بعد دوبارہ زندہ ہو گیا، اور اس سے تمام انسانوں کو نئی زندگی مل گئی، اس نئی زندگی میں وہ آزاد قوتِ ارادی کے مالک ہیں، اگر اپنی قوتِ ارادی کو نیکیوں میں استعمال کریں گے تو اجر پائیں گے، اور اگر بدی میں استعمال کریں گے تو بدی کی کیفیت کے لحاظ سے عذاب کے مستحق ہوں گے [۳]

(۱۱) لیکن "یسوع مسیح" کی یہ قربانی صرف اُس شخص کے لئے ہے جو یسوع مسیح پر ایمان رکھے، اور ان کی تعلیمات پر عمل کرے، اور اس ایمان کی علامت "بپتسمہ" کی رسم ادا کرنا ہے [۴]، بپتسمہ لینے کا مطلب بھی یہی ہے کہ بپتسمہ لینے والا یسوع مسیح کے کفارے پر ایمان رکھتا ہے، اس لئے یسوع مسیح کے واسطہ سے اس کا بپتسمہ لینا اس کی موت اور دوسری زندگی کے قائم مقام ہو جاتا ہے، لہٰذا جو شخص بپتسمہ لے گا

---

[۱] ایضاً۔

[۲] The Enchiridion L P. 687 V. I

[۳] Ibid, 60 ch. Lii P. 688 V. I

[۴] اس رسم کی تشریح انشاء اللہ آگے آئے گی۔

Marfat.com

اس کا اصلی گناہ معاف ہوگا، اور اُسے نئی قوتِ ارادی عطا کی جائے گی، اور جو شخص بپتسمہ نہ لے اس کا اصلی گناہ برقرار ہے، جس کی وجہ سے وہ دائمی عذاب کا مستحق ہوگا،

یہی وجہ ہے کہ ایکویناس لکھتا ہے -

"جو بچے بپتسمہ لینے سے پہلے مر گئے ان میں چونکہ اصلی گناہ برقرار ہے اس لئے وہ کبھی خداوند کی بادشاہت نہیں دیکھیں گے [۱]"

(۱۲) جو لوگ حضرت مسیح علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے انتقال پاگئے ان میں بھی یہ دیکھا جائے گا کہ وہ یسوع مسیح پر ایمان رکھتے تھے یا نہیں؟ اگر ایمان رکھتے ہوں گے تو یسوع مسیح کی موت ان کے لئے بھی کفارہ ہوگی، اور وہ بھی نجات پائیں گے ورنہ نہیں [۲]،

(۱۳) جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا، جن لوگوں نے یسوع مسیح پر ایمان لاکر بپتسمہ لیا ہے اُن کے لئے مسیح ؑ کے کفارہ ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اب وہ کتنے ہی گناہ کرتے رہیں انہیں سزا نہیں ملے گی، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا اصلی گناہ معاف ہوگیا جو دائمی عذاب کا متقاضی تھا، اور اس کے ساتھ وہ گناہ ختم ہوگئے جو اصلی گناہ کے سبب سے وجود میں آئے تھے، لیکن اب انہیں ایک نئی زندگی ملی ہے، اس نئی زندگی میں وہ آزاد قوتِ ارادی کے مالک ہیں، اگر انہوں نے اس قوتِ ارادی کو غلط استعمال کیا تو جس قسم کا وہ گناہ کریں گے ویسی ہی سزا کے مستحق ہوں گے، اگر بپتسمہ لینے کے بعد انہوں نے کوئی ایسا گناہ کیا جو انہیں ایمان سے خارج کردے، تو وہ پھر دائمی عذاب کے مستحق ہوں گے، اور یسوع مسیح کا کفارہ اُن کے لئے کافی نہ ہوگا، لہٰذا چرچ جن لوگوں کو "نفاق"

---

[۱] Aquinas. The Summa Theologica 875 P. 714 V. II.

[۲] Augustine. On Original Sin ch. XXXI P. 641 V. I

( Schism ) یا "بدعت" ( Heresy ) کے الزام میں برادری سے خارج کردے وہ دائمی عذاب کے مستحق ہیں [1]،

اور اگر انہوں نے کوئی معمولی گناہ کیا ہے تو وہ عارضی طور پر کچھ عرصہ کے لئے جہنم کے اس حصہ میں جائیں گے جو مومنوں کو گناہ سے پاک کرنے کے لئے بنایا گیا ہے، اور جس کا نام ...... "مطہر" ( purgatory ) ہے اور کچھ عرصہ وہاں رہ کر پھر جنت میں بھیج دیئے جائیں گے [2]،

بلکہ بعض عیسائی علماء کا کہنا تو یہ ہے کہ صرف "کفر" ہی نہیں، بلکہ گناہ کبیرہ بھی انسان کو یسوع مسیح کے کفارے سے الگ کر دیتا ہے، اور وہ دائمی عذاب کا مستحق بن جاتا ہے، سینٹ آگسٹائن نے اس مسئلے پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے اور ( Enchiridion ) میں اس کی بعض عبارتوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسی رائے کی طرف مائل ہے،

## اس عقیدے کے منکر

یہ ہے [3] عقیدۂ کفارہ کی حقیقت! عیسائیوں

---

[1] The Enchiridion LXVII P. 691 V. 1

[2] *The Ench. ch. LXIX P. 699 V. I*

[3] عقیدۂ کفارہ پر مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی نے اظہار الحق کے مختلف مقامات پر بالخصوص تیسرے باب میں بڑی جامع و مانع بحثیں کی ہیں، تاہم اس عقیدے کے ایک ایک جزو پر بحث کرنے کے لئے ایک مفصل مقالے کی ضرورت ہے، اور چونکہ ہم یہاں عیسائی عقائد کو محض نقل کر رہے ہیں، اس لئے یہاں بھی کسی مفصل تبصرے کی گنجائش نہیں ہے، لیکن ذیل میں ہم اس مسئلے کے چند بنیادی نکات کی طرف اشارہ کر دینا ضروری سمجھتے ہیں، جو اس مسئلے میں فیصلہ کن اہمیت کے حامل ہیں، اور شاید ان کو ذہن میں رکھنے کے بعد اس عقیدے کی غلطیاں اچھی طرح سامنے آجائیں گی، یہ نکات مندرجہ

( بقیہ آئندہ صفحہ پر )

Marfat.com

کی بھاری اکثریت شروع سے اس عقیدے کو مذہب کی بنیاد سمجھ کر مانتی آئی ہے۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

ذیل ہیں۔

(۱) سب سے پہلے تو اس کی تحقیق ہونی چاہیئے کہ حضرت آدمؑ کی لغزش کوئی گناہ تھی یا نہیں؟

(۲) پھر اس عقیدے میں اصلی گناہ کو دو طریقے سے منتقل کیا گیا ہے، ایک حضرت آدمؑ سے اُن کی تمام اولاد کی طرف، اور پھر اس اولاد سے حضرت مسیحؑ کی طرف، سوال یہ ہے کہ خدا کے قانونِ عدل میں ایک کا گناہ دوسرے پر لادنے کی گنجائش کہاں ہے؟ توراۃ میں تو ہمیں یہ عبارت ملتی ہے کہ:

"جو جان گناہ کرتی ہے وہی مرے گی، بیٹا باپ کے گناہ کا بوجھ نہ اٹھائے گا، اور نہ باپ بیٹے کے گناہ کا بوجھ، صادق کی صداقت اسی کے لئے ہوگی، اور شریر کی شرارت شریر کے لئے،، (حزقی ایل ۱۸: ۲۰)

(۳) کالون نے آدمؑ کے بیٹوں کی طرف گناہ کے منتقل ہونے کی جو مثال وبائی مرض سے دی ہے وہ کسی طرح درست نہیں ہے، اس لئے کہ اوّل تو یہ مسئلہ ہی محلِ نظر ہے کہ ایک شخص کا مرض دوسرے کو لگتا ہے، یا نہیں؟ پھر اگر اُسے تسلیم بھی کر لیا جائے تو مرض ایک غیر اختیاری چیز ہے، اُسے گناہ پر قیاس نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ قابلِ سزا گناہ عقلاً وہی ہے جو انسان اپنے اختیار سے کرے، اگر کسی کو غیر اختیاری طور پر کوئی مرض لگ جائے، تو نہ اسے اس پر ملعون کیا جاتا ہے، اور نہ سزا کے لائق سمجھا جاتا ہے، پھر آپ انسان کو اس گناہ پر کیوں قابلِ سزا سمجھتے ہیں جس میں اس کے اختیار کو کوئی دخل نہیں،

(۴) اسی طرح اکوئناس کی بیان کردہ مثال بھی صحیح نہیں ہے، کیونکہ اصل میں گناہ گار انسان ہے، لیکن انسان چونکہ نام ہی جسم اور روح کے مجموعے کا ہے، اسلئے ان میں سے ہر ایک گناہ گار ہے، اس کے برخلاف حضرت آدمؑ کا وجود اپنی تمام اولاد سے مرکب نہیں ہے کہ حضرت آدمؑ کو اس وقت تک گناہ گار نہ کہا جا سکے جب تک کہ ان کی اولاد کو گناہ گار قرار نہ دیا جاتے،

(بقیہ آئندہ صفحہ پر)

Marfat.com

تاہم کلیسا کی تاریخ میں ایسے لوگ بھی ملتے ہیں جنہوں نے اس عقیدے کا انکار کیا ہے، ان لوگوں میں غالباً سب سے پہلا شخص کوایلیس شیبس ( Coelestius ) ہے، جس کے نظریات آگسٹائن کے

(۵) اگر آدمؑ کے ہر بیٹے میں اصلی گناہ خلقی طور پر منتقل ہوا ہے تو حضرت عیسٰی علیہ السلام کے انسانی وجود میں کیوں منتقل نہیں ہوا؟ حالانکہ وہ بھی تمام انسانوں کی طرح حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے بطن سے پیدا ہوئے تھے، اور عیسائی عقائد کے مطابق خدا ہونے کے ساتھ انسان بھی تھے، اور اپنی انسانی حیثیت سے ہی انہیں سُولی پر چڑھایا بھی گیا تھا۔

(۶) پھر تمام انسانوں کے گناہ کی وجہ سے ایک معصوم اور بے گناہ جان کو (اس کی رضامندی سے سہی) سُولی پر چڑھا دینا انصاف کا کیا تقاضا ہے؟ اگر کوئی شخص کسی عدالت میں یہ پیشکش کرے کہ فلاں چور کی بدنی سزا میں بھگتنے کو تیار ہوں، تو کیا چور کو آزاد کر دیا جائے گا؟ — حزقی ایل کی مذکورہ عبارت بھی اس کی تردید کرتی ہے،

(۷) یہ کہا جاتا ہے کہ خدا عادل ہے، اس لئے وہ بغیر سزا کے گناہ معاف نہیں کر سکتا، لیکن یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک بالکل غیر اختیاری گناہ کی وجہ سے نہ صرف انسان کو دائمی عذاب میں مبتلا کیا جائے، بلکہ اس کی قوتِ ارادی بھی سلب کر لیا جائے؟

(۸) کہا جاتا ہے کہ خدا محض توبہ سے اصلی گناہ معاف نہیں کر سکتا، حالانکہ تورات میں ہے:

> "اگر شریر اپنے تمام گناہوں سے جو اس نے کئے ہیں باز آئے، اور میرے سب آئین پر چل کر جو جائز اور روا ہے کرے تو وہ یقیناً زندہ رہے گا وہ نہ مرے گا" (حزقی ایل ۱۸: ۲۱)

(۹) اگر یہ عقیدہ درست ہے تو حضرت عیسٰی علیہ السلام نے اسے پوری وضاحت کے ساتھ کیوں بیان نہیں فرمایا؟ اناجیل کی کوئی عبارت ایسی نہیں ہے جس سے مذکورہ عقیدے کو مستنبط کیا جا سکے، اسی کتاب کے دوسرے باب میں ہم اس کو قدرے تفصیل سے ذکر کریں گے،

Marfat.com

الفاظ میں یہ تھے۔

"آدم علیہ السلام کے گناہ سے صرف آدمؑ ہی کو نقصان پہنچا تھا، بنی نوع انسان پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑا، اور شیر خوار بچے اپنی پیدائش کے وقت اسی حالت میں ہوتے ہیں جس حالت میں آدمؑ اپنے گناہ سے پہلے تھے[1]"

لیکن ان نظریات کو کارتھیج کے مقام پر بشپوں کی ایک کونسل نے "بدعتی" قرار دے دیا تھا، اس کے بعد بھی بعض لوگوں نے اس عقیدے کا انکار کیا ہے جن کا حال انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کے مقالہ کفّارہ میں موجود ہے۔

## عبادات اور رسمیں

**اصولِ عبادت** عیسائی مذہب میں عبادت کے کیا کیا طریقے ہیں؟ یہ معلوم کرنے سے پہلے مناسب ہوگا کہ اس کے بنیادی اصولِ عبادت کو سمجھ لیا جائے، مسٹر ریمنڈ ایبّا (Raymond Abba) کے بیان کے مطابق یہ اصول کل چار ہیں:

(۱) "عبادت" درحقیقت اس قربانی کا شکرانہ ہے جو "کلمۃ اللہ" یعنی حضرت مسیحؑ نے بندوں کی طرف سے دی تھی[2]،

(۲) دوسرا اصول یہ ہے کہ صحیح عبادت روح القدس ہی کے عمل سے ہوسکتی ہے، پولس رومیوں کے نام اپنے خط میں لکھتا ہے:

"جس طور سے ہمیں دعا کرنی چاہیئے ہم نہیں جانتے، مگر روح خود ایسی آہیں بھر بھر کر ہماری شفاعت کرتا ہے جن کا بیان نہیں ہوسکتا"، (رومیوں ۸: ۲۶)

(۳) تیسرا اصول یہ ہے کہ "عبادت" درحقیقت ایک اجتماعی فعل

---

[1] Augustine, *On Original Sin ch. 621 II P. V. I*

[2] *Principles* of *Christian Worship, Oxford 1960 P.3,*

Marfat.com

ہے، جو کلیسا انجام دے سکتا ہے اگر کوئی شخص انفرادی طور پر کوئی عبادت کرنا چاہے تو وہ بھی اُسی وقت ممکن ہے جب وہ کلیسا کا رُکن ہو،

(۴) چوتھا اصول یہ کہ "عبادت" کلیسا کا بنیادی کام ہے، اور اسی کے ذریعہ وہ "مسیح کے بدن" کی حیثیت سے دنیا کے سامنے پیش ہوتا ہے۔

**حمد خوانی** عیسائی مذہب میں عبادت کے طریقے تو بہت سے ہیں لیکن ہم اس مختصر مضمون میں صرف دو طریقے بیان کر سکتے ہیں جو کثرت سے اختیار کئے جاتے ہیں اور جن کا ذکر عیسائیت پر کی جانے والی اکثر بحثوں میں بار بار آتا ہے، ——— ان میں سے ایک "حمد خوانی" کی عبادت ہے، جسے مسلمانوں کو سمجھانے کے لئے پادری صاحبان "نماز" بھی کہہ دیتے ہیں۔

مسٹر ایف، سی برکٹ ( F. C. Burkitt, ) کے بیان کے مطابق اس عبادت کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ہر روز صبح شام لوگ کلیسا میں جمع ہوتے ہیں، اور ان میں سے ایک شخص بائبل کا کوئی حصہ پڑھتا ہے، یہ حصہ عام طور سے زبور کا کوئی ٹکڑا ہوتا ہے، زبور خوانی کے دوران تمام حاضرین کھڑے رہتے ہیں، زبور کے ہر نغمے کے اختتام پر گھٹنے جھکا کر دعا کی جاتی ہے، اور اس دعا کے موقع پر گناہوں کے اعتراف کے طور پر آنسو بہانا بھی ایک پسندیدہ فعل ہے، یہ طریقہ تیسری صدی عیسوی سے مسلسل چلا آرہا ہے، اتھاناسیس کی بعض تحریریں ابھی تک باقی ہیں جن میں اس طریقے کی تلقین کی گئی ہے[1]،

---

[1] *The Christian Religion PP. 152, 153 V. 3, Cambridge 1930*

Marfat.com

**بپتسمہ** بپتسمہ یا اصطباغ ( Baptism ) عیسائی مذہب کی پہلی رسم ہے، یہ ایک قسم کا غسل ہوتا ہے، جو عیسائی مذہب میں داخل ہونے والے کو دیا جاتا ہے، اور اس کے بغیر کسی انسان کو عیسائی نہیں کہا جاسکتا، اس رسم کی پشت پر بھی کفارے کا عقیدہ کارفرما ہے، عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ بپتسمہ لینے سے انسان یسوع مسیح کے واسطے سے ایک بار مر کر دوبارہ زندہ ہوتا ہے، موت کے ذریعہ اُسے "اصلی گناہ" کی سزا ملتی ہے، اور نئی زندگی سے اُسے آزاد قوتِ ارادی حاصل ہوتی ہے [۱]، ——— جو لوگ عیسائی مذہب میں داخل ہونا چاہتے ہیں تو انہیں شروع میں ایک عبوری دور سے گذرنا پڑتا ہے، جس میں وہ مذہب کی بنیادی تعلیمات حاصل کرتے ہیں، اس عرصے میں وہ "عیسائی" نہیں کہلاتے، بلکہ "کیٹ چومینس" ( Catechumens ) کہلاتے ہیں، اور انہیں عشاء ربانی کی رسم میں شمولیت کی اجازت نہیں ہوتی، پھر ایسٹر کی تقریبات سے کچھ پہلے یا پینٹی کوسٹ کی عید سے کچھ قبل انہیں بپتسمہ دیا جاتا ہے [۲]،

بپتسمہ کے عمل کے لئے کلیسا میں ایک مخصوص کمرہ ہوتا ہے، اور اس عمل کے لئے مخصوص آدمی معین ہوتے ہیں، یروشلم کے مشہور عالم سائرل ( Cyril ) نے اس رسم کو بجالانے کا طریقہ یہ لکھا ہے کہ بپتسمہ کے امیدوار کو بپتسمہ کے کمرے میں ( Baptistry ) میں اس طرح لٹا دیا جاتا ہے کہ اس کا رخ مغرب کی طرف ہو، پھر امیدوار اپنے ہاتھ مغرب کی طرف پھیلا کر کہتا ہے کہ:

"اے شیطان! میں تجھ سے اور تیرے ہر عمل سے دستبردار ہوتا ہوں۔"

---

[۱] Augustine, *The Enchiridion* XLII P. 688 V. I

[۲] *The Christian* Religion P. 150, 152 V. 3

Marfat.com

پھر وہ مشرق کی طرف رُخ کر کے زبان سے عیسائی عقائد کا اعلان کرتا ہے اس کے بعد اسے ایک اندرونی کمرے میں لے جایا جاتا ہے۔ جہاں اس کے تمام کپڑے اتار دیئے جاتے ہیں، اور سر سے پاؤں تک ایک دم کئے ہوئے تیل سے اس کی مالش کی جاتی ہے، اس کے بعد اسے بپتسمہ کے حوض میں ڈال دیا جاتا ہے، اس موقع پر بپتسمہ دینے والے اس سے تین سوال کرتے ہیں، کہ کیا وہ باپ، بیٹے اور روح القدس پر مقررہ تفصیلات کے ساتھ ایمان رکھتا ہے؟ ہر سوال کے جواب میں امیدوار کہتا ہے کہ "ہاں میں ایمان رکھتا ہوں"، اس سوال جواب کے بعد اُسے حوض سے نکال لیا جاتا ہے، اور اس کی پیشانی، کان، ناک اور سینے پر دم کئے تیل سے دوبارہ مالش کی جاتی ہے، اور پھر اس کو سفید کپڑے پہنا دیئے جاتے ہیں، جو اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ بپتسمہ کے ذریعے یہ شخص سابقہ تمام گناہوں سے پاک صاف ہو چکا ہے،

اس کے بعد بپتسمہ پانے والوں کا جلوس ایک ساتھ کلیسا میں داخل ہوتا ہے اور پہلی بار عشاء ربانی کی رسم میں شریک ہوتا ہے [۱]"

## عشاء ربانی

عیسائی مذہب اختیار کرنے کے بعد یہ اہم ترین رسم ہے جو حضرت مسیحؑ کی مبینہ قربانی کی یادگار کے طور پر منائی جاتی ہے حضرت مسیحؑ نے مزعومہ گرفتاری سے ایک دن پہلے حواریوں کے ساتھ رات کا کھانا کھایا تھا، کھانے کی اس مجلس کا حال انجیل متی میں اس طرح ذکر کیا گیا ہے کہ:

"جب وہ کھا رہے تھے تو یسوع مسیح نے روٹی لی، اور برکت دے کر توڑی، اور شاگردوں کو دے کر کہا، لو کھاؤ، یہ میرا بدن ہے، پھر پیالہ لے کر شکر کیا اور ان کو دے کر کہا تم سب اس میں سے پیو، کیونکہ یہ میرا وہ عہد کا خون ہے جو بہتیروں کے لئے گناہوں کی معافی کے واسطے بہایا

---

[۱] یہ پوری تفصیل انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۸۲ ج ۳ مقالہ "بپتسمہ" میں سائرل کے حوالہ سے بیان کی گئی ہے،

Marfat.com

جاتا ہے۔" (متی ۲۶: ۲۶)

لوقا اس واقعہ پر اتنا اضافہ اور کرتا ہے کہ اس کے بعد حضرت مسیحؑ نے حواریوں سے کہا کہ :-

"میری یادگاری کے لئے یہی کیا کرو۔" (لوقا ۲۲: ۱۹)

عشاء ربانی کی رسم اسی حکم کی تعمیل کے طور پر منائی جاتی ہے، عیسائیوں کے مشہور عالم جسٹن مارٹر اپنے زمانے میں اس رسم کو بجالانے کا طریقہ یہ لکھتے ہیں کہ ہر اتوار کو کلیسا میں ایک اجتماع ہوتا ہے، شروع میں کچھ دعائیں اور نغمے پڑھے جاتے ہیں، اس کے بعد حاضرین ایک دوسرے کا بوسہ لے کر مبارک باد دیتے ہیں، پھر روٹی اور شراب لائی جاتی ہے، اور صدرِ مجلس اس کو لے کر باپ بیٹے اور روح القدس سے برکت کی دعا کرتا ہے، جس پر تمام حاضرین آمین کہتے ہیں۔ پھر کلیسا کے خدام ( Deacons ) روٹی اور شراب کو تمام حاضرین میں تقسیم کرتے ہیں، اس عمل سے فوراً روٹی مسیحؑ کا بدن بن جاتی ہے، اور شراب مسیحؑ کا خون اور تمام حاضرین اسے کھا پی کر اپنے عقیدۂ کفارہ کو تازہ کرتے ہیں[1]۔

جسٹن کے بعد رسم بجالانے کے طریقوں اور اس میں استعمال کئے جانے والے الفاظ میں کافی تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں، لیکن رسم کی بنیادی بات یہی ہے کہ صدرِ مجلس جب روٹی اور شراب حاضرین کو دیتا ہے، تو وہ عیسائی عقیدے کے مطابق فوراً اپنی ماہیت تبدیل کر کے مسیحؑ کا بدن اور خون بن جاتی ہے، اگرچہ ظاہری طور پر وہ کچھ ہی نظر آتی ہو، سائرل لکھتا ہے :-

"جس وقت صدرِ مجلس دعا سے فارغ ہوتا ہے تو روح القدس، جو خدا

---

[1] Justin Martyr, *Apol. I,65 - 67* quoted by F. C. Burkitt, *The Christian Religion P. 149 V. III*

Marfat.com

کا ایک زندہ جاوید اقنوم ہے، روٹی اور شراب پر نازل ہوتا ہے، اور
انہیں بدن اور خون میں تبدیل کر دیتا ہے [۱]"

یہ بات عرصہ دراز تک بحث و تمحیص کا موضوع بنی رہی ہے، کہ روٹی اور شراب دیکھتے ہی دیکھتے کس طرح بدن اور خون میں تبدیل ہو جاتی ہیں؟ یہاں تک کہ سولھویں صدی عیسوی میں جب پروٹسٹنٹ فرقہ نمودار ہوا، تو اس نے اس عقیدے کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا، اس کے نزدیک یہ رسم محض حضرت مسیحؑ کی قربانی کی یادگار ہے، لیکن روٹی کا بدن اور شراب کا خون بن جانا اُسے تسلیم نہیں ہے،

عشاء ربانی (Lord's Supper) کے علاوہ اس رسم کے مندرجہ ذیل نام اور بھی ہیں:

شکرانہ (Eucharist) مقدس غذا (Sacred meal)
اور مقدس اتحاد (Holy communion)

بپتسمہ اور عشاء ربانی کے علاوہ رومن کیتھولک فرقہ کے نزدیک پانچ مذہبی رسمیں .... (اور ہیں، لیکن پروٹسٹنٹ فرقہ انہیں تسلیم نہیں کرتا، کالون لکھتا ہے:

"ان (مذہبی رسوم) میں سے صرف دو رسمیں وہ ہیں جو ہمارے مسیحؑ نے مقرر کی ہیں بپتسمہ اور عشاء ربانی، کیونکہ پوپ کی حکمرانی میں جو سات رسمیں بنائی گئی ہیں، انہیں ہم من گھڑت اور جھوٹ سمجھتے ہیں [۲]"

چونکہ یہ پانچ رسمیں متفق علیہ نہیں ہیں، اور ان سے واقف ہونے کی زیادہ ضرورت بھی نہیں ہے، اس لئے ہم اختصار کے پیشِ نظر ان کو نظر انداز کرتے ہیں۔

---

[۱] Cyril, *Cat. Myst.* k. quoted by the *Britannica* P. 795 V. 8 "EUCHARIST"

[۲] Calvin, Genevan confession 76, trans. by J.K.S. Reid

Marfat.com

# بنی اسرائیل کی تاریخ کا ایک خاکہ[1]

اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام ہے، ان کے بارہ صاحبزادے تھے، اور انہی کی اولاد کو بنی اسرائیل کہا جاتا ہے، عہد قدیم میں اللہ تعالیٰ نے اسی خانوادے کو منصب نبوت کے لئے چنا تھا، اور اس میں بے شمار پیغمبر مبعوث ہوئے، بلکہ بنی اسرائیل کا اصل وطن فلسطین کے علاقے تھے، لیکن عمالقہ نے اس خطے پر غاصبانہ قبضہ کر کے اسرائیلیوں کو فراعنۂ مصر کی غلامی پر مجبور کر دیا تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں انہیں اس غلامی سے نجات حاصل ہوئی، لیکن ابھی یہ فلسطین کو دوبارہ حاصل نہ کر سکے تھے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام وفات پا گئے، آپ کے بعد حضرت یوشع اور ان کے بعد حضرت کالب علیہما السلام پیغمبر ہوئے، حضرت یوشع علیہ السلام نے اپنے زمانے میں عمالقہ سے جہاد کر کے فلسطین کا ایک بہت بڑا علاقہ فتح کر لیا، لیکن ان دونوں حضرات کے بعد بنی اسرائیل کو چاروں طرف سے مختلف یورشوں کا سامنا کرنا پڑا، اس زمانے تک بنی اسرائیل عربوں کے مانند نیم خانہ بدوش تھے، اور ان کی زندگی تمدنی سے زیادہ قبائلی انداز کی تھی تاہم جو شخص ان کے قبائلی قوانین کی بناء پر بین القبائلی جھگڑوں کو خوب صورتی سے رفع کر دیتا ہے، اسے بنی اسرائیل تقدس کی نظر سے دیکھتے تھے، اور اگر اس میں کچھ عسکری صلاحیتیں پاتے تو بیرونی حملوں کے مقابلے کے لئے اسی کو اپنا سپہ سالار بھی بنا لیا جاتا، اس قسم کے لیڈروں کو بنی اسرائیل "قاضی" کہہ کر پکارتے تھے، بائبل کی کتاب قضاۃ ( Judges ) ان ہی رہنماؤں کے کارناموں کی داستان ہے، اور اس زمانے کو اسی مناسبت سے

---

[1] یہ خاکہ بائبل کے عہد نامۂ قدیم، انسائیکلوپیڈیا اور برٹانیکا سے ماخوذ ہے۔

Marfat.com

"قاضیوں کا زمانہ" کہتے ہیں ۔

قاضیوں کے زمانے میں جہاں بنی اسرائیل نے بیرونی حملوں کا کامیاب دفاع کیا، وہاں گیارہویں صدی قبل مسیح میں وہ کنعانیوں کے ہاتھوں مغلوب بھی ہوئے، اور فلسطین کے بڑے علاقے پر کنعانیوں کی سیادت قائم ہو گئی، جو حضرت داؤدؑ کے عہد تک قائم رہی،

بالآخر جب حضرت سموئیل علیہ السلام پیغمبر بنا کر بھیجے گئے تو بنی اسرائیل نے اُن سے درخواست کی کہ ہم اب اس خانہ بدوشی کی زندگی سے تنگ آچکے ہیں، اللہ تعالیٰ سے درخواست کیجئے کہ وہ ہمارے اوپر ایک بادشاہ مقرر فرما دے، جس کے تابع فرمان ہو کر ہم فلسطینیوں کا مقابلہ کریں، ان کی درخواست پر ان ہی میں سے ایک شخص کو بادشاہ مقرر کر دیا گیا، جس کا نام قرآن کریم کے بیان کے مطابق طالوت تھا، اور بائبل کی روایت کے مطابق ساؤل، (۱۔ سموئیل ۱۲ :۱) طالوت نے فلستیوں کا مقابلہ کیا، حضرت داؤد علیہ السلام اس وقت نوجوان تھے، اور طالوت کے لشکر میں اتفاقاً شامل ہو گئے تھے، فلسطینیوں کے لشکر سے ایک پہلوان جالوت نے مبارز طلب کیا، تو حضرت داؤد اس کے مقابلے پر نکلے، اور اُسے قتل کر دیا اس واقعے نے انہیں بنی اسرائیل میں اتنی ہردلعزیزی عطا کر دی کہ ساؤل کے بعد وہ بادشاہ بنے، اور یہ پہلا موقع تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بادشاہ کو پیغمبری عطا کی تھی، حضرت داؤد کے عہد میں فلسطین پر بنی اسرائیل کا قبضہ تقریباً مکمل ہو گیا، ان کے بعد ۹۷۰ ق م میں حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سلطنت کو اور مستحکم کر کے اُسے اقبال کے عروج تک پہنچا دیا، انہوں نے ہی خدا کے حکم سے بیت المقدس کی تعمیر کی، اور سلطنت کا نام اپنے جدّ امجد کے نام پر "یہوداہ" رکھا، لیکن جب ۹۳۷ ق م میں حضرت سلیمانؑ کی وفات کے بعد ان کا بیٹا رحبعام سلطنت کے تخت پر بیٹھا تو اس نے اپنی نااہلیت سے نہ صرف یہ کہ سلطنت کی

Marfat.com

دینی فضاء کو ختم کر ڈالا بلکہ اس کے سیاسی استحکام کو بھی سخت نقصان پہنچایا اسی کے زمانے میں حضرت سلیمانؑ کے ایک سابقہ خادم یربعام نے بغاوت کر کے ایک الگ سلطنت اسرائیل کے نام سے قائم کر لی، اور اب بنی اسرائیل دو ملکوں میں تقسیم ہو گئے، شمال میں اسرائیلی سلطنت تھی۔ جس کا پایۂ تخت سامرہ ( Somaria ) تھا، اور جنوب میں یہودیہ کی سلطنت تھی جس کا مرکز یروشلم تھا، ان دونوں ملکوں میں باہم سیاسی اور مذہبی اختلافات کا ایک طویل سلسلہ قائم ہو گیا، جو بخت نصر کے حملے کے وقت تک جاری رہا دونوں ملکوں میں رہ رہ کر بت پرستی کا رواج بڑھنے لگتا، تو اس کے سدِّ باب کے لئے انبیاء علیہم السلام مبعوث ہوتے رہتے تھے، جب بنی اسرائیل کی بداعمالیاں حد سے گذر گئیں تو اللہ نے اُن پر شاہ بابل بخت نصر کو مسلّط کر دیا اس نے ۵۸۶ ق م میں یروشلم پر زبردست حملے کئے اور آخری حملے میں یروشلم کو بالکل تباہ کر ڈالا، اور اس کے بادشاہ صدقیاہ کو قید کر کے لے گیا بقیۃ السیف یہودی بھی گرفتار ہو کر بابل چلے گئے۔ اور عرصۂ دراز تک غلامی کی زندگی گذارتے رہے،

بالآخر جب ۵۳۶ قبل مسیح میں ایران کے بادشاہ سائرس نے بابل فتح کر لیا تو اس نے یہودیوں کو دوبارہ یروشلم پہنچ کر اپنا بیت المقدس تعمیر کرنے کی اجازت دی، چنانچہ ۵۱۵ ق م میں بیت المقدس کو دوبارہ تعمیر کیا گیا اور یہودی ایک بار پھر یروشلم میں آباد ہو گئے۔

اسرائیل کی سلطنت یہوداہ سے پہلے ہی اسوریوں کے ہاتھوں تباہ ہو چکی تھی، اور اب اگرچہ اُن کے دو فرقوں کے مذہبی اختلافات کافی حد تک کم ہو گئے تھے، لیکن انہیں کوئی سلطنت نصیب نہ ہو سکی، ۴۰۰ ق م سے تمام بنی اسرائیل مختلف بادشاہوں کے زیرِ نگیں رہ کر زندگی گذارتے رہے، ۳۳۲ ق م میں اُن پر سکندر اعظم کا تسلّط ہو گیا۔ اور اسی زمانے میں انہوں نے تورات کا ترجمہ کیا

Marfat.com

جو ہفتادی ترجمہ ( Septuagint ) کے نام سے مشہور ہے۔

۱۶۵ء ق م میں سوریا کے بادشاہ انتیوکس ایپی فینس نے ان کا بُری طرح قتلِ عام کیا اور تورات کے تمام نسخے جلا دیئے (دیکھئے مکابیوں کی پہلی کتاب باب اوّل) اسی دوران یہوداہ مکابی نے جو بنی اسرائیل کا ایک صاحب ہمت انسان تھا، ایک جماعت بنائی، اور اس کے ذریعہ فلسطین کے ایک بڑے علاقے پر قبضہ کر کے اسوری حکمرانوں کو مار بھگایا، مکابیوں کی یہ سلطنت ۶۳ء تک قائم رہی۔

## حضرت عیسیٰؑ کی تشریف آوری

مکابیوں کی اس چھوٹی سی سلطنت سے قطع نظر، اس زمانے میں پوری یہودی قوم منتشر ہو چکی تھی، بحیرہ روم کے آس پاس اُن کی مختلف آبادیاں قائم تھیں، بابل کی جلاوطنی کے اختتام پر یہودیوں کی خاصی بڑی تعداد فلسطین میں آبسی تھی، لیکن ان کی اکثریت بابل ہی میں آباد تھی، فلسطین کے ایک حصہ پر رومیوں کی حکومت تھی مگر یہ سلطنت روما کے تابع اور ماتحت تھے، یروشلم رومی حکومت کا ایک صوبہ تھا، جس کو رومی یہودیہ کہہ کر پکارتے تھے، یہاں رومیوں کی طرف سے ایک حاکم مقرر تھا۔ مادی اسباب کے لحاظ سے یہودیوں کے لئے پھر آزادی کی فضا میں سانس لینے کا کوئی امکان نہ تھا، اس لئے قدرۃً ان کی نگاہیں مستقبل پر لگی ہوئی تھیں، ان میں سے بیشتر افراد خدا کی طرف سے ایک نجات دہندہ کے منتظر تھے جو انہیں اس غلامی کی زندگی سے چھڑا کر پھر بادشاہت نصب کرے،

یہ حالات تھے جب کہ شہنشاہ روم اگستس کی بادشاہت اور حاکم یہودیہ ہیرودیس کی حکومت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوتے، حضرت عیسیٰؑ کی زندگی کا کوئی مستند ریکارڈ اب ہمارے پاس موجود نہیں ہے، صرف اناجیل ہی وہ چار کتابیں ہیں جنہیں آپ کی حیاتِ طیبہ معلوم کرنے کا واحد ذریعہ کہا

Marfat.com

جاسکتا ہے، لیکن ہمارے نزدیک اُن کی حیثیت کسی قابلِ اعتماد نوشتے کی نہیں ہے،

## عیسائیت[1] کی تاریخ

عیسائیت کی جو شکل آج دنیا میں معروف ہے اس کی ابتداء کیسے ہوئی؟ اس کا تفصیلی جواب بڑی حد تک تاریکی میں ہے، تاہم جو مواد ہمارے پاس موجود ہے اس کی روشنی میں اتنی بات معلوم ہوتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے عروجِ آسمانی کے بعد آپ کے حواری مخالفتوں کے طوفان کا مقابلہ کرتے ہوئے ہمہ تن دینِ عیسوی کی تبلیغ میں مصروف تھے، اور پے بہ پے پیش آنے والی رکاوٹوں کے باوجود انہیں خاصی کامیابی حاصل ہورہی تھی،

لیکن اسی دوران ایک واقعہ پیش آیا جس نے حالات کا رُخ بالکل موڑ دیا واقعہ یہ تھا کہ ایک مشہور یہودی عالم ساؤل جواب تک دینِ عیسوی کے پیروؤں پر شدید ظلم وستم ڈھاتا آیا تھا، اچانک اس دین پر ایمان لے آیا، اور اس نے دعویٰ کیا کہ دمشق کے راستے میں مجھ پر ایک نور چمکا، اور آسمان سے حضرت مسیح[2] کی آواز سنائی دی کہ "تو مجھے کیوں ستاتا ہے؟" اس واقعے سے متاثر ہوکر میرا دل دینِ عیسوی پر مطمئن ہوچکا ہے،

ساؤل نے جب حواریوں کے درمیان پہنچ کر اپنے اس انقلاب کا اعلان کیا تو اکثر حواری اس کی تصدیق کرنے کے لئے تیار نہ تھے، لیکن سب سے پہلے برناباس حواری نے اس کی تصدیق کی، اور ان کی تصدیق سے مطمئن ہو کر تمام حواریوں نے اُسے اپنی برادری میں شامل کرلیا، ساؤل نے اپنا نام بدل کر پولس رکھ لیا

---

[1] اس تاریخ میں بنیادی طور پر انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس کے مقالہ "عیسائیت" سی، پی ایس کلارک کی مختصر تاریخ کلیسا، پادری خورشید عالم کی تواریخ کلیسائے رومۃ الکبریٰ اور برٹانیکا کے مختلف مقالوں سے مدد لی گئی ہے۔

Marfat.com

تھا، اور اُس واقعے کے بعد وہ حواریوں کے دوش بدوش دین عیسوی کی تبلیغ میں مشغول ہوگیا، یہاں تک کہ اس کی انتھک جدوجہد سے بہت سے وہ لوگ بھی دین عیسائیت میں داخل ہو گئے جو یہودی نہ تھے، ان خدمات کی وجہ سے اس دین کے پیروؤں میں پولس کا اثر و رسوخ بڑھتا گیا، یہاں تک کہ اس نے رفتہ رفتہ ان لوگوں میں مسیح کی خدائی، کفارہ اور حلول و تجسّم کے عقائد کی کھل کر تبلیغ شروع کر دی، تواریخ سے اتنا تو معلوم ہوتا ہے کہ بعض حواریوں نے اس مرحلے پر پولس کی کھل کر مخالفت کی، لیکن اس کے بعد حواریوں کے سوانح حیات بالکل اندھیرے میں ہیں[1] اس کے بعد صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ پولس ہی کا اثر و رسوخ عیسائی دین پر بڑھتا چلا گیا،

## دورِ ابتلاء

چوتھی صدی عیسوی کی ابتداء تک عیسائیت ایک مغلوب اور مقہور مذہب کی حیثیت سے دنیا میں موجود رہا، اس دور کو عیسائی مورخین دَورِ ابتلا (Age of persecution) کے نام سے یاد کرتے ہیں اس عرصے میں عیسائیوں پر سیاسی طور سے رومی مسلّط تھے، اور مذہبی طور پر یہودی، رومی اور یہودی دونوں انہیں طرح طرح سے ستانے پر متفق تھے، اس عہد کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ عیسائی مذہب کا نظام عقائد و عبادات ابھی تک مدوّن نہیں تھا، اسی وجہ سے اس زمانے میں بے شمار فرقے عیسائی دنیا پر چھائے نظر آتے ہیں، کلیمنٹ (م ۱۰۰ء) اگناشش (م تقریباً ۱۱۷ء) پیپیاس (م ۱۲۰ء) پولیکارپ (م ۱۵۵ء) آئرینیوس (۱۷۷ء) وغیرہ اس دور کے مشہور علماء ہیں۔ جن کی تصانیف اور مکتوبات پر

---

[1] لوقا کی کتاب اعمال جو حواریوں کی واحد سوانح ہے اس اختلاف کے بعد حواریوں کے تذکرے سے بالکل خاموش ہے، کتاب کے دوسرے باب میں پولس کی تحریف دین عیسوی کا مفصل بیان آ رہا ہے۔

Marfat.com

عیسائی مذہب کی بنیاد قائم ہے،

### قسطنطین اعظم

۳۰۶ء عیسائیت کی تاریخ میں بڑا خوش گوار سال ہے اس لئے کہ اس سنہ میں شاہ قسطنطین اوّل روم کا بادشاہ مقرر ہو گیا تھا، اور اس نے عیسائی مذہب قبول کر کے اُسے ہمیشہ کے لئے مستحکم کر دیا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ سلطنت کا حکمران عیسائیوں پر ظلم توڑنے کے بجائے ان کے مذہب کی تبلیغ کر رہا تھا، اس نے قسطنطنیہ، صور، یروشلم اور روم میں بہت سے کلیسا تعمیر کئے، اور عیسائی علماء کو بڑے بڑے اعزاز دے کر انہیں مذہبی تحقیقات کے لئے وقف کر دیا، اور اسی وجہ سے اس کے عہد سلطنت میں اطراف واکناف کے عیسائی علماء کی بڑی بڑی کونسلیں منعقد ہوئیں، جن میں عیسائی نظام عقائد کو باضابطہ مدوّن کیا گیا، اس سلسلے میں نیقاوی کونسل بنیادی اہمیت کی حامل ہے، جو ۳۲۵ء میں نیقیہ (Nicaea) کے مقام پر منعقد کی گئی تھی، اس کونسل میں پہلی بار تثلیث کے عقیدے کو مذہب کا بنیادی عقیدہ تسلیم کیا گیا، اور اس کے منکر (مثلاً آریوس وغیرہ) کو مذہب سے خارج کر دیا گیا، اسی موقع پر پہلی بار عیسائی عقائد کو مدوّن کیا گیا، جو عقیدہ اتھاناشیس (Athanasian Creed) کے نام سے مشہور ہے [۱]

اگرچہ نیقیہ کی اس کونسل نے مذہب کے بنیادی عقائد کو مدوّن کر دیا تھا، لیکن یہ عقائد کچھ اس قدر مبہم اور گنجلک تھے کہ ان کی تعبیرات میں عرصۂ دراز تک شدید اختلاف جاری رہا۔ اور اس اختلاف کا فیصلہ کرنے کے لئے مختلف مقامات پر علماء عیسائیت کی بڑی بڑی کونسلیں منعقد ہوتی رہیں۔

---

[۱] یہاں یہ واضح رہے کہ جو نظم عقیدۂ اتھاناشیس کے نام سے مشہور ہے، وہ اتھاناشیس کی نہیں ہے، بلکہ بعد میں کسی نے اس عقیدے کو نظم کیا ہے۔

Marfat.com

چوتھی اور پانچویں صدی میں یہ مباحثے اپنے شباب پر تھے، اسی لئے اس زمانے کو عیسائی مورخین "عہدِ مجالس" ( Age of councils ) یا عہدِ مباحثات ( Controversy period ) کہتے ہیں۔

## قسطنطین سے گریگوری تک

۳۱۳ء سے ۵۳۹ء تک کے عرصے میں عیسائی مذہب سلطنتِ روما پر چھا چکا تھا، اگرچہ بت پرستی کے مذاہب اس کے حریف بنے رہے، لیکن سلطنت میں عیسائی مذہب ہی کو عام رواج ہوا، اور اس عرصے میں سلطنتِ روما کی مقننہ ( Legislature ) بھی مذہب سے بیحد متاثر ہوئی،

اس زمانے کی اہم ترین خصوصیت یہ ہے کہ اس دور میں عیسائیت دو سلطنتوں میں تقسیم ہوگئی، ایک سلطنت مشرق میں تھی، جس کا پایۂ تخت قسطنطنیہ تھا، اور اس میں بلقان، یونان، ایشیائے کوچک، مصر اور حبشہ کے علاقے شامل تھے، اور وہاں کا سب سے بڑا مذہبی پیشوا البطریرک ( Patriarch ) کہلاتا تھا، اور دوسری سلطنت مغرب میں تھی، جس کا مرکز بدستور روم تھا، اور یورپ کا بیشتر علاقہ اسی کے زیرِ نگیں تھا، اور وہاں کا مذہبی پیشوا "پوپ" یا "پاپا" کہلاتا تھا، ان دونوں سلطنتوں اور مذہبی طاقتوں میں شروع ہی سے رقابت قائم ہوگئی تھی، اور ان میں سے ہر ایک اپنی مذہبی برتری منوانا چاہتی تھی۔

اس عہد کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اس میں رہبانیت نے جنم لیا، جس کا بنیادی تصور یہ تھا کہ خدا کی رضامندی صرف دنیا کے جھمیلوں کو خیرباد کہہ کر حاصل کی جاسکتی ہے، نفس کو جس قدر تکلیف پہنچائی جائے گی، انسان خدا سے اسی قدر قریب ہوگا، اگرچہ اس رجحان کے آثار چوتھی صدی سے ہی پیدا ہونے لگے تھے، اور پانچویں صدی میں تو برطانیہ اور فرانس میں بہت سی [illegible] لیکن [illegible] اور [illegible] نے اسے باقاعدہ نظام بنایا،

Marfat.com

چھٹی صدی کا پاکم مصری ہے، پاکم کے بعد باسیلیوس اور جیروم اس نظام کے مشہور لیڈر ہوتے ہیں۔

## تاریک زمانہ

۵۹۰ء میں گریگوری اوّل پوپ بنا تھا، اس کے وقت سے لے کر شارلمین (۸۱۴ء) تک کا زمانہ اُس طویل عرصے کی پہلی قسط ہے جسے عیسائی مورخین "تاریک زمانے" (Dark Ages) کے نام سے یاد کرتے ہیں، اس لئے کہ عیسائیت کی تاریخ میں یہ زمانہ سیاسی اور علمی زوال اور انحطاط کا بدترین دور ہے، اور اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ اس دور میں اسلام عروج پا رہا تھا، اور عیسائیوں میں افتراق و انتشار کی وبائیں پھوٹ رہی تھیں،

اس زمانے کی دو اہم خصوصیتیں ہیں، ایک تو یہ کہ اس دور میں مغربی عیسائیوں نے یورپ کے مختلف خطوں میں عیسائیت کی تبلیغ شروع کی، برطانیہ اور جرمنی وغیرہ کے علاقوں میں پہلی بار رومی عیسائیوں کو مذہبی فتح نصیب ہوئی اور اس کے نتیجے میں چار صدیوں کی مسلسل کاوشوں کے بعد پورا یورپ عیسائی بن گیا،

دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اُسی دور میں اسلام کا آفتاب فاران کی چوٹیوں سے طلوع ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے نصف دنیا پر چھا گیا، مغرب میں مصر، افریقہ اندلس اور صقلیہ اور مشرق میں شام اور ایران کی عظیم سلطنتیں مسلمان کے زیرنگیں آگئیں اور اس کی وجہ سے خاص طور پر مشرقی علاقوں میں عیسائیت کا اقتدار دم توڑنے لگا۔

## قرونِ وسطیٰ

۸۱۴ء سے لے کر ۱۵۲۱ء تک کا زمانہ قرونِ وسطیٰ کا زمانہ...... (Mediaeval Era) کہلاتا ہے، اس زمانے کی بنیادی خصوصیت وہ خانہ جنگی ہے جو پوپ اور شہنشاہِ وقت کے درمیان عرصۂ دراز تک جاری رہی، الفریڈ، ای، گاروے نے اس زمانے کو تین حصوں پر تقسیم کیا ہے۔

Marfat.com

(۱) شارلمین سے لے کر گریگوری ہفتم تک کا زمانہ (۸۰۰ء/۱۸۴ھ تا ۱۰۷۳ء/۴۶۶ھ) جس میں پاپائیت فروغ پا رہی تھی،

(۲) گریگوری ہفتم سے بونیفیس تک کا زمانہ (۱۰۷۳ء/۴۶۶ھ تا ۱۲۹۴ء/۶۹۳ھ) جس میں پوپ کو مغربی یورپ کے اندر پورا اقتدار حاصل ہو گیا تھا،

(۳) بونیفیس ہشتم سے عہد اصلاح تک کا زمانہ (۱۲۹۴ء/۶۹۳ھ تا ۱۵۱۷ء/۹۲۳ھ) جس میں پاپائیت کو زوال ہوا، اور اصلاح کی تحریکیں اٹھنی شروع ہوئیں، [1]

قرونِ وسطیٰ میں جو اہم واقعات پیش آئے ان کا ایک اجمالی خاکہ درج ذیل ہے:

## (۱) نفاقِ عظیم

نفاق عظیم (Great Schism) تاریخ عیسائیت کی ایک اصطلاح ہے، اس سے مراد مشرق اور مغرب کے کلیساؤں کا وہ زبردست اختلاف ہے جس کی بناء پر مشرقی کلیسا ہمیشہ کے لئے رومن کیتھولک چرچ سے جدا ہو گیا، اور اس نے اپنا نام بھی بدل کر "دی ہولی آرتھوڈوکس چرچ (The Holy Orthodox Church) رکھ لیا، نفاق عظیم کے اسباب بہت سے ہیں مگر ان میں سے اہم مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) اس علیحدگی کی پہلی وجہ تو مشرقی اور مغربی کلیساؤں کا نظریاتی اختلاف تھا، مشرقی کلیسا کا عقیدہ یہ تھا کہ روح القدس کا اقنوم صرف باپ کے اقنوم سے نکلا ہے، اور بیٹے کا اقنوم اس کے لئے محض ایک واسطے کی حیثیت رکھتا ہے، اور مغربی کلیسا کا کہنا یہ تھا کہ روح القدس کا اقنوم باپ اور بیٹے دونوں سے نکلا ہے، دوسرے مشرقی کلیسا کا خیال یہ تھا کہ بیٹے کا رتبہ

---

[1] یہ اور آگے تاریخ عیسائیت کا پورا مضمون انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس ص ۵۸۹ تا ۵۹۶ جلد ۳، مقالہ "عیسائیت" سے ماخوذ ہے، تقی

Marfat.com

باپ سے کم ہے، اور مغربی کلیسا کا اعتقاد یہ تھا کہ دونوں بالکل برابر ہیں، مشرقی کلیسا اہلِ مغرب پر یہ الزام لگاتا تھا کہ انہوں نے اپنے عقیدے کو ثابت کرنے کے لئے نیقیادی کونسل کے فیصلے میں بعض الفاظ اپنی طرف سے بڑھا دیئے ہیں جو اصل فیصلے میں موجود نہ تھے۔

(۲) دوسری وجہ یہ تھی کہ مشرق و مغرب کے کلیساؤں میں نسلی امتیاز کی جڑیں خاصی گہری تھیں، مغرب میں اطالوی اور جرمنی نسل تھی، اور مشرق میں یونانی اور ایشیائی،

(۳) جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے سلطنتِ روما دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو گئی تھی، اس لئے قسطنطنیہ کا شہر روم کے قدیم شہر کا مکمل حریف بن گیا تھا،

(۴) اس کے باوجود پاپائے روم اس بات کے لئے تیار نہ تھا کہ اپنا اقتدار اور بالادستی قسطنطنیہ کے بطریرک کے حوالے کر دے، یا اُسے اپنا حصہ دار بنائے،

(۵) ان حالات کی وجہ سے افتراق کا مواد بُری طرح پک رہا تھا، کہ اسی دوران پوپ لیونہم (          ) نے ۱۰۵۴ء/۴۴۶ھ میں مغربی عقائد و نظریات کو مشرق پر تھوپنے کی کوشش کی، قسطنطنیہ کے بطریرک میکائل نے اُسے تسلیم کرنے سے انکار کیا، اور یورپ کے سفراء نے سینٹ صوفیا کے گرجے میں قربان گاہ پر اناتیما (لعنت) کے کلمات لکھ دیئے، بس اس واقعہ نے گرم لوہے پر آخری ضرب لگا دی، اور نفاقِ عظیم مکمل ہو گیا[1]،

---

[1] Adeney, *The Greek and Eastern Churches* p. 241, as quoted by the *Ency. of Religion and Ethics* p. 590 V. 3

Marfat.com

## صلیبی جنگیں

اس عہد کی دوسری خصوصیت صلیبی جنگیں ہیں جنہیں عیسائی مورخین کروسیڈ ( Crusade ) کے نام سے یاد کرتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں بیت المقدس اور شام وفلسطین کا علاقہ مسلمانوں کے ہاتھ فتح ہوگیا تھا، اس وقت تو عیسائی دنیا کے لئے اپنا دفاع ہی ایک زبردست مسئلہ تھا۔ اس لئے وہ آگے بڑھ کر دوبارہ ان مقدس علاقوں پر قبضہ کرنے کا تصور بھی نہیں کرسکتے تھے، البتہ جب مسلمانوں کی طاقت کا بڑھتا ہوا سیلاب کسی حد پر رُکا، اور مسلمانوں میں کسی قدر کمزوری آئی تو عیسائی بادشاہوں نے اپنے مذہبی پیشواؤں کے اشارے پر بیت المقدس کو دوبارہ حاصل کرنے کا بیڑا اٹھایا یہ جنگیں سلجوقی ترکوں اور ایوبی سلاطین کے خلاف لڑی گئیں، ان جنگوں سے پہلے مذہبی جنگ یا کروسیڈ کا کوئی تصوّر عیسائی مذہب میں موجود نہ تھا۔ لیکن ۱۰۹۵ء ۴۸۸ھ میں پوپ اربن دوم نے کلیرمونٹ کی کونسل میں یہ اعلان کر دیا کہ کروسیڈ مذہبی جنگ ہے، سی، پی، ایس کلیرک اپنی تاریخ کلیسا میں اس اعلان کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"لوگوں کو ترغیب دینے کے لئے اربن نے یہ عام اعلان کر دیا کہ جو شخص بھی اس جنگ میں حصہ لے گا اس کی مغفرت یقینی ہے، اور محمد (صلعم) کی طرح اس نے بھی یہ وعدہ کیا کہ جو لوگ اس جنگ میں مریں گے وہ سیدھے جنت میں جائیں گے [1] "

اسی طرح سات کروسیڈ لڑے گئے، جن میں آخر کار عیسائیوں کو سلطان صلاح الدین ایوبی کے ہاتھوں بُری طرح شکست ہوئی [2] "

---

[1] Clarke, *Short History of the Church* p. 204

[2] ان جنگوں کی تاریخ اور ان کے سیاسی و مذہبی پس منظر کے لئے دیکھئے میجر جنرل محمد اکبر خاں صاحب کی فاضلانہ تصنیف "کروسیڈ اور جہاد"، مطبوعہ سندھ ساگر اکادمی لاہور ۱۹۶۱ء،

Marfat.com

## پاپائیت کی بدعنوانیاں

صلیبی جنگوں کے بعد پوپ کا اقتدار کافی حد تک کم ہونے لگا تھا، لیکن پوپ انوسینٹ چہارم (۱۲۴۳ء تا ۱۲۶۱ء) کے زمانے سے اس کا اثر و رسوخ باقاعدہ گھٹنے لگا، اس کی وجہ یہ تھی کہ انوسینٹ چہارم نے اپنے عہدے سے ناجائز فائدہ اٹھا کر اس منصب کو سیاسی اور دنیوی مقاصد کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا اس کے زمانے میں مغفرت ناموں کی تجارت عام ہو گئی، اور مخالف فرقوں کے افراد کو زندہ جلا کر اذیت رسانی کی انتہا کر دی گئی۔ بعد کے پاپاؤں نے ان بدعنوانیوں کو انتہا تک پہنچا دیا، اسی دوران پوپ بونیفیس ہشتم نے شاہ ایڈورڈ اول اور فرانس کے شاہ فلپ چہارم سے زبردست دشمنی ٹھان لی، جس کے نتیجے میں روما کی سلطنت سے اکہتر سال تک (۱۳۰۵ء تا ۱۳۷۶ء) پاپائیت کا بالکل خاتمہ ہو گیا، اس عرصے میں پوپ فرانس میں رہتے رہے، اس لئے اس زمانے کو "اسیری بابل" . . . . . . . . ( ) کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، پھر ۱۳۷۸ء سے ۱۴۱۷ء تک ایک نئی مصیبت یہ کھڑی ہو گئی کہ عیسائی دنیا میں ایک کے بجائے دو پوپ منتخب ہونے لگے جن میں سے ہر ایک اپنے اقتدار اعلیٰ کا دعویدار تھا، اور باقاعدہ کارڈینلوں کے ذریعہ منتخب ہوتا تھا، ایک پوپ فرانس، اسپین اور نیپلس کے علاقوں میں منتخب کیا جاتا تھا، جسے ایونن پوپ ( ) کہتے تھے اور دوسرا اٹلی، انگلینڈ اور جرمنی کا تاجدار ہوتا تھا جسے رومن پوپ ( ) کہا جاتا تھا، اس انتشار کو بھی بعض مورخین "نفاق عظیم" کہتے ہیں۔

## اصلاح کی ناکام کوششیں

جس زمانے میں پاپائیت کی بدعنوانیاں اپنے عروج پر تھیں

Marfat.com

بہت سے مصلحین نے حالات کی اصلاح کی کوشش کی، ان لوگوں میں ویکلف ( Wycliff ) (متوفی ۱۳۸۴ء / ۷۸۶ھ) کا نام سرفہرست ہے، جو کلیسا کی ایجاد کردہ بدعتوں کا دشمن تھا، اور نیک و پرہیزگار پاپاؤں کے انتخاب کا داعی، اسی نے سب سے پہلے بائبل کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا، جو ۱۳۸۵ء / ۷۸۷ھ میں شائع ہوا، حالانکہ اس سے پہلے بائبل کا کسی اور زبان میں ترجمہ کرنا ایک سنگین جرم سمجھا جاتا تھا، اسی کی تعلیمات سے متاثر ہو کر اس کے بعد جان ہس ( John Huss ) اور جیروم ( Jerome ) اصلاح کے لئے کھڑے ہوئے، لیکن ابھی ان اصلاحات کے لئے فضا سازگار نہ تھی،

پاپاؤں کے افتراق اور "نفاقِ عظیم" کو ختم کرنے کے لئے ۱۴۰۹ء / ۸۱۲ھ میں کونسل پیسا ( Council of Pisa ) بلائی گئی، جس میں اسی بشپ شریک ہوئے، اور انہوں نے دونوں حاسد پاپاؤں کو معزول کر کے الیگزینڈر پنجم کو پوپ منتخب کیا، لیکن وہ فوراً مر گیا، اس کے بعد ایک بحری ڈاکو جان لبست دسوم کو پوپ نامزد کیا گیا، مگر وہ اپنے معاصر پاپاؤں کو نہ دبا سکا، اور نتیجہ یہ نکلا کہ کلیسا میں دو کے بجائے تین پوپ ہو گئے، اور کلیسا کے افتراق میں اور اضافہ ہوا،

بالآخر نومبر ۱۴۱۴ء / ۸۱۷ھ میں کانسٹنس کے مقام پر ایک کونسل بلائی گئی جس میں "نفاقِ عظیم" کا تو خاتمہ ہوا، لیکن اسی کونسل میں جان ہس کی اصلاحی تعلیمات کو بالاتفاق بدعتی قرار دے دیا گیا، اور اس کے نتیجے میں ہس اور اس کے شاگرد جیروم کو زندہ جلا دیا گیا، نتیجہ یہ کہ پاپائیت کی اخلاقی اور مذہبی بدعنوانیاں بدستور برقرار رہیں۔

لیکن جان ہس کی تحریک بیداری کی تحریک تھی، اور ظلم و ستم سے نہ دب سکی، اس کی تعلیمات سے متاثر ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا

Marfat.com

یہاں تک کہ پوپ کو اپنا اقتدار متزلزل ہوتا نظر آیا، تو اُسے ۱۴۳۱ء ۸۳۴ھ میں باسل میں ایک کونسل بلائی جس میں اصلاح کی تحریک کو دلائل کے ذریعہ دبانے کی کوشش کی گئی، مگر اس کا کوئی خاص نتیجہ نہ نکل سکا،

## عہد اصلاح اور پروٹسٹنٹ فرقہ

آخر کار ۱۴۸۳ء ۸۸۸ھ میں فرقہ پروٹسٹنٹ کا بانی مارٹن لوتھر پیدا ہوا، جس نے پاپائیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھونک دی، اس نے اپنی زندگی میں سب سے پہلے مغفرت ناموں کی تجارت کے خلاف آواز بلند کی، جب اسے قبول کر لیا گیا تو اس نے پوپ کے غیر معمولی اختیارات کے خلاف بغاوت کر دی، اور بپتسمہ اور عشاء ربانی کے سوا ان تمام رسوم کو من گھڑت بتایا، جو رومی کلیسا نے ایجاد کر رکھی تھیں، سوئٹزرلینڈ میں زونگلی (Zwingli) نے بھی آواز بلند کی، اور ان کے بعد سولھویں صدی کی ابتداء میں جان کالون اسی تحریک کو لے کر جنیوا میں آگے بڑھا، یہاں تک کہ یہ آواز فرانس، اٹلی، جرمنی اور یورپ کے ہر خطے سے اٹھنی شروع ہو گئی، اور بالآخر انگلستان کے بادشاہ ہنری ہشتم اور ایڈورڈ چہارم بھی اس تحریک سے متاثر ہو گئے، اور اس طرح پروٹسٹنٹ فرقہ کیتھولک چرچ کا مضبوط مدِ مقابل بن گیا،

## عقلیت کا زمانہ

اب وہ زمانہ شروع ہو چکا تھا جس میں یورپ نے نشاۃ ثانیہ (Renaissance) کے بعد سائنسی اور ٹکنیکی ترقی میں دنیا کے ہر خطے کو پیچھے چھوڑ دیا تھا، یورپ کی وہ قومیں جو اب تک غاروں میں پڑی سو رہی تھیں بیدار ہوئیں، پادریوں اور پاپاؤں کی علم دشمنی اور بدعنوانیوں نے ان کے دل میں مذہب کی طرف سے شدید نفرت پیدا کر دی، مارٹن لوتھر نے پہلی بار کلیسا کے خلاف جنگ لڑنے اور بائبل کی تشریح و تعبیر میں اپنے اسلاف سے اختلاف .....

Marfat.com

کرنے کی جرأت کی تھی، مگر جب یہ دروازہ ایک مرتبہ کھلا تو کھلتا چلا گیا، لوتھر نے صرف بائبل کی تشریح و تعبیر کا اختیار اپنے ہاتھ میں لیا تھا، مگر خود بائبل پر نکتہ چینی کی جرأت اُسے بھی نہ ہوئی تھی، لیکن اس کے بعد جو مفکرین "عقلیت" ( Rationalism ) کا نعرہ لگا کر اُٹھے، انہوں نے اپنی تنقید میں بائبل کو بھی نہ بخشا، اور عیسائیت کے ایک ایک عقیدے کو اپنی تنقید طعن و تشنیع بلکہ استہزاء و تمسخر کا نشانہ بنانے لگے،

ان لوگوں کا نعرہ یہ تھا کہ مذہب کے ایک ایک مزعومے کو عقل کی کسوٹی پر پرکھا جائے گا، اور ہر اس بات کو دریابرد کر دیا جائے گا جو ہماری عقل میں نہ آتی ہو، چاہے اس کے لئے کتنے ہی ایسے عقائد و نظریات کو خیر باد کہنا پڑے، جنہیں کلیسا عرصہ دراز سے تقدس کا لبادہ پہنا کر سینے سے لگائے چلا آرہا ہے، یہ لوگ اپنے آپ کو عقلیت پسند ( Rationalist ) اور اپنے زمانے کو "عقلیت کا زمانہ" ( Age of Reason ) کہتے تھے،

ولیم شلنگ ورتھ ( ۱۶۰۲ء / ۱۰۱۱ھ، ۱۶۴۴ء / ۱۰۵۴ھ ) اس طبقے کا سب سے بڑا لیڈر ہے، جس نے پہلی بار عقلیت کا نعرہ لگایا تھا[۱] لارڈ ہربرٹ ( ۱۵۸۳ء / ۹۹۱ھ، ۱۶۴۸ء / ۱۰۵۸ھ ) اور تھامس ہوبس ( ۱۵۸۸ء / ۹۹۶ھ، ۱۶۷۱ء / ۱۰۸۲ھ ) وغیرہ بھی اس گروہ کے امام سمجھے گئے ہیں۔

عقلیت کا یہ نشہ جب چڑھنا شروع ہوا تو کوئی عقیدہ اسکی دست برد سے سلامت نہ رہا، یہاں تک کہ وولٹئر ( ۱۶۹۴ء / ۱۱۰۵ھ، ۱۷۸۸ء / ۱۲۰۲ھ ) جیسے ملحد ( Sceptics ) بھی پیدا ہوئے، جنہوں نے سرے سے خدا کے وجود ہی میں شک دار نیاب کا بیج بو دیا، اور اس کے بعد کھلم کھلا

---

[۱] Clarke, *Short History of the Church* P. 394

خدا کا انکار کیا جانے لگا، ہمارے زمانے کا مشہور فلسفی برٹرینڈرسل اس طبقے کا آخری نمائندہ ہے، جو اب تک بقیدِ حیات ہے، [1]

**تجدد کی تحریک** مذہب کے ماننے والوں پر عقلیت کی تحریک کا ردِعمل دو طرح ہوا کچھ لوگ تو وہ تھے جنہوں نے عقلیت کی اس تحریک سے مرعوب ہوکر مذہب میں کچھ تبدیلیاں شروع کیں، اس تحریک کو تجدد (Modernism) کی تحریک.. کہا جاتا ہے، ان لوگوں کا خیال تھا کہ مذہب بنیادی طور سے درست ہے، مگر اس کی تشریح و تعبیر غلط طریقے سے کی جاتی رہی ہے، بائبل میں اتنی لچک موجود ہے کہ اُسے ہر زمانے کے انکشافات اور سائنٹفک تحقیقات کے مطابق بنایا جاسکتا ہے، اور اس مقصد کے لئے بائبل کے بعض غیر اہم حصّوں کو ناقابلِ اعتبار بھی کہا جاسکتا ہے، اور اس کے متوارث الفاظ و معنی کی قربانی بھی دی جاسکتی ہے،

ڈاکٹر پل لین کے بیان کے مطابق اس طبقے کا سرگردہ مشہور فلسفی روسو (Rousseau) تھا، ہمارے قریبی زمانے میں پروفیسر[2] ہارنیک (Harnack) اور رینانؔ ( ) اس طبقے کے مشہور اور قابل نمائندے ہیں۔

---

[1] عیسائیت اور مذہب کے بارے میں اس کے باغیانہ نظریات کے لئے دیکھئے اس کا مشہور مقالہ "میں عیسائی کیوں نہیں ؟" (Why I am not a Christian ?)

[2] ہارنیک کی معرکۃ الآرا کتاب "عیسائیت کیا ہے ؟" اپنے موضوع پر بڑی فکر انگیز کتاب ہے، جس نے حضرت مسیح علیہ السلام کی انسانیت کو عیسائی دنیا میں مدلل کرکے پیش کیا، اس کا انگریزی ترجمہ ("What is Christianity?") کے نام سے بار بار شائع ہوچکا ہے،

Marfat.com

## احیاء کی تحریک

عقلیت کی تحریک کا دوسرا ردِ عمل اس کے بالکل برخلاف یہ ہوا کہ بعض مذہبی طبقوں میں خالص رومن کیتھولک مذہب کو از سر نو زندہ کرنے کی تحریک شروع ہوگئی، یہ تحریک ( Catholic Revival movement ) کہلاتی ہے،

اس تحریک کے علمبرداروں نے عقلیت پسندوں،، کے خلاف جنگ شروع کی، اور کہا کہ عیسائیت وہی ہے جو ہمارے اسلاف نے سمجھی تھی اور جس کا ذکر ان کی کونسلوں کے فیصلوں میں چلا آتا ہے، کلیسا کو پھر سب سے بڑا صاحبِ اقتدار ادارہ ہونا چاہیئے، اور کیتھولک عقائد میں کسی تبدیلی کی ضرورت نہیں، یہ تحریک انیسویں صدی عیسوی میں شروع ہوئی تھی، اور یہ وہ زمانہ ہے جب کہ مغرب کے لوگ مادیت کا پورا پورا تجربہ کرنے کے بعد اس کے دامن سے سینکڑوں گھاؤ لیکر لوٹ رہے تھے، مادی تہذیب نے مغربی زندگی میں جو زبردست بے چینی پیدا کر دی تھی، اس کی وجہ سے ایک بار پھر رُوح کی طرف توجہ دینے کا شعور تازہ ہو رہا تھا، احیاء کی تحریک نے ایسے لوگوں کو سنبھالا، اور وہ ایک مرتبہ پھر عیسائیت کے ان قدیم نظریات کی گود میں جا گرے جنہوں نے عیسائی دنیا کو تیرھویں اور چودھویں صدی میں تباہی کے کنارے لا کھڑا کیا تھا، اس تحریک کے علمبرداروں میں الیگزینڈر ناکس (۱۷۵۷ء/۱۱۶۹ھ، ۱۸۳۱ء/۱۲۴۷ھ) جان ہنری نیومین، (۱۸۰۱ء/۱۲۱۶ھ، ۱۸۹۰ء/۱۳۰۸ھ) ہیورل فراوڈ (۱۸۰۳ء/۱۲۱۸ھ، ۱۸۳۶ء/۱۲۵۲ھ) اور رچرڈ ولیم چرچ (۱۸۱۵ء/۱۲۳۰ھ، ۱۸۹۰ء/۱۳۰۸ھ) خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں،

عیسائی دنیا میں ہمارے زمانے تک یہ تینوں تحریکیں (تحریک عقلیت تحریک تجدّد اور تحریک احیاء) باہم برسرِ پیکار ہیں، اور تینوں کے نمائندے بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں،

کاش! انہیں کوئی بتا سکتا کہ تم افراط و تفریط کی جس دلدل میں گرفتار

Marfat.com

ہو، اس سے نجات کا راستہ عرب کے خشک ریگ زاروں کے سوا کہیں اور نہیں ہے، زندگی کے بھٹکے ہوئے قافلوں نے ہمیشہ اپنی منزل کا نشان وہیں سے حاصل کیا ہے، تم پوپ پرستی سے لے کر انکارِ خدا تک کے ہر مرحلے کو آزما چکے ہو، مگر ان میں سے کوئی تحریک تمہیں سُلگتے ہوئے داغوں کے سوا کچھ نہیں دے سکی، اگر تمہیں سکون اور راحت کی تلاش ہے تو خدا کیلئے ایک بار کیمیا کے اس نسخے کو بھی آزما کر دیکھو جو آج سے چودہ سو سال پہلے "فاران[1]" کی چوٹیوں سے جلوہ گر ہونے والا "فارقلیط[2]" (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہیں دے کر گیا تھا، جسے دیکھ کر "سلع" کے بسنے والوں نے گیت گائے تھے اور قیدار کی بستیوں نے "حمد" کی تھی[3]۔ جس کے قدموں پر "پتھر کے بت" اوندھے گرے تھے[4] جس نے "اپنی طرف سے کچھ نہیں کہا" بلکہ "جو کچھ سنا" وہی تم تک پہنچا دیا[5]، جب تک تم اس کے بتائے ہوئے راستے پر نہیں آؤ گے تمہیں اس منزل کا پتہ نہیں لگ سکے گا، جہاں سے ضمیر کو سکون روح کو مسرت اور دل کو قرار حاصل ہوتا ہے ؎

به مصطفیٰ برساں خویش را که دیں همه اوست
اگر به او نه رسیدی، تمام بولہبی ست

---

[1] استثناء ۳۳: ۲ [2] یوحنا ۱۴: ۱۷ [3] یسعیاہ ۴۲: ۱۱
[4] یسعیاہ ۴۲: ۱۷ [5] یوحنا ۱۶: ۱۳

Marfat.com

# دوسرا باب

## عیسائیت کا بانی کون ہے؟

عیسائی حضرات کا دعویٰ یہ ہے کہ "عیسائی مذہب" کی بنیاد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے رکھی تھی، اور انہی کی تعلیمات پر آج کا عیسائی مذہب قائم ہے، لیکن ہماری تحقیق کا نتیجہ اس کے بالکل برخلاف ہے، یہ تو درست ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں مبعوث ہو کر انہیں ایک نئے مذہب کی تعلیم دی تھی، لیکن تحقیق و تفتیش کے بعد یہ حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جس مذہب کی تعلیم دی تھی وہ اُن کے بعد کچھ ہی عرصے میں ختم ہو گیا، اور اس کی جگہ ایک ایسے مذہب نے لے لی کہ جس کی تعلیمات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اقوال اور ارشادات کے بالکل خلاف تھیں، اور یہی نیا مذہب ارتقاء کے مختلف مراحل سے گذرتا ہوا آج "عیسائیت" کی موجودہ شکل میں ہمارے سامنے ہے،

ہم پوری دیانت داری اور خلوص کے ساتھ تحقیق کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ موجودہ عیسائی مذہب کے اصل بانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہیں ہیں، بلکہ پولس ہے، جس کے چودہ[14] خطوط بائبل میں شامل ہیں۔

Marfat.com

**پولس کا تعارف** ہم اپنے اس دعوے کے دلائل اور اپنی تحقیق کے نکات بیان کرنے سے پہلے پولس کا تعارف کر دینا ضروری سمجھتے ہیں۔

پولس کی ابتدائی زندگی کے حالات تقریباً تاریکی میں ہیں، البتہ کتاب اعمال اور اس کے خطوط سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ابتداء میں قبیلہ بنیامین کا ایک کٹر فریسی یہودی تھا، اور اس کا اصلی نام ساؤل ہے، فلپیوں کے نام خط میں وہ اپنے بارے میں خود لکھتا ہے۔

"آٹھویں دن میرا ختنہ ہوا، اسرائیل کی قوم اور بنیامین کے قبیلہ کا ہوں عبرانیوں کا عبرانی، شریعت کے اعتبار سے فریسی ہوں" (فلپیوں ۳: ۵)

اور یہ روم کے شہر ترسس کا باشندہ تھا، (جیسا کہ اعمال ۲۲: ۲۸ سے ظاہر ہوتا ہے) اس کی ابتدائی زندگی کے اُن مجمل اشاروں کے بعد اس کا سب سے پہلا تذکرہ ہمیں کتاب اعمال ۷ میں ملتا ہے، جہاں اس کا نام "ساؤل" ذکر کیا گیا ہے، اس کے بعد کتاب اعمال کے تین ابواب میں اس کا کردار اس طرح نقل کیا گیا ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں اور ان پر ایمان لانے والوں کا سخت دشمن تھا، اور شب و روز انہیں تکلیفیں پہنچانے اور ان کی بیخ کنی میں مصروف۔

لیکن پھر اچانک اس نے یہ دعویٰ کیا کہ؛

"میں[1] نے بھی سمجھا تھا کہ یسوع ناصری کے نام کی طرح طرح سے مخالفت کرنا مجھ پر فرض ہے۔ چنانچہ میں نے یروشلیم میں ایسا ہی کیا، اور سردار کاہنوں کی طرف سے اختیار پاکر بہت سے مقدسوں کو قید میں ڈالا، اور جب وہ قتل کئے جاتے تھے تو میں بھی یہی رائے دیتا تھا، بلکہ ان کی مخالفت میں ایسا دیوانہ بنا کہ غیر شہروں میں بھی جاکر انہیں ستاتا تھا،

---

[1] یہ پولس کی اس تقریر کا اقتباس ہے جو اُس نے اگرپا بادشاہ کے سامنے کی تھی، تقی

اسی حال میں سردار کاہنوں سے اختیار اور پروانے لے کر دمشق کو جاتا تھا، تو اے بادشاہ! میں نے دوپہر کے وقت راہ میں یہ دیکھا کہ سورج کے نور سے زیادہ ایک نور آسمان سے میرے اور میرے ہم سفروں کے گرداگرد آ چمکا، جب ہم سب زمین پر گر پڑے تو میں نے عبرانی زبان میں یہ آواز سنی کہ اے ساؤل، اے ساؤل! تو مجھے کیوں ستاتا ہے؟ پینے کی آر پر لات مارنا تیرے لئے مشکل ہے، میں نے کہا، اے خداوند تو کون ہے؟ خداوند نے فرمایا: میں یسوع ہوں، جسے تو ستاتا ہے، لیکن اٹھ! اپنے پاؤں پر کھڑا ہو، کیونکہ میں اس لئے تجھ پر ظاہر ہوا ہوں کہ تجھے ان چیزوں کا بھی خادم اور گواہ مقرر کروں جن کی گواہی کے لئے تو نے مجھے دیکھا ہے اور ان کا بھی جن کی گواہی کے لئے میں تجھ پر ظاہر ہوا کروں گا، اور میں تجھے اس امت اور غیر قوموں سے بچاتا رہوں گا، جن کے پاس تجھے اس لئے بھیجتا ہوں کہ تو ان کی آنکھیں کھول دے، تاکہ اندھیرے سے روشنی کی طرف اور شیطان کے اختیار سے خدا کی طرف رجوع لائیں، اور مجھ پر ایمان لانے کے باعث گناہوں کی معافی اور مقدسوں میں شریک ہو کر میراث پائیں" (اعمال ۲۶: ۹ تا ۱۹)

پولس کا دعویٰ یہ تھا کہ اس واقعہ کے بعد سے میں "خداوند یسوع مسیح" پر ایمان لا چکا ہوں اور اس کے بعد اس نے اپنا نام بھی تبدیل کر کے "پولس" رکھ لیا تھا، شروع میں جب اس نے یہ دعویٰ کیا تو حضرت عیسٰی علیہ السلام کے حواریوں میں سے کوئی شخص اس بات کی تصدیق کرنے کے لئے تیار نہ تھا، کہ جو شخص کل تک حضرت مسیح علیہ السلام اور ان کے شاگردوں کا جانی دشمن تھا، آج وہ سچے دل کے ساتھ اُن پر ایمان لے آیا ہے، لیکن ایک جلیل القدر حواری برناباس نے سب سے پہلے اس کی تصدیق

Marfat.com

کی اور ان کی تصدیق پر دوسرے حواری بھی مطمئن ہو گئے، کتاب اعمال میں ہے۔

"اس (پولس) نے یروشلم میں پہنچ کر شاگردوں میں مل جانے کی کوشش کی اور سب اس سے ڈرتے تھے، کیونکہ ان کو یقین نہ آتا تھا کہ یہ شاگرد ہے، مگر برنباس نے اُسے اپنے ساتھ رسولوں کے پاس لے جاکر اُن سے بیان کیا کہ اس نے اس طرح سے راہ میں خداوند کو دیکھا، اور اس نے اس سے باتیں کیں، اور اس نے دمشق میں کیسی دلیری کے ساتھ یسوع کے نام سے منادی کی، پس وہ یروشلم میں اُن کے ساتھ آتا جاتا رہا، اور دلیری کے ساتھ خداوند کے نام کی منادی کرتا تھا، اور یونانی مائل یہودیوں کے ساتھ گفتگو اور بحث بھی کرتا تھا، مگر وہ اُسے مار ڈالنے کے درپے تھے، اور بھائیوں کو جب یہ معلوم ہوا تو اسے قیصریہ میں لے گئے اور ترسس کو روانہ کر دیا،" (اعمال ۹: ۲۶ تا ۳۰)

اس کے بعد پولس حواریوں کے ساتھ مِل جُل کر عیسائیت کی تبلیغ کرتا رہا، اور اسے عیسائی مذہب کا سب سے بڑا پیشوا مانا گیا،

ہماری تحقیق کا حاصل یہ ہے کہ موجودہ عیسائی مذہب کے بنیادی عقائد و نظریات کا بانی یہی شخص ہے، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان عقائد کی ہرگز تعلیم نہ دی تھی،

## حضرت عیسیٰؑ اور پولس

ہماری یہ تحقیق بہت سے دلائل و شواہد پر مبنی ہے، ہم یہاں سب سے پہلے یہ دکھلائیں گے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور پولس کی تعلیمات

Marfat.com

میں کتنا اختلاف اور کس قدر کھلا تضاد ہے۔

پچھلے باب میں ہم عیسائی علماء کے مستند حوالوں کے ساتھ یہ ثابت کر چکے ہیں کہ عیسائی مذہب کی بنیاد تثلیث، حلول و تجسّم اور کفارے کے عقیدوں پر ہے، یہی وہ عقیدے ہیں جن سے سرمو اختلاف کرنے والوں کو عیسائی علماء اپنی برادری سے خارج اور ملحد و کافر قرار دیتے آئے ہیں، اور درحقیقت انہی عقائد کی بنیاد پر موجودہ عیسائی مذہب دوسرے مذاہب سے امتیاز رکھتا ہے۔ لیکن لطف کی بات یہ ہے کہ ان تینوں عقیدوں میں سے کوئی ایک عقیدہ بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کسی ارشاد سے ثابت نہیں ہے، موجودہ انجیلوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جو ارشادات منقول ہیں ان میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں ہے جس سے واضح طریقے پر یہ عقائد ثابت ہوتے ہوں، اور اس کے برعکس ایسے اقوال کی تعداد بے شمار ہے جن سے ان عقائد کی تردید ہوتی ہے۔

## تثلیث اور حلول کا عقیدہ

سب سے پہلے تثلیث کے عقیدے کو لیجئے، "تین ایک اور ایک تین" کے اس معمّے کو اگر درست اور مدارِ نجات بھی تسلیم کرلیا جائے تو اس سے تو کسی کو انکار نہیں ہوگا، کہ یہ عقیدہ انتہائی پیچیدہ، مبہم اور گنجلک ہے، اور انسانی عقل خود سے اس کا ادراک نہیں کرسکتی، تاوقتیکہ وحی کے ذریعہ اس کی وضاحت نہ کی جائے، کیا اس کی پیچیدگی کا تقاضا یہ نہیں تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس عقیدے کو خوب کھول کھول کر لوگوں کو سمجھاتے اور واضح اور غیر مشکوک الفاظ میں اس، کا اعلان فرماتے؟ اگر یہ عقیدہ انسانی عقل کے ادراک کے لائق تھا تو یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا فرض نہ تھا کہ وہ اس کے اطمینان بخش دلائل لوگوں کے سامنے بیان کرتے، تاکہ وہ کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہوں؟ اور اگر اس عقیدے کی حقیقت انسانی سمجھ سے ماوراء تھی تو کم از کم انہیں اتنا

Marfat.com

تو کہہ دینا چاہیئے تھا کہ یہ عقیدہ تمہاری سمجھ سے باہر ہے، اس لئے تم اس کے دلائل پر غور کئے بغیر اسے مان لو،

پروفیسر مارس ریلٹن نے (جو عیسائی مذہب کے رجعت پسند علماء میں سے ہیں) "خدا" کے بارے میں کتنی اچھی بات لکھی ہے کہ:

"اس کی حقیقت کا ٹھیک ٹھیک تجزیہ ہمارے ... کی قوت سے ماورا ہے، وہ فی نفسہٖ کیا ہے؟ ہمیں معلوم نہیں، صرف اتنی باتیں ہمیں معلوم ہو سکی ہیں، جو خود اس نے بنی نوعِ انسان کو وحی کے ذریعہ بتلائیں[1]"

اس سے واضح ہے کہ خدا کے وجود کی جن تفصیلات پر ایمان رکھنا انسان کے ذمے ضروری ہے، اُن کو خدا وحی کے ذریعہ بنی نوع انسان تک ضرور پہنچاتا ہے۔

اگر "تثلیث" کا نظریہ بھی انہی تفصیلات میں سے تھا، تو کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے ضروری نہ تھا کہ وہ اسے لوگوں کے سامنے بیان فرماتے؟

لیکن جب ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ارشادات پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں نظر آتا ہے کہ اس عقیدے کو انہوں نے اپنی زندگی میں ایک مرتبہ بھی بیان نہیں کیا، اس کے برعکس وہ ہمیشہ توحید کے عقیدے کی تعلیم دیتے رہے، اور کبھی یہ نہیں کہا کہ "خدا تین اقانیم سے مرکب ہے۔ اور یہ تین مل کر ایک ہیں[2]"۔ خدا کے بارے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بے شمار ارشادات میں سے دو اقوال ہم یہاں نقل کرتے ہیں، انجیل مرقس

---

[1] H. Maurice Ralton, Studies in Christian Doctorine

[2] عیسائی حضرات عقیدۂ تثلیث پر اُن اقوال سے استدلال کرتے ہیں جن میں حضرت

باقی آئندہ صفحہ پر

اور متی میں ہے کہ آپ نے فرمایا۔

"اے اسرائیل: سن! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے، اور تو خداوند اپنے خدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی پیاری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھ۔" (مرقس ۱۲: ۲۹ و متی ۲۲: ۳۶)

اور انجیل یوحنا میں ہے کہ حضرت مسیحؑ نے اللہ سے مناجات کرتے ہوئے فرمایا:

"اور ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدائے واحد اور برحق کو اور یسوع مسیح کو جسے تو نے بھیجا ہے جانیں۔" (یوحنا ۱۷: ۳)

اس کے علاوہ حضرت مسیح علیہ السلام نے کسی جگہ یہ نہیں فرمایا کہ میں درحقیقت خدا ہوں اور تمہارے گناہوں کو معاف کرنے کے لئے انسانی روپ میں حلول کر کے آگیا ہوں، اس کے بجائے وہ ہمیشہ اپنے آپ کو "ابن آدم" کے لقب سے یاد کرتے رہے، انجیل میں ساٹھ جگہ آپ نے اپنے آپ کو "ابن آدم" فرمایا ہے،

اب کچھ عرصہ سے عیسائی دنیا میں یہ احساس بہت شدت اختیار کرتا جارہا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنے آپ کو خدا نہیں کہا، بلکہ یہ عقیدہ بعد کے زمانے کی پیداوار ہے، اس سلسلے میں سینکڑوں عیسائی علماء کے حوالے پیش

---

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ عیسی علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو "باپ" اور اپنے آپ کو "بیٹا" کہا ہے، لیکن درحقیقت یہ اسرائیلی محاورہ ہے، بائبل میں بے شمار مقامات پر حضرت مسیحؑ کے سوا دوسرے انسانوں کو بھی خدا کا بیٹا کہا گیا ہے، (مثلاً دیکھئے لوقا، باب ۳ و زبور ۸۹/۲۷ و یرمیاہ ۳۱: ۹ و یسعیاہ ۶۳: ۱۶ اور ایوب ۳۸: ۷، و پیدائش ۶: ۲ وغیرہ) اسلئے صرف ان الفاظ سے استدلال کرنا کسی طرح درست نہیں ہے، تفصیل کیلئے دیکھئے اظہار الحق باب سوم، فصل دوم)

Marfat.com

کئے جا سکتے ہیں، مگر ہم یہاں صرف ایک اقتباس ذکر کرتے ہیں، جس سے آپ اندازہ کر سکیں گے کہ حق بات کو "مقدس نظریات" کے غلاف میں کتنا ہی چھپایا جائے، لیکن وہ کبھی نہ کبھی ظاہر ہو کر رہتی ہے۔ پروفیسر ہارنیک ( Harnack ) بیسویں صدی کی ابتداء میں برلن (جرمنی) کے مشہور مفکر گذرے ہیں، عیسائیت پر ان کی کئی کتابیں یورپ اور امریکہ میں بڑی مقبولیت کے ساتھ پڑھی گئی ہیں وہ عقلیت پسند ( Ratisonalist ) گروہ سے تعلق نہیں رکھتے، بلکہ ان کا تعلق اہل تجدد ( Modernist ) کے گروہ سے ہے، اور عیسائی مذہب کی جو تعبیر ان کی نگاہ میں درست ہے اس پر ان کا ایمان مستحکم اور مضبوط ہے، انہوں نے ۱۸۹۹ء اور ۱۹۰۰ء میں عیسائیت کے اوپر کچھ تقریریں کی تھیں، یہ تقریریں جرمنی زبان میں کی تھیں ( Das Wesen des Christentums ) کے نام سے شائع ہوئی تھیں، اور بعد میں ان کا انگریزی ترجمہ "What is Christianity?" کے نام سے شائع ہوا، ان تقریروں نے جرمنی، انگلینڈ، اور امریکہ میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کی، اور اب یہ لیکچر ایسی تاریخی اہمیت اختیار کر چکے ہیں کہ عصر جدید کی عیسائیت کا کوئی مؤرخ ان کا ذکر کئے بغیر نہیں گذرتا،

انہوں نے ان تقریروں میں حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں جو نظریہ پیش کیا ہے اسے ہم ان ہی کے الفاظ میں یہاں نقل کر رہے ہیں۔

"قبل اس کے کہ ہم یہ دیکھیں کہ خود یسوع مسیح کا اپنے بارے میں کیا خیال تھا؟ دو بنیادی نکتوں کو ذہن نشین کر لینا ضروری ہے، پہلی بات تو یہ ہے کہ ان کی خواہش کبھی یہ نہیں تھی کہ ان کے احکام پر عمل کرنا ضروری ہے، یہاں تک کہ چوتھی انجیل کا مصنف، جو بظاہر یسوع مسیح کو اصل انجیل کے تقاضوں سے زیادہ بلند

Marfat.com

مقام دینے پر مُصر نظر آتا ہے، اس کی انجیل میں بھی ہمیں یہ نظریہ واضح طریقے سے ملتا ہے، اُس نے (حضرت) مسیحؑ کا یہ جملہ نقل کیا ہے کہ:
"اگر تمہیں مجھ سے محبت ہے تو میرے حکموں پر عمل کرو"[1]
غالباً (حضرت) مسیحؑ نے یہ دیکھا ہوگا کہ بعض لوگ اُن کی عزت کرتے ہیں بلکہ اُن پر بھروسہ رکھتے ہیں، لیکن کبھی ان کے پیغام پر عمل کرنے کے بارے میں کوئی تکلیف گوارا کرنا پسند نہیں کرتے، ایسے ہی لوگوں کو خطاب کر کے آپ نے فرمایا تھا کہ "جو مجھ سے اے خداوند اے خداوند کہتے ہیں ان میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخل نہ ہوگا، مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے"[2]
اس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ انجیل کے اصل متضمنات سے الگ ہو کر (حضرت) مسیحؑ کے بارے میں کوئی عقیدہ بنا لینا خود ان کے نظریات کے دائرے سے بالکل باہر تھا،
دوسری بات یہ ہے کہ (حضرت) مسیحؑ نے آسمان اور زمین کے خداوند کو اپنا خداوند اور اپنا باپ ظاہر کیا، نیز یہ کہا کہ وہی خالق ہے، اور وہی تنہا نیک ہے، وہ یقینی طور پر یہ بھی مانتے تھے کہ ان کے پاس جو چیز بھی ہے، اور جس چیز کی تکمیل وہ کرنے کو ہیں، وہ سب باپ کی طرف سے آتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ خدا سے دعائیں کرتے تھے، اپنے آپ کو اس کی مرضی کے تابع رکھتے تھے، وہ خدا کی مرضی کو معلوم کر کے اس پر عمل کرنے کے لئے سخت سے

---

[1] غالباً یہ انجیل یوحنا کی اس عبارت کی طرف اشارہ ہے "جس کے پاس میرے حکم ہیں اور اُن پر عمل کرتا ہے وہی مجھ سے محبت رکھتا ہے" (یوحنا ۱۴: ۲۱)
[2] یہ متی ۷: ۲۱ کی عبارت ہے، تقی

Marfat.com

سخت مشقتیں برداشت کرتے تھے، مقصد، طاقت، فیصلہ اور سختیاں سب ان کے نزدیک خدا کی طرف سے آتی ہیں۔

یہ ہیں وہ حقائق جو انجیلیں ہمیں بتاتی ہیں، اور ان حقائق کو توڑا مروڑا نہیں جاسکتا، یہ ایک شخص جو اپنے دل میں احساسات رکھتا ہے، جو دعائیں کرتا ہے، جو جہد و عمل کی راہ پر گامزن رہ کر مشقتیں جھیلتا اور مصیبتیں برداشت کرتا ہے یقیناً ایک انسان ہے جو اپنے آپ کو خدا کے سامنے بھی دوسرے انسانوں کے ساتھ ملا جلا رکھتا ہے[1]

یہ دو حقیقتیں اس زمین کی حدود کو ظاہر کرتی ہیں جو اپنے بارے میں خود (حضرت مسیحؑ) کی شہادت سے ڈھکی ہوئی ہے، یہ درست ہے کہ ان حقیقتوں سے ہمیں اس بات کی کوئی مثبت اطلاع نہیں ملتی کہ (حضرت) مسیحؑ نے کیا کہا، لیکن اپنے بارے میں انہوں نے جو دو لفظ استعمال کئے ہیں، ایک خدا کا بیٹا، اور ایک مسیح (یعنی داؤد کا بیٹا اور آدم کا بیٹا) اگر ہم ان دو الفاظ کو قریب سے دیکھیں تو ہمیں یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ ان لفظوں سے (حضرت) مسیحؑ کی مراد کیا تھی؟..... آیئے

آیئے ہم پہلے یہ دیکھیں کہ "ابن اللہ" کے منصب کے حقیقی معنی کیا ہیں؟ حضرت مسیحؑ نے اپنے ایک ارشاد میں اس بات کو خود واضح کر دیا ہے کہ انہوں نے اپنے آپ کو یہ لقب کیوں دیا؟ یہ ارشاد متی کی انجیل میں موجود ہے، (اور جیسے کہ توقع ہو سکتی تھی انجیل یوحنا میں نہیں ہے) اور وہ یہ کہ "کوئی بیٹے کو نہیں جانتا سوائے باپ کے، اور کوئی باپ کو نہیں جانتا سوائے بیٹے کے، اور اس کے جس پر بیٹا اسے ظاہر کرنا چاہے"[2]

---

[1] اصلی انگریزی الفاظ یہ ہیں— "This is what Gospels say, and it cannot be turned and twisted.This feeling, praying, working,
باقی آئندہ صفحہ پر

Marfat.com

"...... اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت مسیحؑ کو اپنے "خدا کا بیٹا" ہونے کا جو احساس تھا وہ اس بات کے عملی نتیجے کے سوا کچھ نہیں تھا کہ وہ خدا کو "باپ" اور "اپنے باپ" ہونے کی حیثیت سے جانتے تھے لہٰذا اگر "بیٹے" کے لفظ کو صحیح سمجھا جائے تو اس کا مطلب خدا کی معرفت کے سوا کچھ نہیں ہے، البتہ یہاں دو چیزوں پر غور کرنا ضروری ہے، پہلی یہ کہ (حضرت) مسیحؑ اس بات کے قائل ہیں کہ وہ خدا کو اس طریقے سے جانتے ہیں کہ ان سے قبل کوئی نہیں جانتا تھا، ....... اس معنی میں (حضرت) مسیحؑ اپنے آپ کو خدا کا بیٹا قرار دیتے تھے" [1]

آگے چند صفحوں کے بعد ڈاکٹر ہارنیک لکھتے ہیں۔

"جس انجیل کی تبلیغ (حضرت) مسیحؑ نے کی تھی، اس کا تعلق صرف باپ سے ہے بیٹے سے نہیں، یہ کوئی تضاد کی بات نہیں، اور نہ یہ کوئی "عقلیت پسندی" ( ) ہے، بلکہ یہ اُن حقائق کا سادہ سا اظہار ہے جو انجیل کے مصنفین نے بیان کئے ہیں [2]"

پھر چار صفحوں کے بعد وہ لکھتے ہیں۔

بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۲: struggling and suffering individual is a man who in the face of God also associates himself with other men" (What is Christianity PP. 129, 130)

[1] یہ متی ۱۱: ۲۷ کی عبارت ہے، تقی۔

حاشیہ صفحہ ہذا: [1] Harnack, *What is Christianity* PP. 128, 131, trans. by Thomas Bailey Sounder, *New York* 1912

[2] Ibid P. 147

Marfat.com

"انجیل ہمارے سامنے اس زندۂ جاوید خدا کا تصور پیش کرتی ہے، یہاں بھی صرف اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اسی خدا کو مانا جائے، اور تنہا اُسی کی مرضی کی پیروی کی جائے، یہی وہ چیز ہے جو (حضرت) مسیحؑ کا مطلب اور مقصد تھی [1]"

ڈاکٹر ہارنیک کے ان طویل اقتباسات کو پیش کرنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ جب بھی غیر جانبداری اور دیانت داری کے ساتھ انجیلوں کا جائزہ لیا گیا ہے، تو دیانت نے ہمیشہ یہ فیصلہ دیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنے بارے میں ایک "خدا کا بندہ اور پیغمبر" ہونے کے سوا کوئی اور بات نہیں کہی، ان کا کوئی ارشاد آج کی انجیلوں میں بھی ایسا نہیں ملتا جس سے ان کا خدا ہونا یا خدا کا کوئی "اقنوم" ہونا ثابت ہوتا ہو،

## حضرت مسیحؑ حواریوں کی نظر میں

حضرت مسیحؑ کے بعد دوسرا درجہ ان کے حواریوں کا ہے۔ جب ہم ان کے اقوال میں اس عقیدے کو تلاش کرتے ہیں تو ہمیں وہاں بھی "تثلیث" یا "حلول" کا کوئی تصور نہیں ملتا، بائبل میں حضرت مسیحؑ کے لئے "خدا" کا لفظ ان کی طرف ضرور منسوب ہے، لیکن یہ لفظ "آقا" اور "استاد" کے معنی میں بہ کثرت استعمال ہوا ہے، انجیل کی کئی عبارتیں بھی اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ حوارین حضرت مسیحؑ کو "استاد" کے معنی میں "خداوند" اور "ربی" کہتے تھے۔ انجیل متی میں ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا:-

"مگر تم ربی نہ کہلاؤ، کیونکہ تمہارا استاد ایک ہی ہے، اور تم سب بھائی ہو اور زمین پر کسی کو اپنا باپ نہ کہو، کیوں کہ تمہارا باپ ایک ہی ہے

Marfat.com

جو آسمانی ہے [1] اور نہ تم ہادی کہلاؤ۔ کیونکہ تمہارا ہادی ایک ہی ہے یعنی مسیح" (متی ۲۳: ۸ تا ۱۰)

اس سے صاف واضح ہے کہ حواری جو حضرت مسیحؑ کو "ربی" یا "خداوند" کہتے تھے، وہ "استاد" اور "ہادی" کے معنی میں کہتے تھے، معبود اور الٰہ کے معنی میں نہیں، لہٰذا اس لفظ سے تو اس بات پر استدلال نہیں کیا جا سکتا کہ وہ حضرت مسیحؑ کو خدا سمجھتے تھے، اور اس ایک لفظ کے سوا کوئی ایک حرف بھی ایسا موجود نہیں ہے جس سے عقیدۂ تثلیث یا عقیدۂ حلول کا کوئی اشارہ ملتا ہو، اس کے برعکس بعض ایسی واضح عبارتیں ضرور ملتی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ حواریوں کے نزدیک حضرت مسیحؑ ایک پیغمبر تھے، اور بس! حضرت پطرسؔ حواریوں میں بلند ترین مقام کے حامل ہیں، وہ ایک مرتبہ یہودیوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں۔

"اے اسرائیلیو! یہ باتیں سنو کہ یسوعؔ ناصری ایک شخص تھا، جس کا خدا کی طرف سے ہونا تم پر ان معجزوں اور عجیب کاموں اور نشانوں سے ثابت ہوا جو خدا نے اس کی معرفت تم میں دکھلائے چنانچہ تم آپ ہی جانتے ہو" (اعمال ۲: ۲۲)

واضح رہے کہ یہ خطاب یہودیوں کو مذہب عیسوی کی دعوت دینے کے لئے کیا جا رہا ہے اگر عقیدۂ تثلیث اور عقیدۂ حلول مذہب عیسوی کا بنیادی عقیدہ تھا، تو حضرت پطرسؔ کو چاہئے تھا کہ وہ حضرت "یسوع ناصری" کو "ایک شخص" کہنے کے بجائے خدا کا "ایک اقنوم"

---

[1] اس کے باوجود عیسائی حضرات اپنے پادریوں اور پاپاؤں کو "باپ" کیوں کہتے آئے ہیں؟ یہ انہی سے پوچھئے، رموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند۔

Marfat.com

کہتے، اور "خدا کی طرف سے" کہنے کی جگہ صرف "خدا" کہتے، اور ان کے سامنے تثلیث وحلول کے عقیدوں کی تشریح کرتے،

اور آگے ایک موقع پر فرماتے ہیں۔

"ابرہام اور اضحاق اور یعقوب کے خدا، یعنی ہمارے باپ دادا کے خدا نے اپنے خادم یسوع کو جلال دیا" (اعمال ۳: ۱۳)

اور کتاب اعمال ہی میں ہے کہ ایک مرتبہ تمام حواریوں نے یک زبان ہوکر خدا سے مناجات کرتے ہوئے کہا کہ:-

"کیونکہ واقعی تیرے پاک خادم یسوع کے برخلاف جسے تو نے مسح کیا ہیرودیس اور پنطیس، پیلاطس غیر قوموں اور اسرائیلوں کے ساتھ اسی شہر میں جمع ہوئے" (اعمال ۴: ۲۷)

اس کے علاوہ ایک موقع پر برنباس حواری فرماتے ہیں۔

"دلی ارادے سے خداوند سے لپٹے رہو، کیونکہ وہ نیک مرد اور روح القدس اور ایمان سے معمور تھا" (اعمال ۱۱: ۲۳، ۲۴)

اس میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صرف نیک مرد اور مومن کہا گیا ہے،

یہ تمام عبارتیں پوری صراحت کے ساتھ اس حقیقت کو آشکارا کرتی ہیں کہ حوارین حضرت مسیح علیہ السلام کو "ایک شخص" اور "خدا کی طرف سے" پیغمبر اور اللہ کا "خادم (یعنی بندہ) اور "مسیح" سمجھتے تھے اس سے زیادہ کچھ نہیں،

آپ نے دیکھا کہ حضرت مسیح علیہ السلام سے لے کر آب کے حواریوں تک کسی سے بھی تثلیث اور حلول کا عقیدہ ثابت نہیں ہے، بلکہ اس کے خلاف ان کی صریح عبارتیں موجود ہیں،

لہٰذا پہلا وہ شخص جس کے یہاں تثلیث اور حلول کا عقیدہ صراحت

Marfat.com

اور وضاحت کے ساتھ ملتا ہے، پولسؔ ہے، وہ فلپیّوں کے نام اپنے خط میں لکھتا ہے :۔

"اُس (مسیح) نے اگرچہ خدا کی صورت پر تھا، خدا کے برابر ہونے کو قبضہ میں رکھنے کی چیز نہ سمجھا، بلکہ اپنے آپ کو خالی کر دیا، اور خادم کی صورت اختیار کی، اور انسانوں کے مشابہ ہو گیا، اور انسانی شکل میں ظاہر ہو کر اپنے آپ کو پست کر دیا، اور یہاں تک فرمانبردار رہا کہ موت بلکہ صلیبی موت گوارا کی۔ اسی واسطے خدا نے بھی اُسے بہت سربلند کیا، ...... تاکہ یسوعؔ کے نام پر ہر ایک گھٹنا ٹیکے .... اور خدا باپ کے جلال کے لئے ہر ایک زبان اقرار کرے کہ یسوعؔ مسیح خداوند ہے" (فلپیّوں ۲: ۶ تا ۱۱)

اور کلسیّوں کے نام خط میں لکھتا ہے :۔

"وہ (مسیح) دیکھے خدا کی صورت اور تمام مخلوقات سے پہلے مولود ہے، کیونکہ اسی میں سب چیزیں پیدا کی گئیں، آسمان کی ہوں یا زمین کی، دیکھی ہوں یا اَن دیکھی، تخت ہوں یا ریاستیں، یا حکومتیں یا اختیارات، سب چیزیں اسی کے وسیلے سے اور اسی کے واسطے سے پیدا ہوئی ہیں"۔ (کلسیّوں ۱: ۱۶)

اور آگے چل کر لکھتا ہے۔

"کیونکہ الوہیّت کی ساری معموری اسی میں مجسّم ہو کر سکونت کرتی ہے"

(کلسیّوں ۲: ۹)

آپ نے دیکھا کہ حواریوں نے حضرت مسیحؑ کے لئے "خداوند" اور "ربّی" کے الفاظ تو استعمال کئے ہیں، جن کے معنی مذکورہ بالا دلائل کی روشنی میں "استاد" کے ہیں، لیکن کہیں اُن کے لئے "الوہیت" یا "تجسم" کا لفظ استعمال نہیں کیا، یہ عقیدہ سب سے پہلے پولسؔ ہی کے یہاں

Marfat.com

ملتا ہے۔

## انجیل یوحنّا کی حقیقت

یہاں ایک اعتراض پیدا ہو سکتا ہے، اور وہ یہ کہ حلول اور تجسم کا عقیدہ انجیل یوحنّا کے بالکل شروع میں موجود ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

"ابتدا میں کلام تھا، اور کلام خدا کے ساتھ تھا، اور کلام خدا تھا"

(یوحنّا ۱:۱)

اور آگے چل کر لکھا ہے:

"اور کلام مجسّم ہوا، اور فضل اور سچائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیان رہا، اور ہم نے اس کا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اکلوتے کا جلال"

(۱:۱۴)

یہ یوحنّا کی عبارت ہے، اور یوحنّا چونکہ حواری ہیں، اس لئے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تجسّم کے عقیدے کا بانی پولس نہیں، بلکہ حواریوں میں سے یوحنّا بھی اس کے قائل تھے،

یہ اعتراض خاصا وزنی ہو سکتا تھا، اگر انجیل یوحنّا کم ازکم اتنی مستند ہوتی جتنی پہلی تین انجیلیں ہیں، لیکن اتفاق سے انجیل یوحنّا ہی ایک ایسی انجیل ہے، جس کی اصلیت میں خود عیسائیوں کو ہمیشہ شک رہا ہے، دوسری صدی ہی سے عیسائیوں میں ایک بڑی جماعت اس انجیل کو یوحنّا کی تصنیف ماننے سے انکار کرتی آئی ہے، اور آخری زمانے میں تو اس انجیل کی اصلیت کا مسئلہ ایک مستقل دردسر بن گیا تھا، بیسیوں کتابیں اس کی اصلیّت کی تحقیق کے لئے لکھی گئی ہیں، اور ہزاروں صفحات اس پر بحث و مباحثے میں سیاہ ہوتے ہیں، یہاں ہمارے لئے ان تمام بحثوں کا خلاصہ بیان کرنا بھی ممکن نہیں ہے، لیکن اس سلسلے میں چند اہم نکات کی طرف اشارہ کر دینا ضروری ہے۔

Marfat.com

اس انجیل کے بارے میں سب سے پہلے آرینوس (م ۱۷۷ء) آریجن (م ۲۵۴ء) کلیمنٹ رومی (م ۲۰۰ء) اور مورخ یوسی بیس (م ۳۱۴ء) نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ یہ انجیل یوحنا حواری کی تصنیف ہے، لیکن اسی زمانے (۱۶۵ء کے قریب میں) عیسائیوں کا ایک گروہ اسے یوحنا کی تصنیف ماننے سے انکار کرتا تھا، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں اس گروہ کا حال ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔

"جو لوگ انجیل یوحنا پر تنقید کرتے ہیں ان کے حق میں ایک مثبت شہادت یہ ہے کہ ایشیائے کوچک میں عیسائیوں کا ایک گروہ ایسا موجود تھا جو ۱۶۵ء کے لگ بھگ چوتھی انجیل کو یوحنا کی تصنیف ماننے سے انکار کرتا تھا، اور اسے سرنتھس کی طرف منسوب کرتا تھا۔ اس گروہ کی یہ نسبت تو بلاشبہ غلط ہے لیکن سوال یہ ہے کہ عیسائیوں کا ایک ایسا طبقہ جو اپنی تعداد کے لحاظ سے اتنا بڑا تھا کہ سینٹ ایپی فانیس نے ۳۷۴ء ۳۷۷ء میں اسے ایک طویل تذکرے کا مستحق سمجھا جو باقی تین انجیلوں کو مانتا تھا، جو غناسطی اور مونٹینسٹ فرقوں کا مخالف تھا، اور جو اپنے لئے کوئی الگ نام تجویز کرنے سے باز رہا، یہاں تک کہ بشپ نے اس کا نام "الوگی" (کلام والی انجیل کا مخالف) رکھ دیا، اگر انجیل یوحنا کی اصلیت غیر مشتبہ ہوتی تو کیا ایسا طبقہ اُس جیسے زمانے اور اس جیسے ملک میں انجیل یوحنا کے بارے میں ایسے نظریات رکھ سکتا تھا؟ یقیناً نہیں [1]"

پھر خود اس انجیل کی بعض اندرونی شہادتیں ایسی ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب یوحنا حواری کی لکھی ہوئی نہیں ہے، مثلاً یہ کہ اس کتاب کا لکھنے والا یقیناً کوئی یہودی عالم ہے، اور یہودی خیالات و تصورات

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۹۸ ج ۱۳، مقالہ "جان" "گاسپل آف"

Marfat.com

سے واقف ہے [1]، لیکن یوحنا بن زبدی حواری اَن پڑھ اور ناواقف تھے، (جیساکہ اعمال ۴:۱۳ سے معلوم ہوتا ہے) نیز انجیل یوحنا سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مصنف کسی بڑے صاحبِ رسوخ و اقتدار خاندان سے تعلق رکھتا تھا [2] حالانکہ یوحنا ابن زبدی حواری ماہی گیر اور دینوی اعتبار سے کم حیثیت تھے، [3] علاوہ ازیں چوتھی انجیل اپنے مضامین کے لحاظ سے بھی پہلی تین انجیلوں سے تضاد رکھتی ہے، اور اس کا اسلوب بھی بالکل جداگانہ ہے۔

اس انجیل کو یوحنا کی تصنیف قرار دینے والا پہلا شخص آرینوس ہے اور اس کے بارے میں عیسائی علماء کا خیال یہ ہے کہ وہ دقتِ نظر اور تنقید کے معاملے میں کوئی بہت زیادہ قابلِ اعتماد نہیں ہے۔

اس جیسی بہت سی وجوہ کی بناء پر آخر دور میں عیسائی علماء کی ایک کثیر جماعت اس بات کی قائل تھی کہ انجیل یوحنا جعلی تصنیف ہے، اور اسے الہامی کتب میں شمار کرنا درست نہیں،

لیکن وہ عیسائی علماء جو اس انجیل کو درست مانتے ہیں، اور اسکو من گھڑت ہونے کے الزام سے بچانا چاہتے ہیں ہمارے زمانے میں ان کی تقریباً متفقہ رائے یہ ہوگئی ہے کہ اس انجیل کا مصنف یوحنا بن زبدی حواری نہیں ہے بلکہ یوحنا بزرگ (JOHN THE ELDER) ہے۔

جیمس میک کنن لکھتا ہے:

"یہ بات بہت قرینِ قیاس ہے کہ آرینوس نے جس کی حقیقت پسندی

---

[1] دیکھئے ۴:۲۷، ۷:۱۵، ۹:۲، ۹:۴، ۷:۴۹، ۱:۲۱، ۴:۲۵، ۶:۱۴، ۷:۴۰، ۱۲:۲۴، ۷:۲۲، ۱۸:۲۸، ۷:۳۷ وغیرہ۔

[2] دیکھئے ۱۸:۱۵، ۱۶:۱۵، ۲:۱، ۷:۵، ۱۹:۳۸، ۷:۴۵، ۱۱:۴۷، ۱۲:۲۰، ۱۰:۱ وغیرہ

[3] برٹانیکا ص ۸۳ ج ۱۳ مقالہ "جان"

Marfat.com

اور تنقیدی نظر نمایاں نہیں ہے، یوحنا بزرگ کے ساتھ خلط ملط کر دیا ہے[1]،،

اور ہمارے ملک کے مشہور پادری صاحب تصانیف عیسائی عالم آرچ ڈیکن برکت اللہ صاحب لکھتے ہیں۔

،، پس ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ یہ روایت کہ ،، انجیل چہارم مقدس یوحنا رسول ابن زبدی کی تصنیف ہے، صحیح نہیں ہو سکتی[2]،،

اور آگے ایک جگہ لکھتے ہیں۔

حق تو یہ ہے کہ اب علماء اس نظریئے کو بے چون وچرا تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں کہ انجیل چہارم کا مصنف مقدس یوحنا بن زبدی رسول تھا، اور عام طور پر نقاد اس نظریئے کے خلاف نظر آتے ہیں[3]،

انہوں نے اپنی کتاب میں بڑی تفصیل کے ساتھ اپنے اس دعوے کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ چوتھی انجیل کا مصنف ،، یوحنا رسول،، نہیں تھا، انہیں یہ بات ثابت کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی ؟ اس سوال کا جواب بھی انہی کے اپنے الفاظ میں سن لیجئے۔

،، جو علماء یہ مانتے ہیں کہ اس انجیل کو یوحنا بن زبدی رسول نے لکھا ہے کہ وہ بالعموم اس انجیل کی تواریخی اہمیت کے قائل نہیں، اور ان کا نظریہ یہ ہے کہ انجیل چہارم تواریخی واقعات سے معرا ہے، اور اس کے مکالمات مصنف کے اپنے ہیں۔

---

[1] From Christ to constantine *P. 119. London 1936*

[2] قدامت واصلیت اناجیل اربعہ ص ۱۳۱ جلد دوم پنجاب رلیجس بک سوسائٹی ۱۹۶۰ء

[3] ایضاً ص ۱۴۱ ج ۲،

Marfat.com

جن کو وہ کلمۃ اللہ کے منہ میں ڈالتا ہے [۱]"

گویا چونکہ چوتھی انجیل کو یوحنا بن زبدی حواری کی تصنیف قرار دینے کے بعد اس کی اصلیت سخت خطرے میں پڑ جاتی ہے، اس لئے پادری صاحب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش فرمائی ہے کہ وہ "یوحنا بزرگ" کی تصنیف ہے، ان کی تحقیق یہ ہے کہ یوحنا بزرگ بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک شاگرد تھے، مگر بارہ حواریوں میں ان کا شمار نہیں ہے، بلکہ حضرت عیسیٰؑ نے بالکل آخر میں انہیں اپنی صحبت سے سرفراز فرمایا تھا [۲]، یوحنا بزرگ نوجوان، پڑھے لکھے، تورات کے عالم اور ایک معزز صدوقی گھرانے کے چشم و چراغ تھے، اور انہی باتوں کا اظہار انہوں نے اپنی انجیل میں کیا ہے،

یہ ہے وہ تحقیق جسے آج کی عیسائی دنیا میں قبولِ عام حاصل ہے۔ اور جس کی بنا پر انہوں نے یوحنا حواری کو چوتھی انجیل کا مصنف ماننے سے صاف انکار کر دیا ہے،

لیکن ہماری نظر میں یہ تحقیق بھی بہت بے وزن ہے، اور انجیلِ یوحنا کی اصلیت کو بچانے کے جذبے کے سوا اس کی پشت پر کوئی محرک ہمیں نظر نہیں آتا، سوال یہ ہے کہ اگر یوحنا بزرگ بارہ حواریوں کے علاوہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کوئی اور شاگرد تھے، تو ان کا ذکر پہلی تین انجیلوں سے کیوں غائب ہے؟ چوتھی انجیل سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مصنف حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے نہ صرف بہت قریبی تعلق رکھتا تھا، بلکہ حضرت مسیحؑ اس سے بے پناہ محبت کرتے تھے، چوتھی انجیل کے مصنف نے بےشمار جگہوں پر اپنا نام لینے کے بجائے اپنے لئے "وہ شاگرد جس سے یسوع محبت

---

[۱] قدامت و اصلیتِ اناجیلِ اربعہ، ص ۱۴۰ ج ۲،
[۲] ایضاً ص ۱۳۷ ج ۲،

کرتا تھا،، کے الفاظ استعمال کئے ہیں، اور آخر میں ظاہر کیا ہے کہ اس سے مراد خود انجیل رابع کا مصنف ہے (۲۱ : ۲۴)

حضرت مسیح علیہ السلام سے اُن کی بے تکلفی کا عالم یہ تھا کہ خود لکھتے ہیں :-

" اس کے شاگردوں میں سے ایک شخص جس سے یسوع محبت کرتا تھا یسوع کے سینے کی طرف جھکا ہوا کھانا کھانے بیٹھا تھا،، (یوحنا ۱۳ : ۲۳)

اور آگے لکھا ہے :-

" اس نے اسی طرح یسوع کی چھاتی کا سہارا لے کر کہا کہ اے خداوند وہ کون ہے؟ [1] (۱۳ : ۲۵)

بارہ حواریوں میں سے کسی کو بھی یہ جرأت نہیں ہوئی کہ وہ حضرت مسیح علیہ السّلام کے سینے پر سوار ہو کر کھانا کھائیں، مگر یہ شاگرد اتنے چہیتے اور محبوب تھے کہ انہیں اس بے تکلفی میں کوئی قباحت محسوس نہیں ہوئی ——— جب حضرت مسیح علیہ السّلام سے ان کے قرب کا عالم یہ تھا تو پہلا سوال تو یہ ہے کہ حضرت مسیحؑ نے انہیں باقاعدہ حواریوں میں کیوں شامل نہیں فرمایا؟ کیا یہ بات قابلِ تسلیم ہو سکتی ہے کہ یہوداہ اسکریوتی جیسا شخص جو بقولِ اناجیل چور تھا (یوحنا ۱۲ : ۶) اور جس نے حضرت مسیح علیہ السلام کو گرفتار کروایا (لوقا ۲۲ : ۴ وغیرہ) وہ تو بارہ مقرب حواریوں میں شمار ہو، اور حضرت مسیحؑ کا اتنا بے تکلف شاگرد جو اُن کے سینے پر سر رکھ کر کھانا کھا سکتا ہو، اور حضرت مسیح علیہ السّلام کے عروجِ آسمانی کے وقت پطرس کو سب سے زیادہ اسی کی فکر ہو کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے فراق میں اس کا کیا حال ہو گا؟ (یوحنا ۲۱ : ۲۱) وہ باقاعدہ حواریوں میں شامل نہ ہو؟ -

[1] یہاں یہ بات بھی قابلِ لحاظ ہے کہ اس واقعے میں چوتھی انجیل کے سوا کسی انجیل میں اس شاگرد کے اسطرح کھانا کھانے اور سوال کرنے کا ذکر نہیں ہے (دیکھئے متی ۲۶ : ۲۱، مرقس ۱۴ : ۱۸، و لوقا ۲۲ : ۲۱،

Marfat.com

دوسرے اس کی کیا وجہ ہے کہ پہلی تین انجیلیں جو عیسائی حضرات کے نزدیک حضرت مسیحؑ کی مکمل سوانح حیات ہیں، اور جن میں آپ سے تعلق رکھنے والے معمولی معمولی انسانوں کا مفصّل ذکر ہے، جن میں مریمؔ، مرتھاؔ، لعزرؔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی گدھی تک کا ذکر موجود ہے، ان انجیلوں میں حضرت مسیح علیہ السّلام کے اس محبوب شاگرد کا کوئی ادنیٰ سا ذکر بھی نہیں ہے،

پھر اگر "یوحنا بزرگ" کے نام کا کوئی شاگرد "یوحنا حواری" کے علاوہ موجود تھا، تو کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ اناجیل اربعہ کے مصنفین "یوحنا زبدی" اور "یوحنا بزرگ" کا فرق واضح کر کے بیان کرتے، تاکہ کسی کو اشتباہ نہ ہو، ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیحؑ کے شاگردوں میں یعقوبؔ نام کے دو شخص تھے، یعقوب بن زبدی اور یعقوب بن حلفی۔ اس طرح یہوؔداہ نام کے دو شخص تھے، یہوؔداہ بن یعقوب، اور یہوداہ اسکریوتی۔ ان دونوں سے اشتباہ کو رفع کرنے کے لئے انجیل کے مصنفوں نے خاص اہتمام کر کے انہیں الگ الگ ذکر کیا ہے، تاکہ کوئی ان دونوں کو خلط ملط نہ کر دے (دیکھئے متی ۱۰: ۲ و مرقس ۳: ۱۶، ۱۹ و لوقا ۶: ۱۴، ۱۶، اعمال ۱: ۱۳) اگر یوحنا نام کے بھی دو شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے شاگرد تھے تو انجیل کے مصنفوں نے یعقوبؔ اور یہوؔداہ کی طرح ان سے اشتباہ کیوں رفع نہیں کیا؟

اس کے علاوہ اگر "یوحنا بزرگ" نامی کوئی شخص حضرت عیسےٰ علیہ السّلام کا محبوب شاگرد تھا تو وہ حضرت مسیحؑ کے عروجِ آسمانی کے بعد کہاں گیا؟ آپ کے بعد آپ کے حواریوں نے عیسائیت کی تعلیم و تبلیغ میں جو سرگرمیاں دکھائیں اُنکا مفصل حال کتابؔ اعمال میں موجود ہے اور اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے ممتاز شاگردوں کی سرگذشت پائی جاتی

Marfat.com

ہے، لیکن اس کتاب میں بھی "یوحنا بزرگ" نام کا کوئی شخص نظر نہیں پڑتا، یہ بھی نہیں کہا جاسکتا کہ حضرت مسیحؑ کے عروجِ آسمانی کے فوراً بعد اس کی وفات ہوگئی تھی، کیونکہ انجیلِ یوحنا حضرت مسیحؑ کے بہت بعد لکھی گئی ہے، اور اس میں اس بات کی تصریح ہے کہ حواریوں کے درمیان یہ بات مشہور ہوگئی تھی کہ چوتھی انجیل کا مصنف یوحنا قیامت تک نہیں مرے گا۔ (یوحنا ۲۱: ۲۳) چنانچہ تمام وہ عیسائی علماء جو "یوحنا بزرگ" کو "یوحنا بن زبدی" سے الگ کوئی شخصیت مانتے ہیں، وہ اس بات کے قائل ہیں کہ یوحنا بزرگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کافی بعد تک زندہ رہا، یہاں تک کہ پولیکارپ (POLYCARP) اس کا شاگرد تھا،

یہ وہ ناقابلِ انکار شواہد ہیں جن کی روشنی میں یہ دعویٰ بالکل بے بنیاد معلوم ہونے لگتا ہے کہ یوحنا بزرگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی شاگرد تھا رہا وہ جملہ جو انجیلِ یوحنا کے بالکل آخر میں مذکور ہے، یعنی:

"یہ وہی شاگرد ہے جو اُن باتوں کی گواہی دیتا ہے، اور جس نے ان کو لکھا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ اس کی گواہی سچی ہے"

(یوحنا ۲۱: ۲۴)

سو اس کے بارے میں عیسائی محققین کی اکثریت کا خیال یہ ہے کہ یہ جملہ انجیلِ یوحنا کے مصنف کا نہیں ہے، بلکہ بعد میں کسی نے بڑھا دیا ہے، بائبل کا مشہور مفسر ویسٹ کاٹ (Westcott) بائبل پر تنقید کرنے کے معاملے میں بہت محتاط اور رجعت پسند نقطۂ نظر کا حامی ہے، مگر یہاں وہ بھی لکھتا ہے کہ:

"ان دو آیتوں کے بارے میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ درحقیقت وہ حاشیے ہیں جو انجیل کی اشاعت سے قبل اس میں بڑھا دیئے گئے تھے، اگر آیت نمبر ۲۴ کا مقابلہ ۱۹: ۳۵ سے کر کے دیکھا جائے

Marfat.com

تو نتیجہ خیز طور پر یہ بات نظر آتی ہے کہ یہ شہادت انجیل کے مصنف کی نہیں غالباً یہ الفاظ افسس کے بزرگوں نے بڑھا دیئے تھے [۱]۔

عہد حاضر کے مشہور مصنف بشپ گور ( Biskop Gore ) بھی اس کی تائید کرتے ہیں [۲]، اور یہی وجہ ہے کہ دو آیتیں نسخہ سینائی ٹکس ( CodexSinaiticus ) میں موجود نہیں ہیں [۳]۔

لہٰذا اس جملے کی بنیاد پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس کا لکھنے والا حضرت مسیح علیہ السلام کا کوئی شاگرد ہے،

مذکورہ بالا اشارات سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ چوتھی انجیل کا مصنف نہ یوحنا بن زبدی حواری ہے، نہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی اور قابلِ ذکر شاگرد، بلکہ ہمارا خیال تو یہ ہے کہ چوتھی انجیل کا مصنف حواریوں کے بہت بعد کا کوئی شخص ہے، جس نے پولس یا اس کے شاگرد سے علم حاصل کیا تھا [۴] اور بقول مفسر "ولیسٹ کاٹ"، افسس کے بزرگوں نے اسے یوحنا حواری کی طرف منسوب کرنے کے لئے کچھ ایسے جملے بڑھا دیئے جن سے مصنف کا عینی شاہد ہونا معلوم ہوتا ہو، تاکہ اپنے زمانے کے بعض ان غناسطی فرقوں ( GNOSTICS ) کے خلاف حجت قائم کی جا سکے، جو حضرت مسیح علیہ السلام کی خدائی کے قائل نہیں تھے، اور

---

[۱] Quoted by B. H. Streeter. *The Four Gospels P. 430*, *Mackmillan, New York 1961*

[۲] *see* Belief in Christ p. 106.

[۳] The Four Gospels p. 431

[۴] بلکہ فرانسیسی انسائیکلوپیڈیا میں تو یہاں تک کہا گیا ہے کہ پوری انجیلِ یوحنا خود پولس کی تصنیف ہے، جسے اس نے یوحنا حواری کی طرف منسوب کر دیا ہے (دیکھئے مقدمہ انجیل برناباس از سید رشید رضا مصری مرحوم، مطبوعہ قاہرہ)،

Marfat.com

یہ بات اب علمی دنیا میں ایک ناقابلِ انکار حقیقت بن کر سامنے آگئی ہے کہ اس زمانے میں مخالف فرقوں سے مناظرے کے دوران مقدس نوشتوں میں اس قسم کی ترمیمیں مسلسل ہوتی رہی ہیں، عہدِ حاضر کے مشہور عیسائی محقق پروفیسر برنٹ ہلمین اسٹریٹر اپنی فاضلانہ تصنیف، "اناجیل اربعہ" (The Four Gospels) میں کتنی وضاحت کے ساتھ لکھتے ہیں کہ:

"لہٰذا اگر چوتھی انجیل میں ہمیں متن کے اندر کوئی ایسا اضافہ ملتا ہے جس کے ذریعہ اس کے مصنف کی واضح نشان دہی کی گئی ہے، مگر اس کے بارے میں یہ اعتراف کرلیا گیا ہے کہ وہ اصل مصنف کا نہیں ہے تو کیا یہ بات بہت قرینِ قیاس نہیں ہے کہ یہ اضافہ انجیل کی تصنیف کے کچھ بعد کا ہے، اور شاید دوسرے مقامات پر بھی کرلیا گیا تھا۔ اور اس کا مقصد یہ تھا کہ اس انجیل کے مصنف کے بارے میں اس نقطۂ نظر کو منوایا جائے، جس سے اُس زمانے کے کچھ لوگ انکار کرتے تھے، اور دوسری صدی عیسوی میں اس اختلاف کا پایا جانا ہم آگے بالاختصار بیان کریں گے،

مذکورہ بیان کی روشنی میں انجیل یوحنا کا یہ جملہ کہ "یہ وہی شاگرد ہے.... جس نے ان کو لکھا ہے...." اس کو یوں سمجھنا چاہیے کہ یہ ایک متنازعہ مسئلہ کو حل کرنے کی ایک کوشش تھی، اور اس سے اس بات کا مزید ثبوت ملتا ہے کہ اس زمانے میں بھی اس انجیل کے مصنف کے بارے میں شکوک اور اختلافات پائے جاتے تھے"[۱]

لہٰذا ایسے ماحول میں یہ بات بھی چنداں محلِ تعجب نہیں ہے کہ

---

[۱] B. H. Streeter The Four Gospels p. 431

Marfat.com

انجیلِ یوحنا اور یوحنا کے خطوط کسی پولس کے شاگرد نے لکھے ہوں، اور بعد کے لوگوں نے ان میں ایسے جملوں کا اضافہ کر دیا ہو جن سے مصنف کا حضرت مسیحؑ کا عینی شاہد ہونا معلوم ہو،

اس زمانے کے عام رجحان کے پیش نظر تو ہمیں یہی بات درست معلوم ہوتی ہے، لیکن خالص رجعت پسندانہ عیسائی نقطۂ نظر اختیار کرتے ہوتے اس انجیل کے بارے میں پورے حسنِ ظن کے ساتھ زیادہ سے زیادہ جو بات کہی جاسکتی ہے وہ ڈاکٹر بیکن کا یہ خیال ہے کہ چوتھی انجیل یوحنا بزرگ ہی کی لکھی ہوئی ہے، مگر وہ براہِ راست حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا شاگرد ہونے کے بجائے ان کے شاگردوں کا شاگرد تھا[1]"

اور اگر بہت زیادہ حسن ظن سے کام لیا جائے تو پروفیسر اسٹریٹر کا یہ نقطۂ نظر اختیار کیا جاسکتا ہے کہ انجیل یوحنا کا مصنف یوحنا بزرگ ہے، مگر:

"پے پیاس (Papias) نے یوحنا بزرگ کو خداوند کا شاگرد قرار دیا ہے، اور پولیکارپ نے اس کے بارے میں کہا ہے کہ وہ شخص ایسا تھا جس نے خداوند کو دیکھا تھا۔ اُس نے خداوند سے یروشلم میں شناسائی حاصل کی ہوگی (۱۔ یوحنا ۱:۲) لیکن شاید وہ خداوند کو "دیکھنے" سے کچھ حاصل نہ کر سکا، اس لئے کہ وہ اُس وقت بارہ سال کا لڑکا رہا ہوگا جسے اس کے والدین عید فسح کے موقع پر یروشلم لے آئے تھے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ لڑکا اس ہجوم میں شریک ہو جس نے مسیح کو سولی پر چڑھتے دیکھا تھا۔ کیونکہ اس زمانے کے لوگ بچوں کو اس قسم کے نظاروں سے دُور رکھنے کا کوئی اہتمام نہیں کرتے

---

[1] Quoted by Streeter, Four Gospels p. 443

تھے، اس صورت میں ۹۵ء کے اندر وہ ستر سال کی عمر کو پہنچ گیا ہوگا، یوحنا کا پہلا خط یقینی طور پر کسی عمر رسیدہ انسان کا لکھا ہوا ہے، جو ایک ہی پیراگراف میں "بھائیو" کے الفاظ سے گذر کر "میرے بچو" کا لفظ استعمال کر سکتا ہے (۱: یوحنا، ۲: ۱۳ اور ۱۸) یہ آخری ٹکڑا (میرے بچو) ستر سال سے کم عمر کا آدمی مشکل ہی سے لکھ سکتا ہے...... لہٰذا یہ تسلیم کرنے میں کوئی مشکل نہیں ہے کہ یوحنا بزرگ نے یہ انجیل ۹۰ء اور ۹۵ء کے دوران کسی وقت لکھی تھی، جب کہ اس کی عمر ستر برس یا اس سے کچھ اوپر تھی[۱]"

## نتائج

یہ وہ خالص رجعت پسندانہ عیسائی نقطہ نظر ہے جسے انجیل یوحنا کو جعلی قرار دینے سے بچانے کی آخری کوشش کہا جا سکتا ہے، اس نقطہ نظر میں جو کھینچ تان کی گئی ہے، اگر اس سے قطع نظر کر کے ہم اس کو جوں کا توں تسلیم کر لیں تب بھی اس سے مندرجہ ذیل نتائج سامنے آتے ہیں۔

(۱) انجیل یوحنا کا مصنف یوحنا بن زبدی حواری نہیں ہے، بلکہ یوحنا بزرگ ہے۔

(۲) یوحنا بزرگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں میں سے نہیں ہے،

(۳) یوحنا بزرگ نے صرف ایک مرتبہ بارہ سال کی عمر میں حضرت مسیح علیہ السلام کو صرف دیکھا تھا ان کی خدمت میں رہنے اور ان کی تعلیمات سننے کا اسے موقع نہیں ملا۔

(۴) یوحنا بزرگ نے آخری بار حضرت مسیحؑ کو مصلوب ہوتے ہوئے دیکھا،

---

[۱] Ibid p. 456

Marfat.com

(۵) وہ یروشلم کا باشندہ نہیں تھا، بلکہ کنعان کے جنوبی علاقے کا باشندہ تھا) لہ

(۶) حضرت مسیحؑ کے بعد ۹۵ء تک اس کا کچھ حال معلوم نہیں، کہ وہ کہاں رہتا تھا؟ کس سے اس نے علم حاصل کیا؟ کس کی صحبت اٹھائی؟ اور حواریوں کے ساتھ اس کے تعلق کی نوعیت کیا تھی؟

(۷) ۹۵ء کے لگ بھگ ستر، سال کی عمر میں اس نے انجیلِ یوحنا تصنیف کی جس میں پہلی بار عقیدۂ حلول و تجسّم کو بیان کیا گیا۔

(۸) بعد میں افسس کے بزرگوں نے انجیل کے آخر میں ایک ایسا جملہ بڑھا دیا، جس سے یہ ظاہر ہو کہ اس کا لکھنے والا یوحنا بن زبدی حواری، یا حضرت مسیحؑ کا کوئی محبوب شاگرد ہے۔

یہ وہ نتائج ہیں جن میں ہمارے اپنے قیاس کو کوئی دخل نہیں ہے، بلکہ خود عیسائی علماء انجیلِ یوحنا کو جعلی قرار پانے سے بچانے کے لئے انہیں ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان نتائج کی روشنی میں مندرجہ ذیل باتیں ناقابلِ انکار طریقے سے پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہیں۔

(۱) حلول و تجسّم کا عقیدہ حضرت مسیح علیہ السّلام یا اُن کے کسی حواری سے ثابت نہیں ہے۔

(۲) اس عقیدے کو حضرت مسیح علیہ السّلام کی سوانح حیات میں سب سے پہلے ایک ایسے شخص نے لکھا جس نے بارہ سال کی عمر میں حضرت مسیح علیہ السّلام کو صرف دیکھا تھا اُن سے مل کر کوئی تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔

(۳) جو شخص یہ عقیدہ پیش کر رہا ہے وہ مجہول الحال ہے، یعنی اس

---

لہ پادری برکت اللہ ایم۔اے، قدامت و اصلیت اناجیل اربعہ ص ۱۲۷ ج ۲، لاہور ۱۹۶۰ء

Marfat.com

کی ان تحریرات کے علاوہ اس کا کچھ حال ہمیں معلوم نہیں، کہ وہ کس مزاج و مذاق کا آدمی تھا؟ کیا نظریات رکھتا تھا؟ یہ عقیدہ اس نے خود وضع کیا تھا؟ یا کسی اور سے سنا تھا؟ اس کی زندگی کہاں بسر ہوئی تھی؟ حواریوں سے اس کے کیا تعلقات تھے؟

(۴) یہ عقیدہ اس نے ۹۵ء میں انجیل کے اندر داخل کیا، جب کہ اس کی عمر ستر سال تھی اور اس وقت پولس کے انتقال کو اٹھائیس ۲۸ سال گذر چکے تھے، [۱]

(۵) چوں کہ پولس کا انتقال اس سے پہلے ہوگیا تھا، اور اس نے عقیدۂ حلول و تجسم اپنے خطوط میں واضح طور سے بیان کیا ہے، اس لئے اس عقیدہ کو سب سے پہلے بیان کرنے والا یوحنا بزرگ نہیں ہے، بلکہ پولس ہے،

## عقیدۂ کفارہ

مذکورۂ بالا بحث سے یہ بات نہایت مدلل طریقے سے واضح ہوجاتی ہے کہ عقیدۂ حلول و تجسم نہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کسی ارشاد سے ثابت ہے، اور نہ کوئی حواری اس کا قائل تھا، بلکہ اُسے سب سے پہلے پولس نے پیش کیا ہے، آئیے اب عیسائی مذہب کے دوسرے عقیدے یعنی "عقیدۂ کفارہ" کے بارے میں یہ تحقیق کریں کہ اس کا بانی کون ہے؟ اور اس کی اصل کہاں سے نکلی ہے؟

یہ عقیدہ بقول مسٹر ڈینیل ولسن عیسائی مذہب کی جان ہے [۲]، آپ پہلے باب میں پڑھ چکے ہیں کہ ایک طرف عیسائی مذہب کے مطابق انسان کی نجات اس عقیدے پر موقوف ہے، بپتسمہ اور عشاء ربانی کی رسمیں

---

[۱] کیونکہ مورخین تخمینی طور پر پولس کا سنِ وفات ۶۷ء کو قرار دیتے ہیں۔

[۲] Daniel Wilson, *Evidences of Christianity* p. 53 V. II, London 1830

بھی اسی کی بنیاد پر وضع ہوئی ہیں، دوسری طرف اس عقیدے کی پشت پر جو فلسفہ ہے وہ بڑا پیچیدہ اور دقیق ہے، لہٰذا آپ کا خیال شاید یہ ہوگا کہ اناجیل اربعہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کے بہت سے ارشادات کے ذریعہ اس کی وضاحت کی گئی ہوگی، اور آپ اور آپ کے حواریوں نے اس کی خوب تشریح فرمائی ہوگی، آپ یہ سمجھنے میں بالکل حق بجانب ہیں، اس لئے کہ جن عقائد و نظریات پر کسی مذہب یا نظامِ فکر کی بنیاد ہوتی ہے۔ وہ اس مذہب کی بنیادی کتابوں اور اس نظام کے بانیوں کی تصانیف میں جابجا بکھرے ہوئے ملتے ہیں، اور مذہب کی ابتدائی کتابوں کا سارا زور انہی عقائد کو ثابت کرنے پر صرف ہوتا ہے، مثلاً اسلام کی بنیاد توحید، رسالت اور آخرت کے عقائد ہیں، اس لئے پورا قرآن کریم ان عقائد کی تشریح اور ان کے دلائل سے بھرا ہوا ہے،

لیکن عیسائی مذہب کا حال اس سے بالکل مختلف ہے، جو نظریات اس مذہب میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، بلکہ جن کی وجہ سے یہ مذہب دوسرے مذاہب سے ممتاز ہے، وہی نظریات انجیلوں سے غائب ہیں. ان کی کوئی تشریح حضرت مسیح علیہ السلام یا ان کے کسی حواری سے نہیں ملتی، عقیدۂ تثلیث اور حلول و تجسّم کا حال تو آپ دیکھ چکے ہیں۔ عقیدہ کفارہ کی حالت بھی یہی ہے، کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام کے کسی ارشاد سے ثابت نہیں ہوتا۔

اس بات کا اندازہ کرنے کے لئے اناجیل کے ان جملوں پر ایک نظر ڈال لیجئے، جن کے بارے میں عیسائی حضرات کا خیال یہ ہے کہ عقیدۂ کفارہ ان سے مستنبط ہے، وہ جملے یہ ہیں:۔

(۱) "اس کے بیٹا ہوگا، اور تو اس کا نام یسوع رکھنا، کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو ان کے گناہوں سے نجات دے گا" (متی ۱:۲۱)

Marfat.com

(۲) " فرشتے نے ان سے کہا..... تمہارے لئے ایک منجی پیدا ہوا ہے، یعنی مسیح خداوند" (لوقا ۲: ۱۱)

(۳) "کیونکہ میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی ہے" (لوقا ۲: ۳۰)

(۴) حضرت مسیحؑ نے فرمایا: "ابن آدم کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور نجات دینے آیا ہے" (لوقا ۱۹: ۱۰)

(۵) " ابن آدم اس لئے نہیں آیا کہ خدمت لے، بلکہ اس لئے کہ خدمت کرے، اور اپنی جان بہتیروں کے بدلے فدیہ میں دے" (متیٰ ۲۰: ۲۸ و مرقس ۱۰: ۴۵)

(۶) "یہ میرا وہ عہد کا خون ہے جو بہتیروں کے لئے گناہوں کی معافی کے واسطے بہایا جاتا ہے" (متیٰ ۲۶: ۲۸)

بس یہ ہیں اناجیل متفقہ کے وہ جملے جن سے عقیدۂ کفارہ پر استدلال کیا جاتا ہے [۱]،

ان جملوں سے زائد عقیدۂ کفارہ کے سلسلے میں کوئی بات انجیلوں میں نہیں پائی جاتی، مشکل یہ ہے کہ اس وقت عقیدۂ کفارہ اپنی ترقی یافتہ شکل میں اتنا مشہور ہو چکا ہے کہ ان جملوں کو پڑھ کر ذہن سیدھا اسی عقیدے کی طرف منتقل ہوتا ہے، لیکن اگر آپ انصاف کے ساتھ مسئلے کی تحقیق کرنا چاہتے ہیں تو تھوڑی دیر کے لئے عقیدۂ کفارہ کی ان تمام تفصیلات کو ذہن سے نکال دیجئے جو پچھلے باب میں ہم نے بیان کی ہیں، اس کے بعد خالی الذہن ہو کر ان جملوں کو ایک بار پھر پڑھئے، کیا ان جملوں کا سیدھا سادہ مطلب یہ نہیں نکلتا، حضرت مسیح علیہ السلام گمراہی کی تاریکیوں میں بھٹکنے والوں کو نجات اور ہدایت کا راستہ دکھانے کے لئے تشریف لائے ہیں،

---

[۱] دیکھئے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۵۱۶ ج ۲، مقالہ: Atonement

Marfat.com

اور جو لوگ کفر و شرک اور بداعمالیوں کی وجہ سے اپنے آپ کو دائمی عذاب کا مستحق بنا چکے ہیں، انہیں ہدایت کا سیدھا راستہ دکھا کر انہیں جہنم کے عذاب سے چھٹکارا دلانا چاہتے ہیں، خواہ انہیں اپنی ان تبلیغی خدمات کے جرم میں کتنی ہی تکلیفیں برداشت کیوں نہ کرنی پڑیں؟

"اپنی جان بہتیروں کے لئے فدیہ میں دے" ——— اور "یہ میرے عہد کا وہ خون ہے، جو بہتیروں کے لئے گناہوں کی معافی کے واسطے بہایا جاتا ہے" ——— اگر پہلے سے عقیدۂ کفارہ کا تصور ذہن میں جما ہوا نہ ہو تو ان جملوں کا بھی صاف مطلب یہ نکلتا ہے کہ لوگوں کو گمراہی سے نکالنے اور ان کے سابقہ گناہوں کی معافی کا سامان پیدا کرنے کے لئے حضرت مسیح علیہ السلام اپنی جان تک قربان کرنے کے لئے تیار ہیں اور اسی آمادگی کا اظہار فرما رہے ہیں [1]

ان جملوں سے یہ فلسفہ کہاں مستنبط ہوتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے گناہ کی وجہ سے ان کی قوتِ ارادی سلب ہو گئی تھی، اور اسکی وجہ سے ان میں اور ان کی اولاد کی سرشت میں اصلی گناہ داخل ہو گیا تھا، جس کی وجہ سے ہر شیرخوار بچہ بھی دائمی عذاب کا مستحق تھا، پھر تمام دنیا کا یہ اصلی گناہ خدا کے اقنوم ابن نے پھانسی پر چڑھ کر اپنے اوپر لے لیا، اور اس سے تمام لوگوں کے اصلی گناہ معاف ہو گئے [2]

---

[1] رہی کتاب یسعیاہ ۵۳: اکی عبارت جو اس سلسلے میں بکثرت پیش کی جاتی ہے، سو وہ ان سب جملوں سے زیادہ مجمل اور مبہم ہے، معلوم نہیں اس کا مصداق کیا ہے؟ اور اس تمثیل سے کیا مراد ہے؟

[2] خاص طور سے اس وقت جبکہ یہ فلسفہ عقل کے علاوہ بائبل کی اس تصریح کے بھی بالکل خلاف ہے:
"جو جان گناہ کرتی ہے وہی مرے گی، بیٹا باپ کے گناہ کا بوجھ نہ اٹھائے گا، اور نہ باپ بیٹے کے گناہ کا بوجھ، صادق کی صداقت اسی کیلئے ہوگی، اور شریر کی شرارت شریر کیلئے" (حزقی ایل ۱۸: ۲۰)

Marfat.com

اور اگر مذکورہ جملوں سے حضرت عیسٰی علیہ السّلام کا مقصد یہی تھا کہ عقیدۂ کفارہ کو واضح کریں تو انہوں نے اُسے اس کی تمام تفصیلات کیساتھ کیوں نہیں سمجھایا؟ جب کہ وہ دین کے بنیادی عقائد میں سے تھا، اور اس پر ایمان لائے بغیر نجات نہیں ہو سکتی تھی،

آپ دن رات انبیاء علیہم السلام ـ بلکہ قوم کے لیڈروں کے لئے اس قسم کے جملے استعمال کرتے رہتے ہیں کہ فلاں شخص نے اپنی قوم کو نجات دلانے کے لئے اپنی جان قربان کر دی، لیکن ان جملوں سے کوئی یہ مفہوم نہیں سمجھتا کہ حضرت آدمؑ کا اصلی گناہ قوم پر مسلّط تھا، اُس لیڈر نے قوم کے بدلے اس کی سزا خود برداشت کر لی،

پھر اگر ان جملوں سے اس قسم کے مطلب نکالنے کی گنجائش ہے تو یہ مطلب بھی نکالا جا سکتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السّلام نے اپنی قوم کے تمام گناہ اپنے سر لے لئے ہیں، اس لئے قیامت تک لوگ کتنے ہی گناہ کرتے رہیں انہیں عذاب نہیں ہوگا ـــــ حالانکہ یہ وہ بات ہے جس کی تردید شروع سے تمام کلیسا کرتے آئے ہیں،

یہی وجہ ہے کہ جن عیسائی علماء نے ان جملوں کو انصاف کی نظر سے پڑھا ہے انہوں نے ان سے یہ پیچیدہ فلسفہ مراد لینے کے بجائے سیدھا سادہ وہی مطلب لیا ہے جو ہم نے بیان کیا، عیسائی تاریخ کے بالکل ابتدائی دور میں کوائیلیس شیس ( Coelestius ) کا کہنا یہی تھا، [۱] پھر سوزینی فرقے کے لوگ ( Socinians ) بھی ان جملوں کی یہی تشریح کرتے ہیں، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں ان لوگوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ:

---

[۱] Augustine, *On Original, Sin.* ch. *II* P. 621 V.1

"یہ لوگ مسیحؑ کی حیات و موت میں صرف ایک شاندار راہ نجات پائے جانے کے قائل تھے" (برٹانیکا، ص ۶۵۲ ج ۲، مقالہ: کفارہ)

ایب لارڈ (Abelard) کا کہنا بھی یہ تھا کہ کفارے کا مطلب صرف یہ ہے کہ حضرت مسیحؑ کی حیات و موت ہمدردی اور رحمدلی کا ایک مکمل سبق تھی (بحوالہ مذکور)

یہ لوگ تو وہ ہیں جو لبرلزم کے زمانے سے پہلے عقیدۂ کفارہ کے منکر تھے پھر لبرلزم کے دور میں اور اسکے بعد ماڈرن ازم کے زمانے میں لوگوں کا عام رجحان کیا ہو گیا؟ اس کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت ہی نہیں ہے، وہ ہر شخص کے سامنے ہے،

مذکورہ بالا بحث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے کسی جملے سے عقیدۂ کفارہ کا وہ مفہوم ثابت نہیں ہوتا جو آج کل رائج ہے۔ اور جن جملوں سے اس پر استدلال کیا گیا ہے ان کا سیدھا اور صاف مطلب کچھ اور ہے،

اب حواریوں کی طرف آیئے تو ان کا بھی کوئی ایک جملہ ایسا نہیں ہے جس سے عقیدۂ کفارہ کی سند ملتی ہو، لہٰذا پہلا وہ شخص جس نے عقیدۂ کفارہ کو اس کے پورے فلسفہ کے ساتھ بیان کیا ہے، وہ پولس ہے۔ رومیوں کے نام خط میں وہ لکھتا ہے،

"پس جس طرح ایک آدمی کے سبب سے گناہ دنیا میں آیا اور گناہ کے سبب سے موت آئی، اور یوں موت سب آدمیوں میں پھیل گئی۔ اس لئے کہ سب نے گناہ کیا، کیونکہ شریعت کے دیئے جانے تک دنیا میں گناہ تو تھا، مگر جہاں شریعت نہیں وہاں گناہ محسوب نہیں ہوتا، تو بھی آدمؑ سے لیکر موسیٰؑ تک موت نے ان پر بادشاہی کی جنہوں نے اس آدم کی نافرمانی کی طرح جو آنے والے کا مثیل تھا گناہ نہ کیا تھا، لیکن قصور کا جو حال ہے وہ نعمت کا نہیں، کیوں کہ جب

Marfat.com

ایک شخص کے قصور سے بہت سے آدمی مر گئے تو خدا کا فضل اور اس کی بخشش ایک ہی آدمی یعنی یسوع مسیح کے فضل سے پیدا ہوئی، بہت سے آدمیوں پر ضرور ہی افراط سے نازل ہوئی، اور جیسا ایک شخص کے گناہ کرنے کا انجام ہوا بخشش کا ویسا حال نہیں کیونکہ ایک ہی کے سبب سے وہ فیصلہ ہوا جس کا نتیجہ سزا کا حکم تھا مگر بہتیرے قصوروں سے ایسی نعمت پیدا ہوئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگ راست باز ٹھہرے، کیونکہ جب ایک شخص کے قصور کے سبب سے موت نے اس ایک کے ذریعہ سے بادشاہی کی تو جو لوگ فضل اور راست بازی کی بخشش افراط سے حاصل کرتے ہیں وہ ایک شخص یعنی یسوع مسیح کے وسیلے سے ہمیشہ کی زندگی میں ضرور ہی بادشاہی کریں گے ...... کیونکہ جس طرح ایک ہی شخص کی نافرمانی سے بہت سے لوگ گنہ گار ٹھہرے اسی طرح ایک کی فرمانبرداری سے بہت سے لوگ راست باز ٹھہریں گے" (رومیوں ۵ : ۱۲ تا ۱۹)

اور آگے مزید تشریح کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"کیا تم نہیں جانتے کہ ہم جتنوں نے مسیح یسوع میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا تو اس کی موت میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا؟ پس موت میں شامل ہونے کے بپتسمہ کے وسیلہ سے ہم اس کے ساتھ دفن ہوئے تاکہ جس طرح مسیح باپ کے جلال کے وسیلہ سے مُردوں میں سے جلایا گیا، اُسی طرح ہم بھی نئی زندگی میں چلیں..... چنانچہ ہم جانتے ہیں کہ ہماری پرانی انسانیت اس کے ساتھ اس لئے مصلوب کی گئی کہ گناہ کا بدن بیکار ہو جائے تاکہ ہم آگے کو گناہ کی غلامی میں نہ رہیں" (رومیوں ۶، ۳ تا ۶)

"یہ کفارہ" کا بعینہ وہ فلسفہ ہے جس کی پوری تشریح ہم پہلے باب

Marfat.com

میں تفصیل کے ساتھ کر آئے ہیں، یہ عقیدہ پولس سے پہلے کسی کے یہاں نہیں ملتا، اس لئے وہی اس عقیدے کا بانی بھی ٹھہرتا ہے،

## تورات پر عمل کا حکم

عیسائی مذہب کے بنیادی عقائد کے بعد مناسب ہو گا کہ اس کے بعض خاص خاص احکام کے بارے میں بھی یہ تحقیق کر لی جائے کہ اس سلسلے میں حضرت مسیح علیہ السلام کی ہدایات کیا تھیں؟ اور پولس نے اس میں کیا ترمیم کی؟

حضرت مسیح علیہ السلام نے متعدد ارشادات میں وضاحت کے ساتھ یہ فرمایا ہے کہ میرا مقصد توراۃ کی مخالفت کرنا نہیں ہے، بلکہ میں اس کی تصدیق کرتا ہوں، بلکہ اناجیل میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ میں اس کو منسوخ کرنے نہیں آیا، انجیل متی میں ہے،

"یہ نہ سمجھو کہ میں توریت یا نبیوں کی کتابوں کو منسوخ کرنے آیا ہوں، منسوخ کرنے نہیں، بلکہ پورا کرنے آیا ہوں، کیونکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں ایک نقطہ یا ایک شوشہ توریت سے ہرگز نہ ٹلے گا،" (متی ۵:۱۷)

نیز آپ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا:

"جو کچھ تم چاہتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ کریں وہی تم بھی اُن کے ساتھ کرو، کیونکہ توریت اور نبیوں کی تعلیم یہی ہے"
(متی ۷:۱۲)

اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنیادی طور پر توریت کو واجب العمل اور قابلِ احترام مانتے تھے،

لیکن پولس کا توراۃ کے احکام کے بارے میں کیا نظریہ ہے؟ اس کے مندرجہ ذیل اقوال سے معلوم ہو گا، گلتیوں کے نام خط میں وہ لکھتا ہے:

Marfat.com

"مسیح جو ہمارے لئے لعنتی بنا اس نے ہمیں مول لے کر شریعت[1] سے چھڑایا" (گلتیوں ۳: ۱۳)

اور آگے لکھتا ہے:

"ایمان کے آنے سے پیشتر شریعت کی ماتحتی میں ہماری نگہبانی ہوتی تھی، اور اس ایمان کے آنے تک جو ظاہر ہونے والا تھا ہم اسی کے پابند رہے، پس شریعت مسیح تک پہنچانے کو ہمارا استاد بنی تاکہ ہم ایمان کے سبب سے راستباز ٹھہریں، مگر جب ایمان آچکا تو ہم استاد کے ماتحت نہ رہے" (۳: ۲۳ تا ۲۵)

اور افسیوں کے نام خط میں لکھتا ہے،

"اس نے جسم کے ذریعہ سے دشمنی یعنی وہ شریعت جس کے حکم ضابطوں کے طور پر تھے موقوف کردی" (افسیوں ۲: ۱۵)

اور عبرانیوں کے نام خط میں رقمطراز ہے،

"اور جب کہانت بدل گئی تو شریعت کا بھی بدلنا ضروری ہے" (عبرانیوں ۷: ۱۲)

اور آگے لکھتا ہے۔

"کیونکہ اگر پہلا عہد (یعنی تورات) بے نقص ہوتا تو دوسرے کے لئے موقع نہ ڈھونڈھا جاتا" (۸: ۷)

آگے آیت ۱۳ میں کہتا ہے:

"جب اُس نے نیا عہد کیا تو پہلے کو پُرانا ٹھہرایا، اور جو چیز پرانی اور مدت کی ہو جاتی ہے وہ مٹنے کے قریب ہوتی ہے"

ان تمام اقوال کے ذریعہ پولس نے تورات کی عملی اہمیت بالکل

---

[1] واضح رہے کہ بائبل میں ہر جگہ شریعت (The Law) سے مراد تورات ہوتی ہے۔

Marfat.com

ختم کر دی، اور اس کے ہر حکم کو منسوخ کر ڈالا،

**عشاء ربانی** عشاء ربانی کی تشریح پہلے باب میں کی جاچکی ہے، یہ عبادت عیسائی مذہب کی اہم ترین رسوم میں سے ہے، لیکن انجیل متی اور مرقس میں جہاں اس واقعہ کا تذکرہ ہے وہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے اس عمل کو ایک دائمی رسم بنا لینے کا کوئی حکم موجود نہیں ہے، یہ حکم بھی سب سے پہلے پولس نے وضع کیا ہے، (کرنتھیوں ۱۱:۲۴) اور لوقا چونکہ پولس کا شاگرد ہے اس لئے اس نے بھی پولس کی تقلید کی ہے،

یہ بات خود عیسائی علماء کو بھی تسلیم ہے چنانچہ ایف، سی برکٹ لکھتے ہیں،

"اگر آپ عشاء ربانی کا حال مرقس میں پڑھیں گے تو اس میں اس عمل کو آئندہ جاری رکھنے کا کوئی حکم آپ کو نہیں ملے گا، لیکن مقدس پولس جہاں یسوع کے اس عمل کا تذکرہ کرتا ہے وہاں ان کی طرف منسوب کر کے اس جملے کا اضافہ کرتا ہے کہ "میری یادگاری میں یہی کیا کرو[1]"

**ختنہ کا حکم** ختنہ کا حکم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے چلا آتا ہے، تورات میں ہے:

"اور میرا عہد جو میرے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان ہے، اور جسے تم مانو گے سو یہ ہے کہ تم میں سے ہر فرزند نرینہ کا ختنہ کیا جائے ..... اور میرا عہد تمہارے جسم میں ابدی عہد ہوگا، اور وہ فرزند نرینہ جس کا ختنہ نہ ہوا ہو، اپنے

[1] F. C. Burkitt, *The Christian Religion* P. 148 V. 3

Marfat.com

لوگوں میں سے کاٹ ڈالا جائے، کیوں کہ اس نے میرا عہد توڑا"
(پیدائش ۱۷: ۱ تا ۱۴)

اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد ہے:
"اور آٹھویں دن لڑکے کا ختنہ کیا جائے" (احبار ۱۲: ۳)

اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا بھی ختنہ ہوا تھا، جس کی تصریح انجیل لوقا ۲: ۲۱ میں موجود ہے، اس کے بعد حضرت مسیح علیہ السّلام کا کوئی ارشاد منقول نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ ختنہ کا حکم منسوخ ہو گیا ہے،

لیکن اس کے بارے میں پولس کا نظریہ معلوم کرنے کے لئے اس کے خطوط کو دیکھئے، گلتیوں کے نام خط میں وہ لکھتا ہے۔
"دیکھو میں پولس تم سے کہتا ہوں کہ اگر تم ختنہ کراؤ گے تو مسیح سے تم کو کچھ فائدہ نہ ہوگا" (گلتیوں ۵: ۱)

اور آگے چل کر لکھتا ہے۔
"کیونکہ نہ ختنہ کچھ چیز ہے نہ نامختونی، بلکہ نئے سرے سے مخلوق ہونا" (۶: ۱۵)

# ۲۔ تاریخی شواہد

مذکورہ بالا بحث سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور پولس کے نظریات میں کس قدر تضاد ہے اور موجودہ عیسائی مذہب کے بنیادی عقائد و احکام حضرت مسیح علیہ السّلام کی تعلیم نہیں ہیں، بلکہ انہیں پولس نے وضع کیا ہے تثلیث حلول و تجسّم، کفارہ، تورات کی پابندی، عشاء ربانی اور نسخ ختنہ کے تمام نظریات کا بانی وہی ہے۔

Marfat.com

اگر صرف انہی شواہد کی بنیاد پر یہ کہا جائے کہ پولس ہی موجودہ عیسائیت کا بانی ہے، تو ہماری نگاہ میں یہ بات عین قرینِ انصاف ہے، لیکن مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں وہ تاریخی شواہد بھی پیش کر دیئے جائیں، جن کی روشنی میں یہ دعویٰ مزید واضح ہو جاتا ہے، اس کے لئے ہمیں پولس کی سوانح حیات کا مطالعہ کرنا پڑے گا، اگرچہ پولس کی سوانح حیات پر مستند مواد محدود ہے تاہم کتابِ اعمال، خود پولس کے خطوط اور ان پر مبنی وہ کتابیں جو عیسائی علماء نے لکھی ہیں اس دعوے کے بہت سے ثبوت مہیا کرتی ہیں، جنہیں ہم ذیل میں پیش کرتے ہیں۔

## ۱۔ عرب کا سفر

پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ پولس شروع میں یہودی تھا، بعد میں اس نے یسوع مسیح (علیہ السلام) پر ایمان لانے کا دعویٰ کیا تھا، اگر وہ واقعۃً حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیمات پر ایمان لایا تھا تو قاعدے کا تقاضا یہ تھا کہ وہ اپنے اس نظریاتی انقلاب کے بعد زیادہ سے زیادہ وقت حضرت مسیح علیہ السلام کے ان شاگردوں اور حواریوں کے پاس گذارتا جنہوں نے براہِ راست حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فیض حاصل کیا تھا، اور جو اس وقت دینِ عیسوی کے سب سے بڑے عالم تھے،

لیکن پولس کی سوانح حیات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے نظریاتی انقلاب کے فوراً بعد حواریوں کے پاس یروشلم نہیں گیا، بلکہ دمشق کے جنوبی علاقے میں چلا گیا، گلتیوں کے نام خط میں وہ خود لکھتا ہے:

"جس خدا نے مجھے میری ماں کے پیٹ ہی سے مخصوص کر لیا، اور اپنے فضل سے بلایا، جب اس کی یہ مرضی ہوئی کہ اپنے بیٹے کو مجھ میں ظاہر کرے تاکہ میں غیر قوموں میں اس کی خوشخبری دوں، تو نہ میں نے گوشت اور خون سے صلاح لی، اور نہ یروشلم

Marfat.com

میں اُن کے پاس گیا، جو مجھ سے پہلے رسول تھے، بلکہ فوراً عرب[1]
چلا گیا، پھر وہاں سے دمشق کو واپس آیا۔" (گلتیوں ۱: ۱۵ تا ۱۷)

عرب جانے کی وجہ کیا تھی؟ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار کی زبانی سنیئے:

"جلد ہی اُسے (یعنی پولس کو) اس ضرورت کا احساس ہوا کہ اُسے ایسی خاموش اور پرسکون فضا میں رہنا چاہیئے جہاں وہ اپنی نئی پوزیشن کے بارے میں کچھ سوچ سکے، چنانچہ وہ دمشق کے جنوبی علاقے میں کسی مقام پر چلا گیا، ........

اس کے سامنے سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ وہ اپنے نئے تجربے

کی روشنی میں شریعت کے مقام کی نئی تعبیر کرے[2]"

اور مشہور عیسائی مؤرخ جیمس میک کنن اپنی فاضلانہ کتاب "مسیح سے قسطنطین تک" میں لکھتے ہیں۔

"اپنے نظریاتی انقلاب کے بعد ...... وہ عرب (انبطیریہ) چلا گیا، جس کا مقصد بظاہر تبلیغ سے زیادہ یہ تھا کہ اپنے نئے عقیدے کے متضمنات پر غور کرے، اس کے تین سال بعد وہ یروشلم گیا، تاکہ یسوع مسیح کے بارے میں جو روایت تھی اس کے بارہ میں مشورہ

---

[1] واضح رہے کہ یہاں عرب سے مراد دمشق کا جنوبی علاقہ ہے، جسے اس زمانے میں توسعاً عرب کہہ دیا جاتا تھا (انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۳۸۹، ج ۱۷، مقالہ: پال)

[2] برٹانیکا، ص ۳۸۹، ج ۱۷، مقالہ: پال،

Marfat.com

کرنے کے لئے پطرس اور خداوند کے بھائی یعقوب سے ملاقات کرنے[1]"

سوال یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے دین پر ایمان لانے کے بعد اس نے تین سال کا طویل عرصہ الگ تھلگ رہ کر کیوں گذارا؟ اور ان لوگوں سے اس دین کی معلومات حاصل کرنے کی کوشش کیوں نہ کی کہ جنہوں نے براہِ راست حضرت مسیح علیہ السّلام سے فیض اٹھایا تھا؟ — کیا اس کا صاف جواب اوپر کے دو اقتباسات میں یہ نہیں دیا گیا کہ دراصل وہ اپنی اس تبدیلی کے بعد وہ مذہب اور وہ تعلیمات اختیار کرنا نہیں چاہتا تھا جنہیں اب تک حضرت مسیح علیہ السّلام کے حواری دینِ عیسوی قرار دیتے آئے تھے بلکہ وہ شریعت اور دینِ عیسوی کی (بقول برٹانیکا) "نئی تعبیر" کرنا چاہتا تھا، اور اس مقصد کے لئے اسے خاموش اور پر سکون فضا میں غور و فکر کرنے کی ضرورت تھی، اُسے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے اصلی دین کے بجائے ایک نئے مذہب کی داغ بیل ڈالنی تھی، جس کے لئے وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اسم گرامی استعمال کرنا چاہتا تھا، پولس کے ایک مشہور عیسائی سوانح نگار الیف جے فوکس[2] جیکسن پولس کے اس عمل کی تاویل اس طرح کرتے ہیں۔

"پولس کو اس بات کا یقین تھا کہ خدا نے اُسے کام کا ایک مخصوص میدان دیا ہے، اور کسی فانی شخص کو اس کے معاملات میں اس وقت تک دخل اندازی نہ کرنی چاہیئے جب تک کہ خدا کی رُوح خود اس کی رہنمائی ہوئی ہے، اگر یہ بات ذہن میں رہے تو پولس کے اس طرزِ عمل کو سمجھنے میں مدد ملے گی کہ اس نے زندہ یسوع مسیح کو سمجھنے کے لئے

---

[1] James Mackinon, *From Christ to Constantine*, London. Longmans Green 1936 p. 91

[2] F. J. Foakes Jackson, *Life of St. Paul*, London, 1933 P. 129

Marfat.com

پیش رو حواریوں سے تعلیم حاصل نہیں کی، اور اس سلسلے میں ان کا ممنون ہونے کے بجائے براہِ راست خداوند سے رابطہ قائم رکھا[1]"

لیکن ذرا غور فرمائیے کہ یہ بات کتنی غیر معقول ہے ؟ آخر اس کی دلیل کیا ہے کہ پولس آن کی آن میں تقدس اور رسالت کے اس مقامِ بلند تک پہنچ جاتا ہے کہ اُسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات کو سمجھنے کے لئے کسی حواری کی تعلیم کی ضرورت نہیں رہتی ؟ اگر اس غیر معمولی طریقے سے وہ بعینہ ان تعلیمات کا اعلان کرتا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے حواریوں اور ان کی انجیل کے ذریعہ ثابت ہیں، تب بھی کسی درجے میں یہ بات معقول ہو سکتی تھی، لیکن آپ پیچھے پڑھ چکے ہیں کہ وہ اس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بتلاتے ہوئے عقائد و تصورات سے بالکل متضاد نظریات بیان کرتا ہے، ایسی صورت میں اس کی کوئی دلیل تو ہونی چاہیئے کہ اُسے براہِ راست خدا کی طرف سے ان عقائد کی تعلیم دی گئی ہے، اور اس تعلیم کے بعد دینِ عیسوی کی سابقہ تعبیر منسوخ ہو چکی ہے، — جب ایسی کوئی دلیل آج تک کوئی نہ پیش کر سکا تو کیا یہ نرا دعویٰ اس لائق ہے کہ اس کی بناء پر دینِ عیسوی کی بالکل کایا پلٹ دی جائے ؟

پھر اگر حضرت عیسیٰؑ کے فوراً بعد انہی کی مرضی سے ایک "انقلابی رسول" آنیوالا تھا، تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اسکی آمد کے بارے میں کوئی ہدایت کیوں نہیں دی بلکہ ہم دیکھتے ہیں کہ آپنے (بقول نصاریٰ) عید پینٹی کوسٹ کے موقعہ پر نزولِ روح القدس[2]

---

[1] یہاں مسٹر جیکن پولس کی اس عبارت کی طرف اشارہ کر رہے ہیں: "جو خوشخبری میں نے سنائی وہ انسان کی سی نہیں، کیونکہ وہ مجھے انسان کی طرف سے نہیں پہنچی، اور نہ مجھے سکھائی گئی، بلکہ یسوع مسیح کی طرف سے مجھے اس کا مکاشفہ ہوا۔" (گلتیوں ۱: ۱۱ و ۱۲)

[2] مقابلہ کیجئے کتاب اعمال، باب ۲، اور اعمال ۱: ۸،

Marfat.com

کی خبر دی تھی، حالانکہ وہ کوئی انقلابی واقعہ نہ تھا، مگر پولس کے رسول بن کر آنے کی کوئی خبر آپ نے نہیں دی،

# پولس کے ساتھ حواریوں کا طرزِ عمل

اس پر یہ اعتراض کیا جاسکتا ہے کہ اگر پولس کا یہ دعویٰ غلط تھا، اور وہ دین عیسوی کی پیروی کرنے کے بجائے اس کی تحریف کر رہا تھا، تو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے حواریوں نے اس کے ساتھ تعاون کیوں کیا؟

اس سوال کے جواب کے لئے قدرے تفصیل کی ضرورت ہے ہماری تحقیق یہ ہے کہ پولس نے حواریوں کے سامنے آتے ہی فوراً اپنے انقلابی نظریات پیش نہیں کئے تھے، بلکہ وہ شروع میں دینِ عیسوی کے ایک سچے پیرو کی شکل میں اُن کے سامنے آیا تھا، اس لئے حواریوں نے اس کے ساتھ پورا پورا تعاون کیا، لیکن جب رفتہ رفتہ اس نے عیسوی عقائد میں ترمیم شروع کی، اور اس کے بنیادی تصورات پر ضربیں لگائیں تو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے حواری اس سے اختلاف کر کے قطعی طور پر الگ ہو گئے۔

افسوس یہ ہے کہ اس وقت ہمارے پاس اُس زمانے کے حالات معلوم کرنے کے صرف دو ذریعے ہیں، ایک خود پولس کے خطوط، دوسرے اس کے شاگرد لوقا کی کتاب اعمال، اور ظاہر ہے کہ یہ دونوں پولسی اثرات کے حامل ہونے کی وجہ سے تحقیقِ حال کے لئے بہت مخدوش ہیں، تاہم ان دونوں ذرائع سے اور بعض دوسرے تاریخی شواہد سے یہ پتہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ آخر میں پولس اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے حواریوں کے درمیان شدید اور سنگین اختلافات رونما ہو گئے تھے۔

Marfat.com

چونکہ اس پہلو سے اس سے قبل بہت کم غور کیا گیا ہے، اس لئے ہم یہاں مختلف حواریوں کے ساتھ پولس کے تعلقات کا کسی قدر تفصیل سے جائزہ لیں گے، تاکہ حقیقت کھل کر سامنے آسکے،

## پولس اور برنباس

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ حواریوں میں سے جو صاحب پولس کے نظریاتی انقلاب کے بعد سب سے پہلے اُن سے ملے، اور جو ایک طویل عرصے تک پولس کے ساتھ رہے وہ برنباس ہیں، حواریوں میں ان کا مقام کیا تھا؟ اس کا اندازہ کتاب اعمال کی اس عبارت سے ہوگا۔

"اور یوسف نامی ایک لاوی تھا، جس کا لقب رسولوں نے برنباس یعنی نصیحت کا بیٹا رکھا تھا، اور جس کی پیدائش کپرس کی تھی، اُس کا ایک کھیت تھا جسے اُس نے بیچا اور قیمت لاکر رسولوں کے پاؤں میں رکھ دی" (اعمال ۴: ۳۶، ۳۷)

اور یہ برناباس ہی تھے جنہوں نے تمام حواریوں کے سامنے پولس کی تصدیق کی، اور انہیں بتایا کہ یہ فی الواقعہ تمہارا ہم مذہب ہو چکا ہے ورنہ ابھی تک حواریوں کا اس بات کا یقین نہ تھا، لوقا لکھتے ہیں۔

"اور سب اس سے (پولس سے) ڈرتے تھے، کیونکہ ان کو یقین نہ آتا تھا کہ یہ شاگرد ہے، مگر برناباس نے اسے اپنے ساتھ رسولوں کے پاس لے جاکر اُن سے بیان کیا کہ اس نے اس طرح راہ میں خداوند کو دیکھا، اس نے اس سے باتیں کیں، اور اُس نے دمشق میں کیسی دلیری کے ساتھ یسوع کے نام سے منادی کی" (اعمال ۹: ۲۶، ۲۷)

Marfat.com

اس کے بعد ہمیں کتاب اعمال ہی سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پولس اور برناباس عرصہ دراز تک ایک دوسرے کے ہمسفر رہے، اور انہوں نے ایک ساتھ تبلیغ عیسائیت کا فریضہ انجام دیا، (دیکھئے اعمال ۱۱: ۳۰، ۱۲، ۲۵ و ابواب ۱۳، ۱۴، ۱۵) یہاں تک کہ دوسرے حواریوں نے ان دونوں کے بارے میں یہ شہادت دی کہ:

"یہ دونوں ایسے آدمی ہیں کہ جنہوں نے اپنی جانیں ہمارے خداوند یسوع مسیح کے نام پر نثار کر رکھی ہیں" (اعمال ۱۵: ۲۶)

اعمال کے پندرہویں باب تک برناباس اور پولس ہر معاملے میں شیر و شکر نظر آتے ہیں، لیکن اس کے بعد اچانک ایک ایسا واقعہ پیش آتا ہے جو بطور خاص توجہ کا مستحق ہے، اتنے عرصہ تک ساتھ رہنے اور دعوت و تبلیغ میں اشتراک کے بعد اچانک دونوں میں اس قدر شدید اختلاف پیدا ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کا روادار نہیں رہتا یہ واقعہ کتاب اعمال میں کچھ اس ناگہانی طور سے بیان کیا گیا ہے کہ قاری کو پہلے سے اس کا وہم و گمان بھی نہیں ہوتا، لوقا لکھتے ہیں۔

"مگر پولس اور برناباس انطاکیہ ہی میں رہے، اور بہت سے اور لوگوں کے ساتھ خداوند کا کلام سکھاتے اور اس کی منادی کرتے رہے، چند روز بعد پولس نے برناباس سے کہا کہ جن جن شہروں میں ہم نے خدا کا کلام سنایا تھا آؤ پھر اُن میں چل کر بھائیوں کو دیکھیں کہ کیسے ہیں؟ اور برناباس کی صلاح تھی کہ یوحنا کو جو مرقس کہلاتا ہے اپنے ساتھ لے چلیں، مگر پولس نے یہ مناسب نہ جانا کہ جو شخص پمفولیہ میں کنارہ کر کے اس کام کے لئے اُن کے ساتھ نہ گیا تھا اس کو ہمراہ لے چلیں، پس ان میں ایسی سخت تکرار ہوئی کہ ایک دوسرے سے جدا ہو گئے، اور برناباس مرقس کو لے کر جہاز پر کپرس کو روانہ ہوا، مگر

Marfat.com

پولس نے سیلاس کو پسند کیا، اور بھائیوں کی طرف سے خداوند کے فضل کے سپرد ہو کر روانہ ہوا، اور کلیسیاؤں کو مضبوط کرتا ہوا سوریہ اور کلکیہ سے گذرا" (اعمال ۱۵: ۳۵ تا ۴۱)

کتاب اعمال میں بظاہر اس شدید اختلاف کی وجہ صرف یہ بیان کی گئی ہے کہ برنباس یوحنا مرقس کو ساتھ لے جانا چاہتا تھا، اور پولس اس سے انکار کرتا تھا، لیکن ہماری رائے میں اس شدید اختلاف کا سبب صرف اتنی معمولی سی بات نہیں ہو سکتی، بلکہ دونوں کی یہ دائمی جدائی یقیناً کچھ بنیادی اختلافات کی بناء پر عمل میں آئی تھی، اس بات کے شواہد مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) لوقا نے کتاب اعمال میں ان کے "اختلاف" اور "جدائی" کو بیان کرنے کے لئے جو یونانی الفاظ استعمال کئے ہیں، وہ غیر معمولی طور پر سخت ہیں، مسٹر ای، ایم، بلیک لاک اپنی کتاب اعمال کی شرح میں لکھتے ہیں۔

"اب لوقا ایمانداری کے ساتھ دونوں رفقاء (پولس اور برنباس) کے درمیان واقع ہونے والے اختلاف کی المناک کہانی لکھتا ہے، جو لفظ اس نے استعمال کیا ہے یعنی ( Paraxusmus ) وہ بڑا سخت لفظ ہے، اور انگریزی مترجم (کنگ جیمس ورژن) نے اس لفظ کے ترجمے میں لفظ SHARP سے (تیز، سخت) کا اضافہ بالکل درست کیا ہے، ــــ پولس اور برنباس ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں" ــــ یہاں پھر جدائی کے لئے یونانی زبان کا ایک ایسا لفظ استعمال کیا گیا ہے جو بڑا سخت ہے، اور عام طور سے استعمال نہیں کیا جاتا، یہ لفظ عہد نامۂ جدید میں یہاں کے علاوہ صرف مکاشفہ ۶: ۱۴ میں ملتا ہے جہاں آسمانوں کے تباہ ہو کر جدا ہونے

Marfat.com

کا ذکر ہے[1] "

کیا اتنا شدید اختلاف جس کے لئے ایسے غیر معمولی الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، صرف اس بناء پر پیدا ہو سکتا ہے کہ ایک شخص یوحنا مرقس کو رفیقِ سفر بنانا چاہتا ہے اور دوسرا سیلاس کو؟ — اس قسم کے اختلافات کا پیدا ہو جانا کوئی بعید از قیاس نہیں، لیکن اس کی بناء پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دیرینہ رفاقتوں کو خیرباد نہیں کہا جاتا، بالخصوص جب کہ یہ رفاقت اس مقصد کے لئے ہو جس کے تقدس اور پاکیزگی پر دونوں متفق ہوں، اس موقعہ پر پولس کے بعض معتقدین کنایۃً برناباس کو موردِ الزام قرار دیتے ہیں، کہ اس نے اپنے ایک رشتہ دار (یوحنا مرقس) کو ساتھ لے جانے کی خواہش پر تبلیغی مقاصد اور پولس کی رفاقت کو قربان کر دیا[2]، لیکن وہ پولس کا شاگرد ہے، مگر سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ برناباس جو خود بقول ان کے "کلیسا کے ابتدائی دور میں اہم ترین شخصیتوں میں سے ایک[3] " تھا اور جس نے تبلیغ و دعوت کے مقاصد کے لئے اپنی ساری پونجی لٹا دی تھی (اعمال ۴: ۳۶، ۳۷) کیا وہ محض اپنے ایک رشتہ دار کی وجہ سے تبلیغ کے اہم ترین مقاصد کو قربان کر سکتا تھا؟ سیدھی بات کیوں نہیں کہی جاتی کہ برناباس اور پولس کا یہ اختلاف نظریاتی تھا، اور جب برناباس نے یہ دیکھا کہ پولس دینِ عیسوی کے بنیادی عقائد میں ترمیم کر رہا ہے تو وہ اس کی رفاقت سے الگ ہو گئے، اور پولس کے شاگرد لوقا نے اس اختلاف کی ایسی توجیہ بیان کی جس کی رُو سے اگر

---

[1] Blaiklock, *Commentory on* Acts, *edited. by R.V.G. Tasker pp. 118 `611*

[2] Loewenich, *Paul, His Life and work, trans. by G.E. London, 1960 Harris,*

[3] Ibid p. 50

Marfat.com

الزام عائد ہو تو برنباس پر عائد ہو، اور پولس اس الزام سے بچ جائے؟

(۲) پھر لطف کی بات یہ ہے کہ بعد میں پولس یوحنا مرقس کی رفاقت کو گوارا کر لیتا ہے چنانچہ تیمتھیس کے نام اپنے دوسرے خط میں وہ لکھتا ہے:

"مرقس کو ساتھ لے کر آجا، کیونکہ خدمت کے لئے وہ میرے کام کا ہے" (۲۔تیمتھیس ۴: ۱۱)

اسی طرح افسیوں کے نام خط میں وہ لکھتا ہے:

"ارسترخس جو میرے ساتھ قید ہے تم کو سلام کہتا ہے، اور برنباس کا رشتہ کا بھائی مرقس (جس کی بابت تمہیں حکم ملے تھے، اگر وہ تمہارے پاس آئے تو اس سے اچھی طرح ملنا" (افسیون ۴: ۱۰)

اس سے معلوم ہوا کہ مرقس اور پولس کا اختلاف بہت زیادہ اہمیت کا حامل نہیں تھا، اس لئے پولس نے بعد میں اس کی رفاقت کو گوارا کر لیا۔ لیکن یہ پورے عہد نامہ جدید یا تاریخ کی کسی اور کتاب میں کہیں نہیں ملتا کہ بعد میں برنباس کے ساتھ بھی پولس کے تعلقات درست ہو گئے تھے، [1] سوال یہ ہے کہ اگر جھگڑے کی بنا مرقس ہی تھا تو اس کے ساتھ پولس کی رضامندی کے بعد برنباس اور پولس کی دوستی کیوں ہموار نہ ہوئی؟

(۳) جب ہم خود پولس کے خطوط میں برنباس سے اس کی ناراضی کے اسباب تلاش کرتے ہیں تو ہمیں کہیں یہ نہیں ملتا کہ اس کا سبب یوحنا مرقس تھا۔ اس کے برخلاف ہمیں ایک جملہ ایسا ملتا ہے، جس سے دونوں کے اختلاف کے اصل سبب پر کسی قدر روشنی پڑتی ہے، گلتیوں کے نام اپنے خط میں پولس لکھتا ہے:

---

[1] اس کے بعد صرف ایک جگہ (کرنتھیوں ۹: ۶) پولس اس کا ذکر بغیر کسی برائی کے کرتا ہے، اور بس، مگر اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں آپس میں ملے نہیں، ت،

Marfat.com

"لیکن جب کیفا (یعنی پطرس) انطاکیہ میں آیا، تو میں نے روبرو ہوکر اس کی مخالفت کی، کیونکہ وہ ملامت کے لائق تھا، اس لئے کہ یعقوبؑ کی طرف سے چند شخصوں کے آنے سے پہلے تو وہ غیر قوم والوں کے ساتھ کھایا کرتا تھا، مگر جب وہ آگئے تو مختونوں سے ڈر کر باز رہا اور کنارہ کیا، اور باقی یہودیوں نے بھی اس کے ساتھ ہوکر ریاکاری کی، یہاں تک کہ برنباس بھی اُن کے ساتھ ریاکاری میں پکڑا گیا۔"

(گلیتوں ۲: ۱۱ تا ۱۳)

اس عبارت میں دراصل پولس اس اختلاف کو ذکر کر رہا ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام کے عروج آسمانی کے کچھ عرصہ کے بعد یروشلم اور انطاکیہ کے عیسائیوں میں پیش آیا تھا، یروشلم کے اکثر لوگ پہلے یہودی تھے، اور انہوں نے بعد میں عیسائی مذہب قبول کیا تھا، اور انطاکیہ کے اکثر لوگ پہلے بُت پرست یا آتش پرست تھے، اور حواریوں کی تعلیم و تبلیغ سے عیسائی ہوئے تھے، پہلی قسم کو بائبل میں "یہودی مسیحی" (Jewish Christian) اور دوسری قسم کو غیر قوم کے لوگ (Gentile Christian) کہا گیا ہے، یہودی مسیحیوں کا کہنا یہ تھا کہ ختنہ کرانا اور موسوی شریعت کے تمام احکام پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اسی لئے انہیں "مختون" بھی کہا جاتا ہے۔ اور غیر قوموں کا کہنا یہ تھا کہ "ختنہ" وغیرہ ضروری نہیں۔ اس کے علاوہ یہودی مسیحی چونکہ بت پرستوں اور آتش پرستوں کے ذبیحہ کو حلال نہ سمجھتے تھے۔ اس لئے وہ اُن کے ساتھ کھانا اور اٹھنا بیٹھنا پسند نہ کرتے تھے، پولس اس معاملے میں سو فیصد غیر قوموں کا حامی بلکہ ان کے اس نظریئے کا بانی تھا، اس نے غیر قوموں کو اپنا ہم خیال بنانے کے لئے ہی یہ تمام کوششیں کی تھیں،

اوپر ہم نے گلیتوں کے نام خط کی جو عبارت پیش کی ہے اس میں

Marfat.com

پولس نے پطرس اور برنباس پر اسی لئے ملامت کی ہے، کہ انہوں نے انطاکیہ میں رہتے ہوئے مختونوں کا ساتھ دیا، اور پولس کے ان نئے مریدوں سے علیحدگی اختیار کی جو ختنہ اور موسوی شریعت کے قائل نہ تھے، چنانچہ اس واقعہ کو بیان کرتے ہوئے پادری جے پیٹرسن اسمتھ لکھتے ہیں:

"پطرس اس اجنبی شہر (انطاکیہ) میں زیادہ تر ان لوگوں کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے جو یروشلم سے آئے تھے، اور جو اس کے پرانے ملاقاتی تھے، لہٰذا بہت جلد وہ ان کا ہم خیال ہونے لگتا ہے، دوسرے مسیحی یہودی پطرس سے متاثر ہوتے ہیں، یہاں تک کہ برنباس بھی غیر قوم مریدوں سے علیحدگی اختیار کرتے لگتا ہے، اس قسم کے سلوک کو دیکھ کر ان نومریدوں کی دل شکنی ہوتی ہے جہاں تک ممکن ہے پولس اس بات کی برداشت کرتا ہے، مگر بہت جلد وہ اس کا مقابلہ کرتا ہے، گو ایسا کرنے میں اسے اپنے ساتھیوں کی مخالفت کرنی پڑتی ہے[1]"

واضح رہے کہ یہ واقعہ برنباس اور پولس کی جدائی سے چند ہی دن پہلے کا ہے، اس لئے کہ انطاکیہ میں پطرس کی آمد یروشلم میں حواریوں کے اجتماع کے کچھ ہی بعد ہوئی ہے، اور حواریوں کے اجتماع اور برنباس کی جدائی میں زیادہ فاصلہ نہیں ہے، لوقا نے دونوں واقعات کتاب اعمال کے باب ۱۵ ہی میں بیان کئے ہیں۔

لہٰذا یہ بات انتہائی قرین قیاس ہے کہ پولس اور برنباس کی وہ جدائی جس کا ذکر لوقا نے غیر معمولی طور پر سخت الفاظ میں کیا ہے، یوحنا مرقس کی ہمسفری سے زیادہ اس بنیادی اور نظریاتی اختلاف کا نتیجہ تھی، پولس

[1] حیات وخطوط پولس ص ۸۸ و ۸۹ مطبوعہ ۱۹۵۲ء پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور،

Marfat.com

اپنے مریدوں کے لئے ختنہ اور موسوی شریعت کے احکام کو ضروری نہیں سمجھتا تھا، اور برناباس ان احکام کو پس پشت ڈالنے کے لئے تیار نہ تھے جو بائبل میں انتہائی تاکید کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں، اور ان میں نسخ کا احتمال نظر نہیں آتا،

چنانچہ اس بات کو پادری جے پیٹرسن اسمتھ بھی محسوس کرتے ہیں۔ کہ پولس اور برناباس کی جدائی کا سبب صرف مرقس نہ تھا، بلکہ اس کے پس پشت نظریاتی اختلاف بھی کام کر رہا تھا، وہ لکھتے ہیں،

"برناباس اور پطرس نے جو کہ بڑے عالی حوصلہ شخص تھے، ضرور اپنی غلطی کا اعتراف کر لیا ہوگا، اور یوں وہ دقت دور ہو جاتی ہے، لیکن باوجود اس کے یہ احتمال ضرور گذرتا ہے، کہ ان کے درمیان کچھ نہ کچھ رنجش رہ جاتی ہے، جو بعد میں ظاہر ہوتی ہے" (حیات و خطوط پولس ص ۸۹ و ۹۰)

گویا مسٹر اسمتھ نے یہ تسلیم کر لیا کہ بعد میں پولس اور برناباس کی جو جدائی ہوئی تھی اس میں نظریاتی اختلاف کا دخل تھا،

## یروشلم کونسل

البتہ یہاں ایک اعتراض ہو سکتا ہے، اور وہ یہ کہ کتاب اعمال کے پندرھویں باب میں بیان کیا گیا ہے کہ تمام مقتدر حواریوں نے یروشلم میں جمع ہو کر باہمی مشورہ کے بعد یہ طے کر لیا تھا کہ غیر قوموں کو صرف حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان لانے کی دعوت دی جاتے اور انہیں موسوی شریعت کے احکام کا پابند نہ بنایا جائے اس فیصلے میں پولس کے علاوہ پطرس، برناباس اور یعقوب بھی شریک تھے۔

پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ پطرس اور برناباس اس بناء پر پولس سے اختلاف کریں کہ وہ غیر قوموں کے لئے تورات کے احکام ختنہ وغیرہ کو واجب

Marfat.com

العمل قرار نہیں دیتا تھا، اگر پطرس اور برنباس کا مسلک پولس کے خلاف یہ ہوتا کہ غیر قوموں کے لئے بھی تورات کے احکام واجب العمل ہیں، تو وہ یروشلم کے اجتماع میں وہ فتویٰ صادر نہ کرتے، جس میں غیر قوموں کو تورات کے احکام سے مستثنیٰ رکھا گیا تھا،

یہ اعتراض بظاہر وزنی معلوم ہوتا ہے، لیکن اگر نظر غائر کے ساتھ بالتفصیل اس ماحول کا جائزہ لیا جائے جس میں یروشلم کی کونسل منعقد ہوئی تھی، اور جس میں پولس اور برنباس کی جدائی عمل میں آئی تھی تو یہ اعتراض خود بخود رفع ہو جاتا ہے،

اس سلسلے میں ہماری تحقیق یہ ہے کہ یروشلم کے مقام پر حواریوں نے جو غیر قوموں کو تورات کے اکثر احکام سے مستثنیٰ قرار دیا تھا، اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ان احکام سے مستثنیٰ رہیں گے، اور یہ احکام اُن پر سرے سے واجب ہی نہیں ہیں، بلکہ اس زمانے کے حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ غیر قوموں کے لئے توریت کے بعض جزوی اور فروعی احکام مثلاً ختنہ وغیرہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین پر ایمان لانے کے لئے مانع بن رہے تھے، اور وہ اس ڈر سے دین عیسوی پر ایمان نہیں لا رہے تھے کہ ہمیں ان جزوی احکام پر عمل کرنا پڑے گا، بعض کم علم افراد نے انہیں یہ سمجھا دیا تھا کہ آخروی نجات کے لئے جس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانا ضروری ہے، اسی طرح ختنہ کرانا اور توریت کی تمام موسوی رسموں پر عمل کرنا بھی لازمی ہے، اور اگر ان پر عمل نہ کیا جائے گا تو وہ نجات نہیں پا سکیں گے، چنانچہ لوقا لکھتے ہیں۔

"پھر بعض لوگ یہودیہ سے آکر بھائیوں کو تعلیم دینے لگے، کہ اگر موسیٰ کی رسم کے موافق تمہارا ختنہ نہ ہو تو تم نجات نہیں پا سکتے"

(اعمال ۱۵: ۱)

Marfat.com

ظاہر ہے کہ یہ تعلیم غلط تھی، ختنہ وغیرہ کے جزوی احکام اگرچہ دینِ موسوی اور دین عیسوی میں واجب تھے، لیکن وہ کفر اور ایمان کا مدار نہیں تھے، اور نہ انہیں مدارِ نجات قرار دیا جا سکتا تھا، آپ غور فرمایئے کہ اگر کوئی غیر مسلم محض اس بناء پر اسلام قبول کرنے سے انکار کرے کہ اسے ختنہ کرانا پڑے گا۔ تو مسلمان علماء کا رویّہ کیا ہوگا؟ کیا وہ محض ختنہ نہ کرانے کی وجہ سے اس بات کو گوارا کریں گے کہ وہ شخص دینِ اسلام سے یکسر محروم ہو جائے؟ ظاہر ہے کہ نہیں! ایسے مواقع پر اُس غیر مسلم سے یہی کہا جائے گا کہ ختنہ کا حکم ضروری سہی، مگر مدارِ نجات نہیں ہے، اس لئے تم اسلام کے بنیادی عقائد و احکام کو اختیار کر لو، اور اس کے لئے ہم تم سے ختنہ کرانے کی شرط نہیں لگاتے، اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ختنہ کے حکم کو غیر مسلموں کے لئے منسوخ کر دیا گیا ہے، بلکہ مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ "اَہْوَنُ الْبَلِیَّتَیْنِ (Minor evil) کو اختیار کرتے ہوئے غیر مسلموں کو کفر سے بچا لیا جائے۔

بس یہی طرزِ عمل حواریوں نے اختیار کیا تھا، اور جب اس مسئلے پر یروشلم کی مجلسِ مشاورت منعقد ہوئی تو باتفاق یہ طے کیا گیا کہ اگر غیر قومیں ختنہ وغیرہ کے احکام کو اپنے لئے ناقابلِ برداشت سمجھتی ہیں، تو انہیں اجازت دی جائے کہ وہ ان احکام پر عمل کئے بغیر ہی دین عیسوی کے بنیادی عقائد پر ایمان لا کر اس دین میں داخل ہو جائیں،

ہم نے حواریوں کے طرزِ عمل کی جو تشریح کی ہے وہ جناب پطرس کی اس تقریر سے بھی بخوبی واضح ہوتی ہے جو انہوں نے یروشلم کے اجتماع میں کی تھی، انہوں نے کہا تھا۔

> "پس اب تم شاگردوں کی گردن پر ایسا جُوا رکھ کر جس کو نہ ہمارے باپ دادا اٹھا سکتے تھے نہ ہم، خدا کو کیوں آزماتے ہو؟ حالانکہ ہم کو یقین ہے کہ جس طرح وہ خداوند یسوع مسیح کے فضل ہی سے نجات پائیں

Marfat.com

اسی طرح ہم بھی پائیں گے۔" (اعمال ۱۵ : ۱۰ و ۱۱)

کیا اس کا صاف مطلب یہ نہیں ہے کہ تورات کے بعض فروعی احکام تو اتنے سخت ہیں کہ ان پر خود ہم اور ہمارے آباؤ اجداد پوری طرح عمل نہیں کرسکے، لہٰذا اگر اس کے باوجود ہم مومن اور نجات کے امیدوار ہیں، تو غیر قومیں بعض فروعی احکام کو چھوڑ کر مومن اور نجات کی امیدوار کیوں نہ بن سکیں گی[1]؟

یہاں یہ بات واضح رہنی چاہیئے کہ یروشلم کونسل کا موضوعِ بحث یہ نہیں تھا کہ "تورات کے احکام غیر قوموں کے لئے واجب ہیں یا نہیں؟" بلکہ موضوعِ بحث یہ تھا کہ "تورات کے احکام کا غیر قوموں کو حکم دیا جائے یا نہیں؟" ——— ہماری تحقیق یہ ہے کہ جہاں تک احکامِ تورات کے فی نفسہٖ واجب ہونے کا تعلق ہے اس کے بارے میں حواریوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں تھا، سب مانتے تھے کہ یہ احکام فی نفسہٖ واجب ہیں، گفتگو اس میں تھی کہ یہ بات تجربے میں آچکی ہے کہ غیر قومیں ان فروعی احکام کے نام سے بدکتی ہیں تو انہیں صرف بنیادی عقائد کی دعوت دینے پر اکتفاء کیوں نہ کیا جائے؟ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ اس بات کے قائل تھے کہ غیر قوموں کو تورات کا پابند بنایا جائے، ان کا حال بیان کرتے ہوئے لوقا نے لکھا ہے کہ:

"مگر فریسیوں کے فرقہ میں سے جو ایمان لاتے تھے ان میں سے بعض

---

[1] ورنہ اگر پطرس کا مقصد یہ ہوتا کہ غیر قوموں کے لئے تورات کے احکام کو قطعی طور پر منسوخ کردیں، تو ہونا یہ چاہیئے تھا کہ یہ احکام یہودی مسیحیوں کے لئے بھی منسوخ کردیئے جائیں، کیونکہ پطرس نے جس طرح ان احکام کو غیر قوموں کیلئے ناقابل برداشت قرار دیا ہے، اسی طرح اپنے لئے بھی ناقابلِ برداشت کہا ہے، تقی،

Marfat.com

نے اٹھ کر کہا کہ ان کا (غیر قوموں کا) ختنہ کرانا اور ان کو موسیٰ کی شریعت پر عمل کرنے کا حکم دینا ضرور ہے۔" (اعمال ۱۵: ۵)

اور اس کے جواب میں جب یعقوب ..... نے اپنا فیصلہ صادر کیا تو انہوں نے کہا کہ:

"پس میرا فیصلہ یہ ہے کہ جو غیر قوموں میں سے خدا کی طرف رجوع ہوتے ہیں ہم ان کو تکلیف نہ دیں، مگر ان کو لکھ بھیجیں کہ بتوں کی مکروہات اور حرام کاری اور گلا گھونٹے ہوئے جانوروں اور لہو سے پرہیز کریں۔" (اعمال ۱۵: ۱۹ تا ۲۱)

اور اس کونسل نے اجتماعی طور پر غیر قوموں کے نام جو خط لکھا اس میں کہا گیا کہ:

"ہم نے مناسب جانا کہ ان ضروری باتوں کے سوا تم پر اور بوجھ نہ ڈالیں، کہ تم بتوں کی قربانیوں کے گوشت سے اور لہو اور گلا گھونٹے ہوئے جانوروں اور حرام کاری سے پرہیز کرو، اگر تم ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچائے رکھو گے تو سلامت رہو گے، والسّلام۔" (اعمال ۱۵: ۲۸ و ۲۹)

ان تمام عبارتوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ حواریوں نے تورات کے احکام کو قطعی طور پر منسوخ نہیں کیا تھا، بلکہ ایک اہم مصلحت کی وجہ سے غیر قوموں کو اُن کے بغیر دینِ عیسوی میں داخل ہونے کی اجازت دی تھی، پادری، جی، ٹی میتلی صراحت کے ساتھ لکھتے ہیں۔

"واپسی پر انہیں (برنباس اور پولس کو) یہ معلوم ہوا کہ آج کل اس سوال پر خوب مباحثہ ہو رہا ہے کہ غیر یہودیوں کو کن شرائط پر کلیسا میں پورے طور پر شریک کیا جا سکتا ہے۔"

(۱۵: ۱)

Marfat.com

انطاکیہ میں یہ رواج تھا، اور پولس اور برنباس نے اپنے ابشارتی سفروں میں اسی اصول کی تقلید کی، اور غیر یہودیوں کو بھی یہودیوں کی طرح کلیسا کی شراکت اور رفاقت میں شریک کر لیا جاتا تھا، اور ان کے لئے ختنہ کی کوئی قید نہ تھی، (جیسا کہ یہودی مریدوں میں ہوا کرتی تھی) اور نہ ہی انہیں موسوی شریعت کی رسوم کا پابند ہونا پڑتا تھا، لیکن یروشلم کی کلیسا کے زیادہ کٹر یہودی مسیحی اس بات پر مصر تھے کہ یہ شرائط اُن پر ضرور عائد کی جائیں، پس یروشلم کی کونسل میں انطاکیہ کے مندوبین بھیجے گئے، پولس اور برنباس ان کے پیشوا تھے، اس کونسل میں یہ فیصلہ ہوا کہ ایسی کوئی شرط غیر یہودی نو مریدوں پر عائد نہ کی جائے، لیکن یہودی اور عبرانی مسیحیوں میں راہ و ربط پیدا کرنے اور ایک ساتھ کھانے پینے کے لئے یہ بات ضروری قرار دی گئی کہ غیر یہودی مسیحی بتوں کی قربانیوں کے گوشت سے اور لہو اور گلا گھونٹے ہوئے جانوروں اور حرام کاری سے پرہیز کریں، اور کہ وہ موسوی شریعت کے اعلیٰ اخلاقی معیار پر کاربند رہیں [۱]"

اس عبارت اور بالخصوص اس کے خط کشیدہ جملوں سے بھی یہ بات بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ حواریوں کا مقصد یہ نہیں تھا کہ ان احکام کو غیر یہودی مسیحیوں کے لئے یکسر منسوخ کر دیں، بلکہ مقصد یہ تھا کہ ان کے دینِ عیسوی میں داخل ہونے کے لئے ایسی کوئی شرط عائد نہ کی جائے،

یہ تھا حواریوں کا اصل موقف، جس کا اعلان یروشلم کونسل میں کیا گیا تھا، لیکن اس کے بعد جب برنباس اور پولس انطاکیہ پہنچے، تو پولس نے

---

[۱] جی، ٹی مینلی، ہماری کتب مقدسہ، مترجمہ جے، ایس، امام الدین و مسز کے، ایل ناصر، ص، ۲۵ مطبوعہ مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ، لاہور،

Marfat.com

حواریوں کے اس اعلان سے غلط فائدہ اٹھایا، اور یہ تعلیم دینی شروع کر دی کہ تورات کے تمام احکام قطعی طور پر منسوخ ہو چکے ہیں، اس کے احکام ایک لعنت تھے، جس سے اب ہم چھوٹ گئے ہیں [1]، اور اب ان پر عمل کرنے کی کوئی حاجت نہیں رہی۔

ظاہر ہے کہ پولس کے اس دعوے کو قبول کرنا گویا دینِ عیسوی کو بالکل تلپٹ کر ڈالنا تھا، اس لئے اس موقع پر پطرس اور برناباس نے پولس کی مخالفت کی جس کا ذکر خود پولس نے اس طرح کیا ہے کہ:

"لیکن جب کیفا (یعنی پطرس) انطاکیہ میں آیا تو میں نے روبرو ہو کر اس کی مخالفت کی، کیونکہ وہ ملامت کے لائق تھا، اس لئے کہ یعقوب کی طرف سے چند شخصوں کے آنے سے پہلے تو وہ غیر قوم والوں کے ساتھ کھایا کرتا تھا، مگر جب وہ آ گئے تو مختونوں سے ڈر کر باز رہا اور کنارہ کیا، اور باقی یہودیوں نے بھی اس کے ساتھ ہو کر ریاکاری کی، یہاں تک کہ برناباس بھی ان کے ساتھ ریاکاری میں پڑ گیا"، (گلتیوں ۲: ۱۱ تا ۱۳)

اور اسی واقعہ کے متصل بعد برناباس نے پولس سے ناراض ہو کر اس سے جدائی اختیار کر لی تھی (اعمال ۱۵: ۳۵ تا ۴۱ [2])

## گلتیوں کے نام خط

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اس مرحلے پر پطرس اور برناباس نے جو پولس کی مخالفت کی تھی اس کی وجہ سے اصلی عیسائیوں کا ایک بڑا طبقہ پولس سے برگشتہ ہو گیا تھا، یہاں تک کہ گلتیہ کا علاقہ جو تمام تر غیر قوموں کا مسکن تھا وہاں

---

[1] گلتیوں ۳: ۱۳

[2] عبارت کے لئے دیکھئے، کتاب ہذا ص ۱۲۰، ۱۲۸)

Marfat.com

بھی اس کی وجہ سے شورش پیدا ہو گئی تھی، جس کی بنا پر گلتیہ کے لوگ پولس کی طرف سے بدظن ہونے لگے تھے، اسی لئے اس نے انطاکیہ میں بیٹھ کر گلتیوں کے نام ایک خط لکھا جس میں نہایت شدّ و مد کے ساتھ ان لوگوں کی مخالفت کی گئی جو غیر قوموں کے لئے شریعت کو کسی بھی درجے میں واجب العمل سمجھتے تھے، یہ خط متعدد وجوہ سے پولس کے دوسرے خطوط کی بہ نسبت ممتاز درجہ رکھتا ہے، ایک تو اس لئے کہ یہ پولس کے چودہ خطوط میں تاریخی اعتبار سے پہلا خط ہے، دوسرے اس لئے کہ یہ وہ پہلا موقع ہے جس میں اس نے خوب کھل کر اپنے نظریات کا اعلان کیا ہے، اس سے قبل اتنی وضاحت کے ساتھ اس نے اپنے نظریات بیان نہیں کئے، تیسرے اس لئے کہ وہ اس خط کے اندر بڑے جلال میں نظر آتا ہے، اور بار بار اپنے مخالفوں کو ملعون قرار دیتا ہے، چوتھے اس لئے کہ اسی خط میں اس نے پہلی بار یہ وضاحت کی ہے کہ مجھے دینِ عیسوی کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے کسی حواری کے واسطے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ مجھے براہِ راست بذریعۂ وحی علم حاصل ہوا ہے،

پولس کی اصل حقیقت کو معلوم کرنے کیلئے اس خط کا مطالعہ بہت ضروری ہے، اس لئے ہم ذیل میں اس خط سے متعلق چند اہم باتیں پیش کرتے ہیں،

> "اس زبردست خط کے لکھنے کی وجہ یہ تھی کہ بعض یہودی مائل مسیحیوں نے اس انجیل[2] پر حملہ کیا تھا جو پولس نے گلتیہ کی کلیسیاؤں کو پہنچائی تھی، ان جھوٹے استادوں کی تعلیم یہ تھی کہ جس انجیل کی پولس منادی کرتا ہے، وہ مسیحی زندگی میں صرف

---

[2] واضح رہے کہ عیسائیوں کے کلام میں انجیل سے مراد تبلیغ دین یا مذہبی نظام ہوتا ہے،

پہلا قدم ہے۔ نومرید مسیحیوں کے لئے پوری برکت حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ موسوی شریعت پر عمل کریں (۴ : ۳) ...... وہ پولس پر الزام لگاتے تھے کہ وہ بے اصول اور تھالی کا بینگن ہے، خود تو شریعت پر عمل پیرا ہے، لیکن نومریدوں سے مطالبہ نہیں کرتا کہ وہ بھی ایسا کریں، اُن کے حملے کا طریقہ یہ تھا کہ وہ پولس کے اختیار کو یہ کہ کر اس کی منادی کو کھوکھلا کریں کہ وہ مسیح کے بارہ رسولوں سے مختلف ہے، اور اُسے یہ حق حاصل نہیں، کیونکہ اوّل الذکر ہر صورت میں پولس پر فوقیت رکھتے ہیں، ظاہر ہے کہ ایسی منطق اور دلائل سے گلتی نومریدوں کی اکثریت منحرف اور برگشتہ ہو گی اور مخالفین نے اپنا مقصد پالیا۔"[1]

اور انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں اس خط کا پس منظر اس طرح بیان کیا گیا ہے:

"یہ تو پولس کو بعد میں معلوم ہوا کہ (گلتیہ کے لوگوں میں) انحراف کا خطرہ ہے، اور یہ بعض ایسے احتجاج کرنے والوں نے پیدا کیا ہے کہ جو گلتیوں کو یہ یقین دلا رہے تھے کہ پولس کی انجیل کو یہودی قوانین سے ہم آہنگ ہونا چاہیئے، اور جس طرح قدیم اور اصل حواریوں ( Apostles ) کی تعلیم ہے، ایک مکمل مسیحی زندگی کے لئے ختنہ اور موسوی رسمیں بھی ضروری ہیں دوسرے الفاظ میں گلتیوں کو یہ یقین دلایا گیا تھا کہ مسیح کی مسیحائی نظم کا استحقاق حاصل کرنے کے لئے تنہا جائز راستہ تورات پر عمل کرنا ہے، جو تمام نومریدوں ( converts ) کے لئے ضروری ہے، یہاں تک کہ اُن کے لئے بھی جو بُت پرستی سے عیسائیت کیطرف

---

[1] ہماری کتب مقدسہ، ص ۳۷۳،

Marfat.com

آتے ہیں ،

"یہ دخل اندازی کرنیوالے قدیم کلیسا کی " یہودی مسیحی جماعت "
سے تعلق رکھتے تھے ، انہیں شدید طور پر خطرہ تھا کہ اگر تورات کو
خارج کیا گیا تو کلیسا کے اخلاقی مفادات قربان ہو جائیں گے ،
اُن لوگوں کی ہمدردیاں یعقوب کی پارٹی کے ساتھ تھیں ، جیسا کہ اس
کا عکس اعمال کے باب ۱۵ میں نظر آتا ہے ،
بظاہر اُن لوگوں کی سرگرمی بعض ممتاز افراد کر رہے تھے"[1]

ان عبارتوں کے خط کشیدہ جملوں سے مندرجہ ذیل نتائج برآمد ہوتے ہیں -

(۱) گلتیہ میں پولس کے مخالفین کلیسائے قدیم کے ممتاز افراد تھے ،

(۲) ان لوگوں کا کہنا یہ تھا کہ غیر قومیں جو دین عیسوی میں بغیر ختنہ کے داخل ہوئی ہیں ، یہ ان کا پہلا قدم ہے ، مکمل مسیحی زندگی کے لئے ختنہ اور شریعت کے تمام احکام ضروری ہیں -

(۳) یہ لوگ کہتے تھے کہ دین عیسوی کی تشریح و تعبیر کا حق صرف حواریوں کو پہنچتا ہے پولس کو نہیں ،

(۴) ان لوگوں کے خیال کے مطابق " قدیم اور اصلی حواریوں " کی تعلیم یہ تھی کہ مکمل مسیحی زندگی کے لئے ختنہ اور تمام موسوی احکام پر عمل کرنا ضروری ہے ،

اس سے صاف واضح ہے کہ پولس کے معترضین کا اصل اعتراض یہ تھا کہ وہ حواریوں کی مخالفت کر رہا ہے ، اور اُسے اس بات کا حق نہیں پہنچتا ، لہٰذا اگر حواری اس معاملے میں پولس کے ہم خیال ہوتے تو اس کیلئے

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ، ص ۹۷۰ ج ۹ مقالہ " Galatians: Epistle to the. "

Marfat.com

جواب دہی کا سیدھا راستہ یہ تھا کہ وہ یا تو خود کوئی خط لکھنے کے بجائے حواریوں سے لکھواتا، جس میں وہ پولس کی حمایت کا اعلان کرتے، یا اگر خود ہی لکھنا تھا تو اس میں یہ وضاحت کرتا کہ تمام حواری میرے ہم خیال ہیں، اور وہ یروشلم کی کونسل میں یہ فیصلہ دے چکے ہیں کہ غیر قوموں کے لئے ختنہ وغیرہ ضروری نہیں ہے،

لیکن وہ گلتیوں کے نام خط میں ایسا ایک جملہ بھی نہیں لکھتا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ اصل حواری اس کے ہم خیال ہیں۔ اس کے بجائے وہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ مجھے دین عیسوی کی تشریح و تعبیر میں حواریوں سے تعلیم یا اُن کی حمایت حاصل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، بلکہ مجھے خود براہ راست وحی کے ذریعہ علم عطا کیا جاتا ہے، وہ لکھتا ہے:

"اے بھائیو! میں تمہیں جتائے دیتا ہوں کہ جو خوشخبری میں نے سنائی وہ انسان کی سی نہیں، کیونکہ وہ مجھے انسان کی طرف سے نہیں پہنچی اور نہ مجھے سکھائی گئی، بلکہ یسوع مسیح کی طرف سے مجھے اس کا مکاشفہ ہوا" (گلتیوں ۱: ۱۱، ۱۲)

بلکہ آگے چل کر وہ علی الاعلان پطرس کو "ملامت کے لائق" اور برنباس کو "ریاکار" قرار دیتا ہے (۲: ۱۱ تا ۱۳) اور اپنا سارا زور یہ ثابت کرنے پر صرف کرتا ہے کہ مجھے براہ راست خدا کی طرف سے وحی ہوتی ہے۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ جس مرحلے پر پولس گلتیوں کو خط لکھ رہا ہے اس مرحلے پر حواری اس کے ہم خیال نہیں رہے تھے، ورنہ وہ پہلے ہی قدم پر یہ کہہ کر ساری بحث ختم کر سکتا تھا، کہ حواری میرے ہم خیال ہیں۔

اس پر یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ آخر دور کے عیسائی علماء کے نزدیک گلتیوں کے نام پولس کا خط یروشلم کونسل سے پہلے لکھا گیا ہے[1]، اور چونکہ اس

---

[1] ہماری کتب مقدسہ ص ۲۷۲۔

Marfat.com

کونسل سے پہلے اس معاملے میں حواریوں کا نقطۂ نظر واضح نہیں ہوا تھا، اس لئے پولس نے اپنے اس خط میں ان کا حوالہ نہیں دیا،

لیکن ہمارے نزدیک یہ خیال درست نہیں ہے کہ گلیتوں کے نام خط یروشلم کی مجلس سے پہلے لکھا گیا ہے، اس لئے کہ اس خط میں پولس لکھتا ہے:-

"لیکن جب کیفا (پطرس) انطاکیہ میں آیا تو میں نے روبرو ہو کر اس کی مخالفت کی، کیونکہ وہ ملامت کے لائق تھا" (۲: ۱۱)

اس میں پولس پطرس کے انطاکیہ میں آنے کا ذکر کر رہا ہے، اور یہ واقعہ لازماً یروشلم کونسل کے بعد کا ہے، جیسا کہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں ہے:-

"گلیتوں ۲: ۱۱ میں پولس یہ حقیقت واضح کرتا ہے کہ یروشلم کونسل کے معاہدے کے باوجود پطرس نے غیر قوموں کے متعلق اپنی پالیسی میں تذبذب کا اظہار کیا" [1]

اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ واقعہ یروشلم کونسل کے بعد پیش آیا تھا، نیز پولس کے اکثر سوانح نگار بھی اس واقعہ کو یروشلم کونسل کے بعد قرار دیتے ہیں، لوئی وینیک اور جے پیٹرسن اسمتھ نے واقعات اسی طرح بیان کئے ہیں [2] اور اس

---

[1] برٹانیکا، ص ۶۴۲ ج ۱۷، مقالہ پطرس ( Peter ) واضح رہے کہ برٹانیکا کے مقالہ نگار نے آگے چل کر اس نقطۂ نظر کی تردید کی ہے، کہ گلیتوں کے نام خط یروشلم کونسل کے بعد لکھا گیا تھا، (حوالۂ بالا)

[2] حیات و خطوط پولس ص ۸۸ مطبوعہ لاہور ۱۹۵۲ء اور (Paul, His Life and work by Walter Von Loewenich, trans. by Gorden E. Haris. *London 1960 P. 72* )

مجلس یروشلم میں صرف [illegible] یہ تحریر یروشلم کونسل کے بعد کے
[illegible] اس وقت تو دور سے [illegible]
[illegible] کے خلاف [illegible]
[illegible] شریعت کے [illegible]
[illegible] پولس کے [illegible]
[illegible] کا مطلب [illegible] یروشلم کونسل
میں پولس کی حمایت کی تھی اور اب وہ اس کی مخالفت کر رہا تھا۔
اس لیے پولس نے [illegible] یروشلم کونسل
سے پہلے [illegible] اور چونکہ گلتیوں کے نام خط
میں پولس [illegible] کا تذکرہ کر رہا ہے۔ اس لیے گلتیوں
کا خط بھی یروشلم کے اجتماع کے بعد ہی لکھا گیا ہے۔

لہٰذا ہمارے نزدیک [illegible] متقدمین ہی کی رائے صحیح
ہے جسے جی۔ٹی مینلی نے اس طرح بیان کیا ہے کہ :

> "پہلے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ پولس نے اپنے تیسرے تبشیری سفر کے دوران میں تقریباً اسی وقت اس خطاف (گلتیہ) کی کلیساؤں کو یہ خط بلحاظ جیسے روما کے لوگوں کو رومیوں کا خط تحریر کیا تھا۔ اور یہ واقعہ اعمال ۱۵ کی مجلس کے بعد کا ہوگا۔"[1]

## نتائج

مندرجہ بالا بحث سے یہ باتیں پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہیں۔

(۱) برناباس اور دوسرے حواریوں نے شروع میں یہ سمجھ کر پولس کی تصدیق کی تھی کہ وہ صحیح معنی میں دینِ عیسوی پر ایمان لا چکا ہے۔

(۲) اسی بناء پر عرصہ دراز تک برناباس پولس کے ساتھ رہا،

---

[1] ہماری کتب مقدسہ ، ص ۳۷۳)۔

(۳) پھر برناباس نے اس سے جو جدائی اختیار کی اس کا سبب نظریاتی اختلاف تھا،

(۴) یروشلم کونسل میں حواریوں نے غیر قوموں کے لئے ختنہ وغیرہ کے احکام کو قطعی طور پر منسوخ نہیں کیا تھا، بلکہ اس بات کی اجازت دی تھی کہ غیر قومیں ان احکام پر عمل کئے بغیر بھی دینِ عیسوی میں داخل ہو سکتی ہیں، اور یہ مکمل مسیحی زندگی کی طرف پہلا قدم ہوگا۔

(۵) لیکن پولس نے اس بات کی تبلیغ شروع کردی، کہ تورات کے تمام احکام منسوخ ہو چکے ہیں، یہ ایک لعنت تھی جس سے ہمیں چھڑا لیا گیا ہے (گلتیوں ۳: ۱۳) اور "اگر تم ختنہ کراؤ گے تو مسیح سے تم کو کچھ فائدہ نہ ہوگا،، (گلتیوں ۵: ۱) "تو پطرس اور برناباس نے انطاکیہ میں اس کی مخالفت کی (گلتیوں ۲: ۱۱)

(۶) حواریوں کی اس مخالفت سے پولس کے خلاف زبردست شورش برپا ہوگئی کہ وہ اصل حواریوں کی مخالفت کرتا ہے جس کے جواب میں پولس نے گلتیوں کے نام خط لکھا،

(۷) اس خط میں اس نے حواریوں کو اپنا ہم خیال ظاہر کرنے کے بجائے ان کی مخالفت کا ذکر کیا، اور اپنا سارا زور یہ ثابت کرنے پر صرف کیا کہ مجھے دین عیسوی کی تشریح میں حواریوں سے علم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ مجھے براہِ راست وحی کے ذریعہ علم دیا گیا ہے، (گلتیوں ۱: ۱۱ و ۱۲)

(۸) یہ خط یروشلم کونسل کے بعد لکھا گیا تھا، جس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یروشلم کونسل کے وقت حواریوں نے پولس کی جو حمایت کی تھی، اب وہ ختم ہو چکی تھی، اور اب حواری اس کے مخالف ہو گئے تھے اسی لئے پولس نے مخالفین کے جواب میں حواریوں کی حمایت کا ذکر

Marfat.com

نہیں کیا۔

(۹) پولس کے تمام خطوط اس واقعہ کے بعد لکھے گئے ہیں، (کیونکہ جی، ٹی مینلی کی تصریح کے مطابق گلتیوں کا خط تاریخی اعتبار سے پولس کا پہلا خط ہے) اس لئے تثلیث وحلول وتجسّم، کفارہ اور تورات کی منسوخی کے جو عقائد ان خطوط میں بیان کئے گئے ہیں، وہ صرف پولس کے ذاتی نظریات ہیں، انہیں حواریوں کی حمایت حاصل نہیں،

## جُدائی کے بعد

آیئے اب ذرا یہ دیکھنے کی کوشش کریں کہ برناباس پولس سے اس سنگین اختلاف کی وجہ سے جدا ہو کر کہاں گئے؟ کتاب اعمال سے تو صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ پولس سے جدا ہونے کے بعد یوحنا مرقس کو لے کر قبرص چلے گئے تھے، مگر اس جملے کے بعد کتاب اعمال اُن کا کچھ حال بیان نہیں کرتی، دوسری عیسائی تاریخیں بھی برناباس کی آئندہ زندگی کے متعلق بالکل خاموش ہیں، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار لکھتا ہے،

"برناباس مرقس کو لے کر بذریعۂ جہاز قبرص چلا جاتا ہے، تاکہ وہاں اپنا کام جاری رکھے، اس سے آگے اس کے متعلق تاریخ کی دُھند چھا جاتی ہے [۱]"

سوال یہ ہے کہ برناباس جو کلیسا کے ابتدائی دور میں اہم ترین شخصیت تھا، اور جس نے اپنی ساری زندگی تبلیغ و دعوت میں صرف کی تھی، کیا پولس سے اختلاف کرنے کے بعد اس لائق بھی نہیں رہتا کہ پولس کے شاگرد (لوقا وغیرہ) چند سطروں میں اس کا کچھ حال ذکر کریں؟

اس سے سوائے اس کے اور کیا نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ برناباس

---

[۱] برٹانیکا، ص ۱۱۸ ج ۳، مقالہ: برناباس،

Marfat.com

پولس کی اصل حقیقت جان چکا تھا۔ اور اسکے بعد اس کی تمام تر کوششیں یہ رہی ہوں گی کہ پولس نے دینِ عیسوی میں جو تحریفات کی ہیں اُن سے لوگوں کو باخبر کیا جائے، اور ظاہر ہے کہ یہ سرگرمیاں ایسی نہ تھیں کہ پولس کے شاگرد انہیں ذکر کرنا پسند کرتے،

## انجیلِ برناباس

یہ عقلی نتیجہ تقریباً واقعہ بن جاتا ہے، جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ سولھویں صدی میں پوپ اسکٹس پنجم کے خفیہ کتب خانے سے برناباس کی لکھی ہوئی انجیل برآمد ہوئی ہے جس کے پہلے ہی صفحے پر یہ عبارت ہے کہ:

"اے عزیزو! اللہ نے جو عظیم اور عجیب ہے، اس آخری زمانے میں ہمیں اپنے نبی یسوع مسیح کے ذریعہ ایک عظیم رحمت سے آزمایا، اس تعلیم اور آیتوں کے ذریعہ جنہیں شیطان نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کرنے کا ذریعہ بنایا ہے، جو تقویٰ کا دعویٰ کرتے ہیں، اور سخت کفر کی تبلیغ کرتے ہیں، مسیح کو اللہ کا بیٹا کہتے ہیں، ختنہ کا انکار کرتے ہیں، جس کا اللہ نے ہمیشہ کیلئے حکم دیا ہے، اور ہر نجس گوشت کو جائز کہتے ہیں، انہی کے زمرے میں پولس بھی گمراہ ہو گیا، جسکے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا، مگر افسوس کے ساتھ اور وہی سبب ہے جس کی وجہ سے وہ حق بات لکھ رہا ہوں، جو میں نے یسوع کے ساتھ رہنے کے دوران سنی اور دیکھی ہے، تاکہ تم نجات پاؤ، اور تمہیں شیطان گمراہ نہ کرے ...... اور تم اللہ کے حق میں ہلاک ہو جاؤ اور اس بنا پر ہر اس شخص سے بچو جو تمہیں کسی نئی تعلیم کی تبلیغ کرتا ہے، جو میرے لکھنے کے خلاف ہو، تاکہ تم ابدی نجات پاؤ" (برناباس ۱:۲تا۹)

یہی برناباس کی وہ انجیل ہے جسے عرصہ دراز تک چھپائے اور مٹانے

Marfat.com

کی بڑی کوششیں کی گئیں، اور جس کے بارے میں پانچویں صدی عیسوی میں (یعنی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے کئی سو سال پہلے) پوپ جیلاشیئس اول نے یہ حکم جاری کر دیا تھا کہ اس کتاب کا مطالعہ کرنے والا مجرم سمجھا جائے گا [1]، اور آج یہ کہا جاتا ہے کہ یہ کسی مسلمان کی لکھی ہوئی ہے [2]

کیا اس کے بعد بھی اس بات میں کسی شبہ کی گنجائش رہ جاتی ہے کہ موجودہ عیسائی مذہب سراسر پولس کے نظریات اور حضرت عیسٰی علیہ السلام یا آپ کے حواریوں کا اس سے کوئی تعلق نہیں، فبأی حدیث بعدہ یؤمنون؟ -

## پولس اور پطرس

برناباس کے ساتھ پولس کے تعلقات کی نوعیت سمجھ لینے کے بعد آیئے! اب ہم دیکھیں کہ پطرس کے ساتھ پولس کے تعلقات کیسے تھے؟ اور پطرس پولس کے نظریات کے حامی تھے، یا مخالف؟

جناب پطرس کی اہمیت اس لئے زیادہ ہے کہ انہیں کیتھولک چرچ ہمیشہ سے سردار کلیسا تسلیم کرتا آیا ہے، اور انہیں تمام حواریوں میں

---

[1] دیکھئے انسائیکلوپیڈیا امریکانا، ص ۲۶۲، ج ۳ مقالہ برناباس، چیمبرس انسائیکلوپیڈیا، ص ۱۹، ج ۶ مقالہ جیلاشیئس اور مقدمہ انجیل برناباس از ڈاکٹر خلیل سعادت مصری مسیحی،

[2] اس کتاب کے آخر میں ایک مستقل مضمون میں ہم نے انجیل برناباس کا مفصل تعارف کرایا ہے اور اس کی اصلیت کی تحقیق کی ہے وہاں پر اس کا مطالعہ کیا جائے۔

Marfat.com

سب سے اونچا مرتبہ حاصل ہے،

(۱) کتاب اعمال جو حواریوں کے کارناموں کی تفصیل بیان کرتی ہے، پندرہویں باب تک پطرس کی تقریباً تمام سرگرمیوں پر مفصل روشنی ڈالتی ہے، اس تمام عرصے میں پطرس اور پولس ہم خیال نظر آتے ہیں، لیکن انتہائی حیرت انگیز بات یہ ہے کہ کتابِ اعمال جس کی تصنیف کا مقصد ہی حواریوں کی سرگذشت بیان کرنے سے یک بیک خاموش ہو جاتی ہے، اور اس میں آخر (باب ۲۸) تک پطرس کا کہیں نام نظر نہیں آتا، جس میں میک کنن لکھتے ہیں:

"یروشلم کی کانفرنس کے بعد پطرس کتاب اعمال کے واقعات سے غائب ہو جاتا ہے[۱]"

اور انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں ہے:

"کتاب اعمال میں پطرس کا آخری تذکرہ یروشلم کونسل سے متعلق ہے، جس میں اس نے غیر قوموں سے متعلق نہایت وسیع المشربی کی پالیسی اختیار کی تھی"[۲]

قدرتی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ پطرس جیسا شخص جسے اعظم الحوارین کا لقب دیا گیا ہے، اور پندرہویں باب سے پہلے کتاب اعمال کا کوئی صفحہ جس کے تذکرے سے خالی نہیں ہے، اچانک اتنا غیر اہم کیوں بن جاتا ہے کہ آگے اس کا کہیں نام بھی نہیں آتا؟

اس سوال کا جواب بھی گلتیوں کے نام پولس کے خط کی اس عبارت سے ملتا ہے جس کا ذکر بار بار آچکا ہے، پولس کہتا ہے:

---

[۱] From Christ to Constantine p. 116

[۲] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۶۴۲ ج ۷، مقالہ "پطرس"

Marfat.com

"لیکن جب کیفا (یہ پطرس کا دوسرا نام ہے) انطاکیہ میں آیا تو میں نے روبرو ہو کر اس کی مخالفت کی کیونکہ وہ ملامت کے لائق تھا۔" (گلتیوں ۲: ۱۱)

جیسا کہ پیچھے بیان کیا جا چکا ہے، یہ واقعہ یروشلم کونسل کے متصل بعد کا ہے، لہٰذا کیا اس سے واضح طور پر یہ نتیجہ نکلتا کہ یروشلم کونسل تک چونکہ پطرس نے پولس کی کوئی مخالفت نہیں کی تھی، اس لئے پولس کا شاگرد لوقا اپنی کتاب اعمال میں اس کے اس زمانے کے حالات تفصیل سے ذکر کرتا رہا، لیکن جب اس کونسل کے بعد پطرس انطاکیہ گئے، اور وہاں پولس کے خود ساختہ نظریات کے سبب اُن کا پولس سے اختلاف ہو گیا تو لوقا نے ان کے حالات لکھنے بند کر دیئے۔

(۲) ان شواہد کی روشنی میں یہ گمانِ غالب قائم ہوتا ہے کہ انطاکیہ میں اس اختلاف کے پیش آجانے کے بعد پطرس نے بھی برنباس کی طرح پولس سے علیحدگی اختیار کر لی تھی، اور انہوں نے بھی پولس سے الگ کوئی جماعت بنالی تھی، تاکہ دینِ عیسوی کے صحیح عقائد کی تبلیغ کی جاتے، اس کی تائید پولس کی ایک اور عبارت سے بھی ہوتی ہے کہ نتھیوں کے نام خط میں وہ لکھتا ہے:

"مجھے خلوے کے گھر والوں سے معلوم ہوا کہ تم میں جھگڑے ہو رہے ہیں، میرا یہ مطلب ہے کہ تم میں سے کوئی تو اپنے آپ کو پولس کا کہتا ہے، کوئی اپلوس کا کوئی کیفا کا کوئی مسیح کا۔" (اکرنتھیوں ۱: ۱۲)

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت کیفا (یعنی پطرس) نے اپنی الگ جماعت بنالی تھی، جو پولس کی جماعت سے ممتاز تھی، اور ان دونوں جماعتوں میں جھگڑے ہو رہے تھے۔ انسائیکلوپیڈیا

Marfat.com

برٹانیکا کا مقالہ نگار بھی اس عبارت سے یہی نتیجہ اخذ کرتے ہوئے لکھتا ہے :-

"۱۔ کرنتھیوں ۱ : ۱۲ کی عبارت بیان کرتی ہے کہ کرنتھس میں کیفا (پطرس) کی ایک جماعت بن گئی تھی "۔ [1]

یروشلم کونسل کے بعد پطرس کا صرف یہ تذکرہ ملتا ہے، ظاہر ہے کہ اُس کی روشنی میں یہ قیاس قائم کرنا کچھ مشکل نہیں ہے، کہ پطرس نے اصل دین عیسوی کو پولس کی تحریفات سے بچانے کی کتنی کوششیں کی ہوں گی، مگر افسوس ہے کہ اس وقت ہمارے پاس اس زمانے کی تاریخ کا جتنا مواد ہے وہ سارا پولس کے معتقدین کا لکھا ہوا ہے، اس لئے اس سے کچھ پتہ نہیں چلتا کہ پطرس اس کے بعد کہاں گئے ؟ انہوں نے کیا کارنامے انجام دیئے ؟

بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ ایشیائے کوچک ہی کے علاقوں میں رہے اور زیادہ تر بابلیون کے علاقے میں ان کا قیام رہا، اور آئرینیوس، کلیمنٹ اسکندری اور ٹرٹولین وغیرہ کا کہنا ہے کہ وہ روم میں رہے، آریجن، یوسی بیس اور جیروم کا خیال ہے کہ انطاکیہ ہی میں رہے، — ان کی وفات کا بھی کوئی یقینی حال معلوم نہیں، ٹرٹولین کا کہنا ہے کہ انہیں شاہ نیرو نے شہید کر دیا تھا، آریجن کہتا ہے کہ انہیں اُلٹا لٹکا کر سولی دی گئی تھی (برٹانیکا ص ۴۲ ۶ و ۴۳ ۶ ج ۱۷ مقالہ پطرس)

## پطرس کے خطوط

یہاں ایک شبہ یہ ہو سکتا ہے کہ بائبل کے عہد نامہ جدید میں پطرس کے دو خط شامل ہیں، ان خطوط میں پطرس نے تقریباً ان نظریات کا اظہار کیا ہے

---

[1] برٹانیکا، ص ۴۲ ۶، ج ۱۷، مقالہ: پطرس)

Marfat.com

جو پولس کے نظریات تھے، بلکہ دوسرے خط میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ:
"ہمارے پیارے بھائی پولس نے بھی اس حکمت کے موافق جو اُسے عنایت ہوئی تمہیں یہی لکھا ہے" (۲۔پطرس ۳: ۱۵)
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پولس اور پطرس میں کوئی اختلاف نہیں تھا،

اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں خطوط کے بارے میں خود عیسائی محققین کی رائے یہ ہے کہ ان کی نسبت پطرس حواری کی طرف درست نہیں ہے، بلکہ یا تو یہ کسی اور شخص کے ہیں جس کا نام پطرس تھا یا پھر کسی نے اسے جعلی طور پر پطرس حواری کی طرف منسوب کیا ہے،

جہاں تک پہلے خط کا تعلق ہے اس کے بارے میں انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار لکھتے ہیں:۔

"بہت سے ناقدوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ اس خط کے مضامین ایک ایسی تاریخ سے متعلق ہیں جو پطرس کی وفات کے بعد کی تاریخ ہے، مثلاً (الف) اس خط کے ۱: ۶، ۲: ۱۲، ۴: ۱۲ تا ۱۹ اور ۵: ۹ میں مصائب اور آزمائشوں کا ذکر ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت کے عیسائی ایک خوفناک آزمائش سے گذر رہے تھے انہیں ملامتیں اور بدنامیاں برداشت کرنی پڑ رہی تھیں ...... یہ تمام حالات اُن حالات کے ٹھیک مطابق ہیں جو پلینی نے ٹراجان کے نام خط میں بیان کئے ہیں، لہٰذا اس دلیل کی روشنی میں یہ کہا گیا ہے کہ پطرس کا پہلا خط اُسی زمانے سے تعلق رکھتا ہے، اور پطرس کی وفات کے بہت بعد لکھا گیا ہے"

آگے انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار نے اس بات پر مزید دلائل پیش کئے ہیں، کہ یہ خط پطرس کا نہیں ہے[1]،

---

[1] برٹانیکا، ص ۶۴۶ ج ۱۷، مقالہ "Peter, First Epistle to the."

Marfat.com

رہا دوسرا خط، سو اس کی حالت پہلے خط سے بھی زیادہ نازک ہے اس کا حال بیان کرتے ہوئے انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار لکھتا ہے،

"جس طرح پطرس کے پہلے خط کو کیتھولک خطوط میں سب سے پہلے بائبل کی فہرست میں جگہ دی گئی تھی، اس طرح اس دوسرے خط کو سب سے آخر میں جگہ دی گئی، اسکندریہ میں اسے تیسری صدی کے اندر تسلیم کیا گیا تھا، وہاں سے یہ قسطنطنیہ کے کلیسا کی فہرست مسلّمہ میں شامل ہوا، لیکن روم میں اُسے چوتھی صدی سے پہلے قبولیت حاصل نہ ہو سکی، اور سوریا کے کلیسا نے تو اُسے چھٹی صدی میں قبول کیا،

اس خط کی اصلیت پر مندرجہ ذیل اعتراضات کے مجموعی وزن کی وجہ سے عام طور پر اس ...... دعوے کو غلط سمجھا گیا ہے کہ اس کا مصنّف پطرس ہے۔

(۱) پہلا وہ شخص جس نے اُسے پطرس کی تصنیف قرار دیا ہے، آریجن ہے، اور وہ خود اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ اس کی اصلیت متنازع فیہ ہے،

(۲) اس کا اسلوب، زبان، اور خیال نہ صرف پطرس کے پہلے خط سے بلکہ پورے عہد نامۂ جدید سے مختلف ہیں،

(۳) "بداخلاقی" اور "جھوٹی تعلیم" کے جو حوالے اس میں دیئے گئے ہیں وہ کسی ایسی تاریخ سے متعلق معلوم ہوتے ہیں جو پطرس رسول کے بعد کی معلوم ہوتی ہے،

(۴) یہوداہ کی شرکت اس خط کے پطرس کی تحریر ہونے کو اور مشتبہ بنا دیتی ہے،

(۵) اس خط کے ۳: ۱۶ میں پولس کے خطوط کو الہامی طور پر قابل

Marfat.com

تسلیم قرار دیا گیا ہے، اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ خط دوسری صدی سے پہلے کا لکھا ہوا نہیں ہے، ....... ہو سکتا ہے کہ یہ خط مصر میں لکھا گیا ہو، جہاں یہ پہلی بار منظر عام پہ آیا، یا ڈیس ین کے خیال کے مطابق ہو سکتا ہے کہ ایشائے کوچک میں لکھا گیا ہو[1]"

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ خود محقق عیسائی علماء اس خط کو پطرس کی تصنیف ماننے سے انکار کرتے ہیں، لہٰذا ان خطوط کی بناء پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ پطرس پولس کے ہم خیال تھے، اور دونوں میں کوئی نظریاتی اختلاف نہیں تھا،

## یعقوبؑ اور پولس،

حضرت مسیح علیہ السلام کے زمانے میں یعقوب تین آدمیوں کا نام تھا۔

(۱) یعقوب بن حلفئی، انہیں یعقوب اصغر بھی کہتے ہیں، اُن کا ذکر صرف شاگردوں کی فہرست میں آیا ہے (متی ۱۰ : ۴) یا پھر اُن عورتوں کے ساتھ جو صلیب کے گرد جمع تھیں، وہاں ان کا صرف نام مذکور ہے (مرقس ۱۵ : ۴۰) اس کے علاوہ پورے عہد نامہ جدید میں ان کا کچھ حال معلوم نہیں ہوتا،

(۲) یعقوب بن زبدی، یہ یوحنا حواری کے بھائی تھے (متی ۱۰ : ۲)

---

[1] انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا، ص ۷۰۴ ج ۱۷ مقالہ" Peter, Second Epistle of."
جیمس میکنن نے بھی ان خطوط کو مشتبہ قرار دیا ہے :

From christ to constantine P. 116

Marfat.com

لیکن انہیں حضرت مسیح علیہ السلام کے عروجِ آسمانی کے کچھ ہی عرصہ کے بعد ہیرودیس بادشاہ نے تلوار کے ذریعہ شہید کر دیا تھا (اعمال ۲:۱۲) لہٰذا اُن کو اپنی زندگی میں پولس سے کوئی خاص واسطہ نہیں پڑا، اور یہ یروشلم کونسل سے پہلے ہی دنیا سے تشریف لے گئے،

(۳) یعقوب بن یوسف نجار، جنہیں انجیل میں حضرت مسیح علیہ السّلام کا بھائی قرار دیا گیا ہے (متیّ ۱۳: ۵۵) اناجیل ہی سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت مسیح علیہ السّلام کی زندگی میں آپ پر ایمان نہیں لائے تھے (دیکھئے مرقس ۳: ۲۱ یوحنا ۷: ۵) یا تو آخر وقت میں ایمان لائے تھے، یا اُس وقت جب کہ بقول پولس حضرت مسیح علیہ السّلام حیاتِ ثانیہ (Resurrection) کے موقع پر انہیں نظر آئے (۱۔ کرنتھیوں ۱۵: ۷) اور کتابِ اعمال کے انداز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہیں یروشلم کی کلیسا کا صدر منتخب کیا گیا تھا، یہی وجہ ہے کہ یروشلم کونسل کی صدارت انہوں نے کی (اعمال ۱۵: ۱۹) یروشلم کونسل میں اگرچہ انہوں نے ہی یہ فیصلہ صادر کیا تھا کہ غیر قوموں کے لئے ختنہ وغیرہ کو دینِ عیسوی میں داخل ہونے کی شرط قرار نہ دیا جائے، لیکن اس بات پر تقریباً تمام عیسائی علماء کا اتفاق ہے، کہ ان کا یہ فتویٰ عبوری اور عارضی حیثیت رکھتا تھا، ورنہ وہ تورات کی سختی کے ساتھ پابندی کے قائل تھے، مسٹر جیمس میک کنن یروشلم کونسل کا حال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

> ”رجعت پسند پارٹی نے اگرچہ اُس وقت اس وسیع المشربی کی پالیسی کی حمایت کی تھی، لیکن وہ اس پر کسی طرح مطمئن نہ تھی، یہاں تک کہ یعقوب ختنہ کے مطالبہ سے دست کش ہونے کے باوجود یہودی مسیحیوں اور غیر قوموں کے آزادانہ میل جول کی راہ میں پابندیاں باقی رکھنا چاہتا تھا...... اس کے اثرات

Marfat.com

اتنے تھے کہ پطرس یہاں تک، کہ برناباس بھی ..... "غیر قوموں کے ساتھ کھانے سے" باز رہے [1]"

نیز ایک اور موقعہ پر یعقوب کے بارے میں لکھتے ہیں :-

"یوسیفس کے مختصر نوٹ اور ہیجے سپس کے نسبتہً طویل تذکرے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ یعقوب کے پختہ اور یکساں کردار اور تورات کی پابندیوں نے یہودیوں کے دل جیت لئے تھے [2]"

پھر لطف یہ ہے کہ یروشلم کونسل کے بعد کتابِ اعمال میں یعقوب کا ذکر صرف ایک جگہ آیا ہے، اور وہاں بھی یعقوب نے پولس کو تورات کی خلاف ورزیوں پر کفارہ ادا کرنے اور تورات پر عمل کرنے کی تلقین کی ہے (اعمال ۲۱ : ۱۷ تا ۲۶)

اس سے کم از کم اتنی بات وضاحت کے ساتھ ثابت ہوتی ہے کہ یعقوب ان نظریات کے ساتھ متفق نہیں تھے، جو پولس نے بعد میں اختیار کر لئے تھے۔ رہا وہ خط جو یعقوب کی طرف منسوب ہے سو اس کے بارے میں جیمس میک کنن لکھتے ہیں :

"دلائل کا وزن اس بات کی تائید نہیں کرتا کہ اس کا مصنف یعقوب ہے [3]"

## یوحنا اور پولس

پطرس اور برناباس کے بعد حواریوں میں بلند ترین مقام یوحنا

---

[1] From Crist to constantine P. 95

[2] Ibid p. 119

[3] Ibid p. 120

Marfat.com

بن زبدی کا ہے، اور بقول میک کنن انہیں کلیسا کے تین ستونوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے، دلچسپ بات یہ ہے کہ پطرس اور برنباس کی طرح یوحنا بھی یروشلم کونسل کے بعد کتاب اعمال سے یک بیک غائب ہو جاتے ہیں، اور اس کے بعد ان کا بھی کوئی حال معلوم نہیں ہوتا، جیمس میک کنن لکھتے ہیں:

"پطرس کی طرح یوحنا بھی یروشلم کانفرنس کے بعد کتاب اعمال کے واقعات سے غائب ہو جاتا ہے، جبکہ وہ اس کانفرنس میں کلیسا کے تین ستونوں میں سے ایک تھا، ....... یروشلم کو خیر باد کہہ کر انہوں نے اپنا تبلیغی کام کس جگہ انجام دیا؟ یہ ہمیں معلوم نہیں [1]"

اس سے بھی واضح طور پر یہ قیاس قائم ہوتا ہے کہ یروشلم کونسل کے بعد جب پطرس اور برنباس پولس سے ناراض ہو کر اس سے الگ ہو گئے تھے، اسی وقت یوحنا نے بھی اس سے علیحدگی اختیار کر لی تھی بظاہر انہوں نے بھی دین عیسوی کی اصل تعلیمات کو پھیلانے کی کوشش کی ہو گی، اسی لئے پولس کے شاگردوں نے یروشلم کونسل کے بعد اُن کو کسی تذکرے کا مستحق نہیں سمجھا،

رہ گئی انجیل یوحنا اور وہ تین خطوط جو یوحنا کے نام سے عہد نامہ جدید میں موجود ہیں، سو ان کے بارے میں ہم پیچھے تفصیل کیساتھ یہ بات ثابت کر چکے ہیں کہ خود عیسائی علماء متاخرین کا اس پر تقریباً اجماع ہو چکا ہے، کہ ان کا مصنف یوحنا حواری نہیں، بلکہ یوحنا بزرگ ہے [2]،

---

[1] ایضاً صفحہ ۱۱۸،

[2] دیکھئے کتاب ہذا میں عنوان "انجیل یوحنا کی حقیقت"

Marfat.com

# دُوسرے حواری

یہ تو وہ حوارین تھے جن کا ذکر کتابِ اعمال یا عہد نامہ جدید کی دوسری کتابوں میں آیا ہے، اُن کے علاوہ جو دوسرے حوارین ہیں اُن کے حالات اُن سے زیادہ پردۂ راز میں ہیں، اُن کے بارے میں یہی ثابت نہیں ہوتا کہ پولسؔ سے اُن کی ملاقات بھی ہوئی تھی یا نہیں؟ جیمس میک کننؔ لکھتے ہیں :-

"بارہ حواریوں میں سے باقی حضرات نے یسوع مسیح کے بعد کیا کیا؟ اس کے بارے میں کوئی قابلِ اعتماد بات نہیں کہی جا سکتی، ..... روایات اُن میں سے مختلف حضرات کی طرف گالؔ سے انڈیاؔ تک مختلف حلقہ ہائے کار تجویز کرتی ہیں..... یوسی بیسؔ (۳/۱) کہتا ہے کہ توما پرشیا چلے گئے تھے، جس میں ان دنوں انڈیاؔ کا کچھ شمالی حصہ بھی شامل تھا، لیکن اعمالِ توما کی روایت یہ ہے کہ وہ مصر اور بحرِ ہند کے راستے سیدھے انڈیا گئے تھے، ... (۳۶۵ ف) اسی طرح برتلمائی بھی ہندوستان چلے گئے تھے، (اعمال برتلمائی) اور اندراوسؔ اس کاتشیا چلے گئے تھے جو بحر اسودؔ کے شمال میں واقع ہے، تداوسؔ (یعنی یہوداہ تداوسؔ) اڈیسہ میں مقیم ہو گئے تھے، جہاں کے بادشاہ نے یسوع مسیح سے خط و کتابت کی تھی، اور وہاں انہوں نے اس بادشاہ کی رعایا میں بہت سے لوگوں کو دینِ عیسوی کا پیرو بنایا"

آگے فلپسؔ وغیرہ کے بارے میں بھی اسی طرح کی روایات نقل کرنے کے بعد فاضل مصنّف لکھتے ہیں۔

"یہ کہنے کی ضرورت ہی نہیں ہے، کہ یہ تمام کہانیاں خالص

Marfat.com

افسانے ہیں، یہ ممکن ہے کہ توما اور برتلمائی کو ہندوستان جانے کا موقع ملا ہو لیکن ہندوستان کے کسی خاص علاقے کو اس سلسلے میں مقرر کرنا مشتبہ ہے،،[1]

**نتائج** اوپر ہم نے حضرت مسیح علیہ السلام کے بارہ حواریوں کے حالات کی جو تحقیق کی ہے اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ:۔

۱۔ بارہ حواریوں میں سے دو تو وہ تھے جو یروشلم کونسل سے پہلے ہی انتقال فرما گئے تھے یعنی یعقوب[۲] بن زبدی (اعمال ۱۲:۲) اور یہوداہ[۲] اسکریوتی (اعمال ۱:۱۸)

۲۔ اور سات حواری وہ ہیں جن کا حضرت مسیح علیہ السلام کے عروج آسمانی کے بعد کوئی حال معلوم نہیں، یعقوب[۳] بن حلفی، توما[۴]، برتلمائی[۵]، یہوداہ[۶] تداؤس، اندراوس[۷]، فلپس[۸] اور متی[۹]،

۳۔ باقی تین حوارین میں سے برنباس[۱۰] اور پطرس[۱۱] کے بارے میں ہم نے تفصیل کے ساتھ یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ یروشلم کونسل کے بعد پولس کے ساتھ سنگین نظریاتی اختلاف کی بناء پر الگ ہو گئے تھے، اب صرف یوحنا[۱۲] بن زبدی رہ جاتے ہیں، اُن کے بارے میں بھی ہم پیچھے لکھ آئے ہیں کہ پطرس اور برنباس کی طرح یروشلم کونسل کے بعد وہ بھی اچانک گم نام ہو جاتے ہیں، اور ان کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا،

اس تشریح و تجزیہ سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ حواریوں نے پولس کی صرف اس وقت تک تصدیق کی تھی جب تک کہ اس نے دینِ عیسوی کی تحریف کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا تھا، لیکن یروشلم کونسل

---

[1] From Christ to constantine P. 121

Marfat.com

کے بعد جب اُس نے اپنے انقلابی نظریات کا اعلان کیا، اور گلتیوں کے نام خط میں (جو پولس کا پہلا خط ہے) اُن نظریات پر جمے رہنے کا اعلان کیا تو تمام وہ حواری جو اُس وقت موجود تھے اُس سے جُدا ہو گئے۔

اس لئے کتابِ اعمال میں یروشلم کونسل کے حالات تک پولس کو ان حواریوں کے ساتھ جس طرح شیر وشکر دکھایا گیا ہے، اس سے یہ نتیجہ نکالنا قطعی غلط ہے، کہ حضرت مسیحؑ کے حواری حضرات، پولس کے نظریات تثلیث، تجسّم اور کفارہ وغیرہ میں اس کے ساتھ متفق تھے، حقیقت یہی ہے کہ ان نظریات کا پہلا بانی پولس ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام یا آپ کے حواریوں کا ان نظریات سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے،

# پولس کے مخالفین

اب یہاں قدرتی طور پر ایک سوال پیدا ہو سکتا ہے، اور وہ یہ کہ اگر واقعۃً پولس نے دینِ عیسوی میں ترمیم و تحریف کر کے ایک نئے مذہب کی داغ بیل ڈالی تھی جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات سے یکسر مختلف تھا، تو اس کی کیا وجہ ہے کہ پولس کی کوئی موثر مخالفت نہیں کی گئی، اس کے نظریات عیسائی دنیا پر چھا گئے، اور اصل دینِ عیسوی بالکل نابود ہو کر رہ گیا؟

جب اس سوال کا جواب ہم تاریخ کے صفحات میں تلاش کرتے ہیں تو ہمیں واضح طور سے نظر آتا ہے کہ تاریخ عیسائیت کی ابتدائی تین صدیوں میں پولس اور اس کے نظریات کی شدید مخالفت کی گئی تھی، اور اس زمانے میں پولس کے مخالفین کی تعداد اور ان کا اثر و رسوخ پولس کے اثرات سے کسی طرح کم نہیں تھا، لیکن اتفاق سے جب تیسری صدی عیسوی میں عیسائیت

Marfat.com

بازنطینی سلطنت کا سرکاری مذہب قرار پایا تو پولس کی حامی جماعت حکومت پر غالب آگئی، اور اس نے نہ صرف یہ کہ اپنے مخالفوں کو بزور کچل ڈالا، بلکہ وہ تمام مواد بھی ضائع کرنے کی کوشش کی جس سے پولس کے مخالفین استدلال کر سکتے، اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دنیا میں پولس کا دین پھیلتا چلا گیا، اور رفتہ رفتہ اصل دینِ عیسوی کا نام ونشان بالکل مٹ گیا۔

ابتدائی تین صدیوں میں جس شدّت کے ساتھ پولس کی مخالفت کی گئی، اس کی کچھ مثالیں ہم یہاں مختصراً پیش کرتے ہیں۔

(۱) پولس کی مخالفت تو ٹھیک اُس وقت سے شروع ہو گئی تھی، جب اُس نے یروشلم کونسل کے فیصلے سے ناجائز فائدہ اٹھا کر تورات کو بالکلیہ منسوخ کرنے کا اعلان کیا تھا، انہی مخالفین کے جواب میں پولس نے گلتیوں کے نام اپنا معرکۃ الآراء خط لکھا تھا، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے حوالہ سے ہم یہ ثابت کر چکے ہیں کہ پولس کے ان مخالفین کا کہنا یہ تھا کہ وہ اصل حواریوں کی تعلیم سے لوگوں کو برگشتہ کر رہا ہے، یہ مخالفت کرنے والے قدیم کلیسا کی یہودی مسیحی جماعت سے تعلق رکھتے تھے، اور ان لوگوں کی سرکردگی بعض ممتاز افراد کر رہے تھے[۱]،

(۲) یہ مخالفت پولس کے خطوط کے بعد کم نہیں ہوئی، بلکہ بڑھتی چلی گئی، مسٹر جیمس میک کنن لکھتے ہیں:

> "یہ سمجھنا غلط ہے کہ پولس یا انجیلِ یوحنا کے مصنف[۲] کے خیالات حواریوں کے متصل بعد والے زمانے میں مذہبی عقائد کا سب سے زیادہ نمایاں اور بااثر معیار بنے ہوئے تھے اگرچہ یہ درست ہے

---

[۱] دیکھئے کتاب ہذا ص ۱۳۳ و ۱۳۴، بحوالہ برٹانیکا، ص ۱۹۰، ج ۹۔

[۲] پیچھے گذر چکا ہے کہ انجیل یوحنا کا مصنف پولس کا بالکل ہم خیال تھا،

Marfat.com

کہ پولس اس زمانے کے ذہنوں کو مسلسل متاثر کرنے میں لگا رہا ۔ اور بالآخر چوتھی انجیل کے عقائد نے مابعد کے کلیساؤں پر اثر و رسوخ حاصل کر لیا، لیکن یہ بھی اپنی جگہ حقیقت ہے کہ ابتدائی کیتھولک چرچ کے اخلاقی مذہب نے بہت جلد پولوسی خیالات کو نکال باہر کیا تھا، اور دوسری صدی میں جہاں انجیل یوحنا کے عقائد کو ماننے والے موجود تھے، وہاں اس کے مخالفین بھی پائے جاتے تھے، پولس نے عیسائیت کا جو تصور پیش کیا تھا، وہ حواریوں کے زمانے میں بھی کسی طرح معیاری تصور نہ تھا[1] "

(۳) دوسری صدی عیسوی کی ابتداء میں آرینیوس، ہپولیٹس، ایپی فانیس اور آریجن ایک فرقے کا تذکرہ کرتے ہیں جسے نصرانی... ( Nazarine ) اور ابیونی ( Ebionites ) فرقہ کہا جاتا ہے، مسٹر جے ایم رابرٹسن ان لوگوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"یہ لوگ مسیح کی خدائی کا انکار کرتے تھے، اور پولس کو رسول تسلیم نہ کرتے تھے[2] "

اور انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار آرینیوس سے نقل کر کے بیان کرتا ہے:۔

"ان لوگوں کا عقیدہ یہ تھا کہ مسیح ایک انسان تھے جسے معجزات دیئے گئے تھے، یہ لوگ پولس کے بارے میں یہ تسلیم نہ کرتے تھے کہ وہ موسوی دین سے برگشتہ ہو کر عیسائی ہو گیا تھا۔ اور یہ لوگ

---

[1] From christ to constantine ch. VII

[2] J. M. Robertson, *History of Christianity*, London 1913 p. 5

Marfat.com

خود موسوی شریعت کے احکام اور رسموں یہاں تک کہ ختنہ پر بھی
مضبوطی کے ساتھ کاربند تھے،،[1]

(۴) پھر تیسری صدی میں پال آف سموسٹا کے نظریات بھی تقریباً یہی تھے جو ۲۶۰ء سے ۲۷۲ء تک انطاکیہ کا بطریرک[2] رہا ہے، اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اس کے تاثرات کس قدر ہوں گے یہی وجہ ہے کہ چوتھی صدی میں لوسین اور آریوس مستقل مکاتبِ فکر کی صورت میں اس کی تائید کرتے نظر آتے ہیں،

(۵) پھر چوتھی صدی میں آریوس ( Arius ) کے فرقے نے تو تثلیث کے عقیدے کے خلاف پوری عیسائی دنیا میں ایک تہلکہ مچادیا تھا، اس زمانے میں یہ بحث کتنے زوروں پر تھی؟ اس کا اندازہ قدیم تواریخ سے ہوتا ہے عیسائیوں کا مشہور عالم تھیوڈورٹ لکھتا ہے :-

"ہر شہر اور ہر گاؤں میں تنازعات اور اختلافات اُٹھ کھڑے ہوئے جو تمام تر مذہبی عقائد سے متعلق تھے، یہ ایک نہایت المناک مرحلہ تھا جس پر آنسو بہانے چاہئیں، اس لئے کہ اُس وقت کلیسا پر زمانۂ ماضی کی طرح بیرونی دشمنوں کی طرف سے حملہ نہیں ہو رہا تھا، بلکہ اب ایک ہی ملک کے باشندے جو ایک چھت کے نیچے رہتے اور ایک میز پر بیٹھتے تھے، ایک دوسرے کے خلاف برسرِپیکار تھے، لیکن نیزوں سے نہیں، بلکہ زبانوں سے،،[3]

---

[1] برٹانیکا، ص ۱۸۸ ج، مقالہ :

[2] تفصیل کے لئے دیکھئے کتاب ہذا ص ۱۵۲ اور اس کے حواشی ،

[3] Theodoret, quoted by James Mackinon, *From Christ to Constantine* ch. IV

سینٹ آگسٹائن نے اپنی کتاب On the Trinity میں آریوس کی تردید جس بسط و تفصیل کے ساتھ کی ہے، اس سے بھی یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آریوس کا فرقہ کتنی اہمیت اختیار کر گیا تھا، اور اس کے پیرو کار کتنے زیادہ تھے؟

(۶) پھر ۳۲۵ء میں شاہ قسطنطین نے نیقیہ کے مقام پر جو عام کونسل منعقد کی، اس میں آریوس کے نظریات کی تردید کی گئی، لیکن اوّل تو جیمس میک کنن لکھتے ہیں :-

"یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ اس کونسل میں تمام عالم عیسائیت کے نمائندے شریک تھے، اس میں مغرب کے علاقے کے بہت کم افراد شامل ہوئے تھے، کُل تین سو لبشپ حاضر تھے جن کی اکثریت یونانی تھی [۱]"

پھر اس کونسل میں آریوس کے نظریات پر ایک منٹ کے لئے بھی سنجیدگی سے غور نہیں کیا گیا، تھیوڈورٹ لکھتا ہے :-

"جوں ہی آریوس کا فارمولا کونسل کے سامنے پڑھا گیا، اُسے فوراً پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا، اور اسی لمحے اسے غلط اور جھوٹ قرار دے دیا گیا" [۲]

اس کا نتیجہ کیا ہوا؟ جیمس میک کنن کے الفاظ میں سنیئے :-

"انتھانی شیس کی پارٹی کو چونکہ شاہی دباؤ اور سرکاری پشت پناہی حاصل تھی اس لئے وہ فتح پاگئی، اور اس کے ساتھ مذہبی مباحثات میں حکومت کے تشدد، ایذا رسانی، جبر و استبداد اور

---

[۱] From Christ to cons-tantine p.

[۲] ایضاً

Marfat.com

مذہبی اظہارِ رائے پر سزائیں جاری کرنے کے جذبات کو بھی تقویت ہوئی۔"

جیمس میکنن نے اس کے بعد تفصیل کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ اس فیصلے کے بعد بھی عرصے تک عوام میں زبردست اختلافات چلتے رہے، خاص طور سے شرقی عیسائی تو کسی طرح نیقیہ کونسل کے فیصلے کو ماننے کے لئے تیار نہ تھے، لیکن رفتہ رفتہ حکومت نے بزور انہیں ٹھنڈا کر دیا، اور اس طرح یہ مخالفتیں دھیمی پڑ گئیں،

اس تفصیل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ عیسائیت کی ابتدائی تین صدیوں میں پولس کے نظریات کے بے شمار مخالفین موجود تھے، اور اُس وقت تک کثیر تعداد میں باقی رہے جب تک کہ حکومت نے انہیں بزور ختم نہیں کر دیا،

## آخری زمانے میں

اب ہم اپنے قریبی زمانے کے خود عیسائی علماء کے کچھ اقوال پیش کرتے ہیں، جن سے آپ یہ اندازہ کر سکیں گے کہ پولس کو عیسائیت کا بانی قرار دینے کا نظریہ تنہا ہمارا نہیں ہے، بلکہ وہ عیسائی علماء بھی اس کی تائید کرنے پر مجبور ہیں جنہوں نے غیر جانبداری کے ساتھ بائبل کا مطالعہ کیا ہے۔

(۱) انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں پولس کے حالات بیان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ:

"مصنفین کا ایک مکتبِ فکر جس میں سے ڈبلو، ریڈ (W. Wrede) کو بطور مثال ذکر کیا جا سکتا ہے، اگرچہ کسی بھی اعتبار سے پولس کا منکر نہیں ہے تاہم وہ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہتا ہے کہ پولس نے عیسائیت کو اس قدر بدل دیا تھا کہ وہ اس کا دوسرا بانی بن گیا، وہ درحقیقت اُس "کلیسائی عیسائیت" کا بانی

Marfat.com

ہے جو لیسوع مسیح کی لائی ہوئی عیسائیت سے بالکل مختلف ہے، یہ لوگ کہتے ہیں کہ " یا تو لیسوع کی اتباع کرو یا پولس کی "، ان دونوں پر بیک وقت عمل نہیں کیا جا سکتا،

یہ لوگ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ پولسی مذہب نہ صرف یہ کہ گناہ کفارہ اور منجی کے ابدی وجود سے متعلق بعض توہم پرستانہ تصورات کو شامل ہے، بلکہ ...... لیسوع مسیح سے متعلق پولس کی تمام تر متصوفانہ روش جو اُسے ذریعۂ نجات و کفارہ قرار دیتی ہے، خود لیسوع مسیح کی ان تعلیمات سے متناقض ہے جو انہوں نے خدا اور انسان کے صحیح رشتے سے متعلق پیش کی ہیں[1] "

(۲) اور پولس کا ایک مشہور سوانح نگار والٹر وون لوئی وینک (Walter Von Loewinch) لکھتا ہے :-

" پال ڈی لاگارڈے کہتا ہے کہ پولس کو جو واقعی طور پر ابراہیم[2] کی نسل سے تھا، اور اپنے نظریاتی انقلاب کے بعد بھی " فریسیوں کا فریسی " تھا، اُسے لیسوع اور اس کی انجیل کے بارے میں کوئی قابلِ اعتماد علمِ مطلق نہیں تھا، لہٰذا یہ بات کسی طرح سننے کے لائق نہیں ہے کہ جو لوگ تاریخی طور پر تعلیمیافتہ ہیں انہیں پولس نام کے اس شخص کو کوئی اہمیت دینی چاہیئے۔

آج بھی کلیسا اپنے " پولسی ورثے " کی بنا پر شدید مشکلات سے دوچار ہے، پولس نے کلیسا میں عہد نامۂ قدیم کو داخل کیا، اور اس کے اثرات نے ہر ممکن حد تک انجیل کو تباہ کر دیا، ....... یہ پولس ہی تھا جس نے یہودی قربانی کا نظریہ اپنے تمام لوازم کے

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، ص ۲۹۵ ج ۱۷، مقالہ " پولس "

ساتھ در آمد کیا، اُسی نے یہودیوں کا پورا تاریخی نظریہ ہم پر مسلط کر دیا،
یہ تمام کام اُس نے قدیم کلیسا کے لوگوں کی شدید مخالفت کے
عین درمیان انجام دیئے، جو ہر چند کہ یہودی تھے، مگر اول تو یہودی
انداز میں پولس کی بہ نسبت کم سوچتے تھے، دوسرے کم از کم وہ ایک "ترمیم
شدہ اسرائیلی مذہب" کو خدا کی بھیجی ہوئی انجیل قرار نہ دیتے تھے"

(۳) لی گارڈے کا یہ اقتباس نقل کر کے لوئی وینک لکھتے ہیں۔

"عصر حاضر میں پولس کے بیشتر مخالفین انہی خطوط پر سوچتے ہیں جو لیگارڈے نے بیان کیئے، اب بھی لوگ بہت جلد اُس تضاد پر زور دیتے ہیں جو یسوع اور پولس کے درمیان پایا جاتا ہے، ...... اُس شخص کو اس بات کا ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے کہ اس نے یسوع کی خالص اور اصلی تعلیمات کو مکمل طور پر مسخ کر ڈالا[۱]"

(۴) اگرچہ خود لوئی وینک پولس کے سرگرم حامی ہیں، مگر وہ ہوسٹن اسٹیورٹ چیمبرلین کے اس قول کی تائید کرتے ہیں۔

"اس نے (یعنی پولس نے) عیسائیت کو ٹکڑے کر کے اسے یہودیت سے الگ ایک شکل عطا کی، اس لئے وہ اُن کلیساؤں کا خالق بن گیا، جو یسوع کے نام پر بنے[۲]"

نیز آگے چل کر ایک جگہ لوئی وینک کہتے ہیں۔

"اگر پولس نہ ہوتا تو عیسائیت یہودی مذہب کا ایک فرقہ بن جاتا اور کوئی کائناتی مذہب نہ ہوتا[۳]"

---

[۱] Loewenich, *Paul, His Life and work* trans. by *G.E. Harris, London* P. 5

[۲] Ibid P. 6

[۳] Ibid P. 71

Marfat.com

کیا اس بات کا کھلا اعتراف نہیں ہے کہ عیسائیت کو ایک کائناتی مذہب بنانے کے شوق میں پولس نے حضرت مسیح علیہ السلام کے لائے ہوئے دین کو بدل ڈالا، لوئی وینگ کے نزدیک یہ پولس کا قابلِ تعریف کارنامہ ہے، لیکن ہمارے نزدیک یہی وہ چیز ہے جسے تحریف کہتے ہیں۔

(۵) مسٹر جیمس میک کنن جن کے حوالے اس کتاب میں بار بار آچکے ہیں ایک فاضل عیسائی مورخ ہیں، اور انہیں کسی طرح بھی پولس کا مخالف نہیں کہا جا سکتا، لیکن وہ کھل کر اعتراف کرتے ہیں کہ:

"پولس کا اندازِ فکر اُس کا اپنا ہے، یہ بات دلائل سے واضح نہیں ہوتی کہ اس کا یہ اندازِ فکر یسوع کے اندازِ فکر سے پوری طرح مطابقت رکھتا ہے، ...... یسوع کا تورات کے بارے میں جو تصور تھا وہ پولس کے تصور سے ہم آہنگ نہیں ہے ........ اس لحاظ سے پولس کا یہ دعویٰ کہ اس نے اپنی تعلیم یسوع سے براہِ راست وحی کے ذریعہ حاصل کی ہے، ایک مشکل مسئلہ ہے"[۱]

(۶) پولس کے ایک اور سوانح نگار جیکسن جو پولس کے حامی ہیں، پولس کے مخالفین کا نظریہ نقل کر کے آخر میں اس بات کا اعتراف ..... کرتے ہیں کہ:

"اگر پولس نہ ہوتا تو عیسائیت مختلف ہوتی، اور اگر یسوع نہ ہوتے تو عیسائیت ناممکن تھی"[۲]

(۷) ۱۹۵۳ء میں امریکہ سے (The Nazarene Gospel Restored) کے نام سے ایک کتاب شائع ہوئی ہے جو رابرٹ گریوس .....

---

[۱] James Mackinnon, From Christ to Constantine PP. 91, 92

[۲] Foakes Jackson, *The Life of St Paul*, Lodon 1933 p. 18

Marfat.com

(Robert Graves) اور جوشوا پوڈرو (Joshua Podro)
کی مشترکہ تصنیف ہے، موخر الذکر ایک مشہور عیسائی بشپ کالڑ کا ہے، اس کتاب کے مقدمے میں پولس پر مفصل تاریخی تنقید کی گئی ہے، اور ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مذہب کو پولس نے بڑی طرح بگاڑ ڈالا تھا، اور اس بناء پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصلی حواری اس سے ناراض تھے [۱]

ہم نے اوپر مختلف عیسائی علماء کے جو حوالے پیش کئے ہیں، ان کی حیثیت "مشتے نمونہ از خروارے" کی ہے، ورنہ اگر پولس کے مخالفین اور ناقدین کے اقوال اہتمام کے ساتھ جمع کئے جائیں تو بلاشبہ ایک ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے، ان چند اقتباسات کو پیش کرنے کا مقصد صرف یہ دکھلانا تھا کہ خود عیسائی علماء میں سے بھی بے شمار لوگ اس بات کا اعتراف کرنے پر مجبور ہیں کہ موجودہ عیسائیت کے اصل بانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہیں ہیں، بلکہ پولس ہے،

امید ہے کہ مندرجہ بالا دلائل و شواہد ایک حق پرست انسان پر یہ حقیقت آشکار کرنے کے لئے کافی ہوں گے کہ موجودہ عیسائی مذہب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اصل تعلیمات سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا، وہ تمامتر پولس کی ایجاد ہے، اس بناء پر اس مذہب کا صحیح نام "عیسائیت" کے بجائے "پولسیت" ہے،

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭

---

[۱] See The Nazarene Gospel Restored Cassel 1953 PP. 19,21

Marfat.com

# انجیل برناباس

یہ بات تو اب علمی دنیا میں ڈھکی چھپی نہیں رہی کہ جو انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی، وہ دنیا سے مفقود ہو چکی ہے، اس وقت جو کتابیں "انجیل" کے نام سے مشہور ہیں، ان سے مراد حضرت عیسیٰؑ کی سوانح حیات ہے جسے مختلف لوگوں نے قلمبند کیا ہے اور اس میں آپ کی تعلیمات کا ایک بڑا حصہ پایا جاتا ہے۔

تواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مختلف شاگردوں اور حواریوں نے اس قسم کی انجیلیں لکھی تھیں، لوقاؔ اپنی انجیل کے شروع میں لکھتے ہیں:

"چونکہ بہتوں نے اس پر کمر باندھی ہے کہ جو باتیں ہمارے درمیان واقع ہوئیں اُن کو ترتیب وار بیان کریں، جب کہ انہوں نے جو شروع سے خود دیکھنے والے اور کلام کے خادم تھے اُن کو ہم تک پہونچایا" (لوقا ۱: ۱ و ۲)

لیکن عیسائی حضرات نے ان بہت سی انجیلوں میں سے صرف چار انجیلوں کو معتبر مانا ہے جو علی الترتیب متّی، مرقس، لوقاؔ اور یوحنا کی طرف منسوب ہیں، باقی انجیلیں یا تو گم ہو چکی ہیں یا موجود ہیں، مگر انہیں عیسائی حضرات تسلیم نہیں کرتے۔

لیکن آج سے تقریباً ڈھائی سو سال پہلے ایک کتاب دریافت ہوئی جو برناباس حواری کی طرف منسوب ہے، اس کتاب کی دریافت نے دنیا بھر میں ایک ہلچل پیدا کر دی اسلئے کہ اس میں نہ صرف یہ کہ بے شمار باتیں ایسی موجود تھیں جن سے عیسائیت کا پورا ایوان منہدم ہو جاتا ہے بلکہ اس میں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی بھی لکھا ہوا تھا۔

اسوقت سے لیکر آجتک بہت سے علمائے عیسائیت اور ماہرین تاریخ نے اس کتاب کو اپنا موضوعِ بحث بنایا ہے، اور تمام عیسائی علماء نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ اصلی انجیل برناباس

Marfat.com

نہیں ہے، بلکہ اسکا مصنف کوئی مسلمان ہے جس نے عیسائیت کو غلط ثابت کرنیکے لئے اُسے برناباس حواری کی طرف منسوب کر دیا ہے،

جناب سید رشید رضا مصری مرحوم کے ایک مختصر مضمون کے سوا اس سلسلے میں کسی مسلمان کی کوئی تحریر میری نظر سے نہیں گذری، حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانویؒ نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "اظہار الحق"، میں انجیل برناباس کا بہت مختصر سا ذکر فرمایا ہے، راقم الحروف حال ہی میں اظہار الحق کے اردو ترجمے کی شرح و تحقیق سے فارغ ہوا ہے اسی دوران مجھے انجیل برناباس اور اسکے موضوع پر مختلف مضامین پڑھنے کا اتفاق ہوا، اس مطالعے کا حاصل میں اس مختصر مقالے میں پیش کر رہا ہوں، امید ہے کہ علم دوست حضرات کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا۔

میں سب سے پہلے انجیل برناباس کا مختصر تعارف اور اس کے کچھ اقتباسات پیش کرونگا اور اسکے بعد قدرے تفصیل کیساتھ اس بات کی تحقیق کی جائے گی کہ یہ انجیل اصلی ہے یا جعلی ؟

انجیل برناباس معروف اناجیل اربعہ سے بہت سی چیزوں میں مختلف ہے، لیکن چار اختلافات ایسے ہیں جنہیں بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

(۱) اس انجیل میں حضرت مسیحؑ نے اپنے "خدا"، اور "خدا کا بیٹا"، ہونیسے صاف انکار کر دیا ہے۔

(۲) اسمیں حضرت مسیحؑ نے بتایا ہے کہ وہ "مسیح" یا "مسیا" جسکی بشارت عہد قدیم کے صحیفوں میں دی گئی ہے، اس سے مراد میں نہیں ہوں بلکہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا مصداق ہیں جو آخر زمانے میں مبعوث ہوں گے۔

(۳) برناباس کا بیان ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کو سولی نہیں دی گئی، بلکہ ان کی جگہ یہوداہ اسکریوتی کی صورت بدل دی گئی تھی، جسے یہودیوں نے حضرت عیسیٰؑ سمجھا، اور سولی پر چڑھا دیا، حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے آسمان پر اٹھا لیا تھا،

(۴) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے جس بیٹے کو ذبح کرنیکا ارادہ کیا تھا وہ حضرت اسحٰقؑ نہیں بلکہ حضرت اسماعیل علیہ السلام تھے۔

**انجیل برناباس میں آنحضرتؐ کا اسمِ گرامی:۔** ذیل میں ہم انجیل برناباس کی چند وہ عبارتیں

Marfat.com

پیش کرتے ہیں جنہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی سرور کونین حضرت محمدؐ کی تشریف آوری کی بشارتیں ذکر کی گئی ہیں ہمارے پاس انجیل کے عربی اور اردو ترجمے ہیں، ہم یہاں دونوں کی عبارتیں نقل کرینگے، اردو ترجمے پر اس لئے انتقاد نہیں کیا گیا کہ وہ ایک مسلمان عالم کا کیا ہوا ہے، اسکے برعکس عربی ترجمہ ڈاکٹر خلیل سعادت نے کیا ہے جو ایک عیسائی عالم ہیں۔

(۱) لستُ اهلاً ان احلّ رباطات جرموق او سیور هذا رسول الله الذی تسمونه مسیا الذی خلق قبلی ویاتی بعدی۔ (فصل ۴۲ آیت ۱۴)

میں اسکے لائق بھی نہیں ہوں کہ اس رسول اللہؐ کے جوتے کے بند یا نعلین کے تسمے کھولوں جس کو تم مسیا کہتے ہو، وہ جو کہ میرے پہلے پیدا کیا گیا اور اب میرے بعد آئے گا۔ (عربی ترجمہ مطبوعہ قاہرہ ۱۹۰۸ء ص ۱۴۰ و اردو ترجمہ مطبوعہ لاہور ۱۹۱۶ء ص ۱۴۴)

(۲) ولما رأيته امتلأت عزاءً قائلاً يا محمد ليكن الله معك وليجعلني اهلاً ان احل سير حذائك (فصل ۴۴ آیت ۳۰)

اور جب کہ میں نے اسکو دیکھا میں تسلی سے بھر کر کہنے لگا اے محمد، اللہ تیرے ساتھ ہو اور مجھ کو اس قابل بنائے کہ میں تیری جوتی کا تسمہ کھولوں (عربی ترجمہ ص ۶۹، اردو ترجمہ ص ۷۰)

(۳) اجاب التلاميذ يا معلم من عسى ان يكون ذلك الرجل الذي تتكلم عنه الذي سيأتي الى العالم؟ اجاب يسوع بابتهاج قلب: انه محمد رسول الله (فصل ۱۶۳ آیات ۷، ۸)

شاگردوں نے جواب میں کہا اے معلم! وہ آدمی کون ہوگا جس کی نسبت تو یہ باتیں کہہ رہا ہے اور جو کہ دنیا میں عنقریب آئے گا؟ یسوع نے دلی خوشی کے ساتھ جواب دیا بیشک وہ محمد رسول اللہ ہے (عربی ترجمہ ص ۲۵۲ اردو ترجمہ ص ۲۴۳)

(۴) الحق اقول لكم متكلماً من القلب اني اقشعر لان العالم سيدعوني الهاً وعليّ ان اقدم لاجل هذا حساباً. لعمر الله الذي نفسي واقفة في حضرته اني رجل فانٍ كسائر الناس (۵۲ : ۱۰ تا ۱۰)

میں تم سے سچ کہتا ہوں دل سے باتیں کرتا ہوا کہ ہر آئینہ میرے بھی رونگٹے کھڑے ہوں گے اس لئے کہ دنیا مجھ کو معبود سمجھے گی اور مجھ پر لازم ہوگا کہ اسکے حضور میں حساب پیش کروں، اللہ کی زندگانی کی قسم ہے وہ اللہ کہ میری جان اس کے حضور میں کھڑی ہونے والی ہے کہ بیشک میں بھی ایک فنا ہونے والا آدمی ہوں، تمام انسانوں جیسا۔

(عربی ترجمہ ص ۸۲، اردو ترجمہ ص ۸۲)

**اس انجیل کی دریافت**: قدیم عیسائی لٹریچر میں انجیل برناباس کا ذکر ایک گمشدہ کتاب کی

Marfat.com

حیثیت سے ملتا ہے، لیکن ۱۷۰۹ء میں شاہ پروشیا کے ایک مشیر کو جسکا نام کریمر تھا، ایمسٹرڈم کے مقام پر کسی کتب خانے سے ایک کتاب ہاتھ لگی جو اطالوی زبان میں تھی اور اسپر لکھا ہوا تھا کہ یہ برناباس حواری کی لکھی ہوئی انجیل ہے، اس وقت تک صرف اتنا معلوم ہوسکا تھا کہ کریمر نے یہ اطالوی نسخہ ایمسٹرڈم کے کسی صاحب حیثیت آدمی سے حاصل کیا تھا جو اُسے انتہائی قیمتی کتاب سمجھتا تھا، کریمر نے یہ نسخہ شہزادہ آیوجین سافوی کو تحفہ کے طور پر دیدیا، اس کے بعد ۱۷۳۸ء میں آسٹریا کے پایۂ تخت وائنا کے شاہی کتب خانے میں منتقل ہوگیا، اور آج تک وہیں ہے،

اسکے بعد اٹھارویں صدی کی ابتدا ہی میں ہڈلی کے مقام پر ڈاکٹر ہلمن کو انجیل برناباس کا ایک اور نسخہ دستیاب ہوا جو ہسپانوی زبان میں تھا، یہی نسخہ مشہور مستشرق جارج سیل کو ملا تھا جس سے اُسنے اپنے ترجمہ قرآن میں مختلف اقتباسات نقل کئے ہیں۔

جارج سیل نے اس ہسپانوی نسخے پر جو نوٹ لکھا ہے، اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ درحقیقت یہ مذکورہ بالا اطالوی نسخے کا ہسپانوی ترجمہ ہے جو کسی ارّدغانی مسلمان مصطفیٰ عرندی نے کیا ہے، مصطفیٰ عرندی ہی نے اسکے شروع میں ایک دیباچہ بھی لکھا ہے جس میں اطالوی نسخے کی دریافت کا پورا حال تحریر ہے۔

اس دیباچے کا خلاصہ یہ ہے کہ تقریباً سولھویں صدی کے اختتام پر ایک لاطینی راہب فرامرینو کو آرینوس بشپ کے کچھ خطوط دستیاب ہوتے جن میں سے ایک میں پولسؔ پر سخت تنقید کی گئی تھی اور ساتھ ہی یہ لکھا تھا کہ انجیل برناباس میں پولس کی حقیقت خوب واضح کی گئی ہے جب سے فرامرینو نے آرینوس کا یہ خط پڑھا تھا، اس وقت سے وہ مسلسل انجیل برناباس کی جستجو کرتا رہا۔

کچھ عرصے کے بعد اسے اس زمانے کے پوپ اسکٹس پنجم کا تقرب حاصل ہوگیا، اور ایک روز وہ پوپ کیساتھ اسکے کتب خانے میں چلا گیا، کتب خانے میں پہونچ کر پوپ کو نیند آگئی، اس عرصے میں فرامرینو نے وقت گذاری کیلئے کتابیں دیکھنی شروع کیں، حسن اتفاق سے اس نے پہلی بار جس کتاب پر ہاتھ ڈالا وہ انجیل برناباس کا اطالوی نسخہ تھا، فرامرینو اسے حاصل کرکے بہت خوش ہوا اور اُسے آستین میں چھپا کرلے آیا۔

یہ پوری روایت مستشرق سیل نے مصطفیٰ عرندی کے حوالہ سے ترجمۂ قرآن کے مقدمے میں لکھی

---

لے پولس، عیسائیوں کا سب سے بڑا امام ہے جس کے چودہ خطوط بائبل میں شامل ہیں۔

Marfat.com

ہے، یہ ہسپانوی نسخہ جو سیل کے پاس تھا اب گم ہو چکا ہے البتہ اتنا معلوم ہے کہ ۱۷۴۷ء میں نسخہ ڈاکٹر ہیوٹ کے پاس آگیا تھا، اور اس نے اپنے لیکچروں میں تبلایا ہے کہ دو جگہ معمولی اختلاف کے علاوہ اطالوی اور ہسپانوی نسخوں میں کوئی قابلِ ذکر فرق نہیں ہے۔

خلاصہ یہ کہ اب دنیا میں صرف قدیم اطالوی نسخہ موجود ہے اسی سے ڈاکٹر منکہوس نے اس کا انگریزی سے عربی میں منتقل کیا، یہ عربی ترجمہ جناب سید رشید رضا مصری مرحوم نے ۱۹۰۸ء میں اپنے ایک مختصر مقدمے کیساتھ شائع کر دیا، ڈاکٹر خلیل سعادت ہی نے اس انجیل کی فصلوں پر آیتوں کے نمبر ڈالے ہیں، اصل نسخے میں یہ نمبر موجود نہ تھے اور انہوں نے ہی اس کے شروع میں ایک طویل دیباچہ لکھا ہے جس میں اولاً انجیل برناباس کی دریافت کا مذکورہ بالا واقعہ تحریر ہے اور اس کے بعد ڈاکٹر خلیل سعادت نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ انجیل کسی ایسے یہودی شخص کی تصنیف ہے جو پہلے نصرانی اور پھر مسلمان ہو گیا تھا۔

یہ عربی ترجمہ ہندوستان پہنچا تو مولوی محمد حلیم صاحب انصاری ردولوی نے اس کا اردو ترجمہ کیا جو ۱۹۱۶ء میں لاہور سے شائع ہوا[1]

یہ تھا انجیل برناباس کا مختصر تعارف: اب ہم یہ تحقیق کریں گے کہ یہ انجیل واقعۃً برناباس کی تصنیف ہے یا — عیسائی علماء کے بقول — کسی مسلمان کی گھڑی ہوئی ہے؟ جہاں تک ہم نے تحقیق کی ہے ہم پر یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ اس انجیل کا درجہ اسناد بائبل کے کسی بھی صحیفے سے کم نہیں ہے، بلکہ اس سے کہیں زیادہ ہے۔

(تقی) [1] جو حضرات یہ ترجمے دیکھنا چاہیں وہ عربی ترجمہ اسٹیٹ بنک کراچی کی لائبریری میں اور اردو ترجمہ مجلس علمی میری ویدر ٹاور کراچی کے کتب خانے میں دیکھ سکتے ہیں۔

Marfat.com

اب ہم قدرے تفصیل سے اس انجیل کی اصلیت پر گفتگو کرینگے، جہانتک ہم نے تحقیق کی ہے ہمارے نزدیک اس انجیل کا پایہ اعتبار بائبل کے کسی صحیفے سے کم نہیں ہے، بلکہ بعض دلائل ایسے ہیں جنکی بناء پر ہمیں یہ ماننا پڑتا ہے کہ یہ کتاب بنیادی طور پر برناباس حواری ہی کی لکھی ہوئی ہے،

## انجیل برناباس کی حقیقت

انجیل برناباس کی حقیقت اور اس کی اصلیت کی تحقیق کرنے کیلئے ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ برناباس کون ہیں؟ حواریوں میں ان کا مقام کیا تھا؟ اور انکے عقائد و نظریات کیا تھے؟ ان کے تعارف کا ایک جملہ سب سے پہلے ہمیں لوقا کی کتاب اعمال میں ملتا ہے، وہ لکھتے ہیں:

"اور یوسف نام کا ایک لاوی تھا، جس کا لقب رسولوں نے برناباس یعنی نصیحت کا بیٹا رکھا تھا، اور جسکی پیدائش کپرس کی تھی، اسکا ایک کھیت تھا جسے اس نے بیچا، اور قیمت لاکر رسولوں کے پاؤں میں رکھدی" (اعمال ۴: ۳۶و۳۷)

اس سے ایک بات تو یہ معلوم ہوئی کہ برناباس حواریوں میں بلند مقام کے حامل تھے اور اسی وجہ سے حواریوں نے انکا نام "نصیحت کا بیٹا"، رکھدیا تھا، دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ انہوں نے خدا کی رضاجوئی کی خاطر اپنی ساری دنیوی پونجی تبلیغی مقاصد کے لئے صرف کردی تھی،

اسکے علاوہ برناباس کا ایک امتیاز یہ بھی ہے کہ انہوں نے ہی تمام حواریوں سے پولس کا تعارف کرایا تھا، حواریوں میں سے کوئی یہ یقین کرنے کیلئے تیار نہ تھا، کہ وہ ساؤل جو کل تک ہم لوگوں کو ستاتا اور تکلیف پہنچاتا رہا ہے، آج اخلاص کیساتھ ہمارا دوست اور ہم مذہب ہوسکتا ہے، لیکن یہ برناباس ہی تھے جنہوں نے تمام حواریوں کے سامنے پولس کی تصدیق کی اور انہیں بتایا کہ یہ فی الواقعہ تمہارے ہم مذہب ہو چکا ہے چنانچہ لوقا پولس کے بارے میں لکھتے ہیں

"اس نے یروشلم میں پہنچکر شاگردوں میں مل جانے کی کوشش کی، اور سب اُس سے ڈرتے تھے، کیونکہ انکو یقین نہ آتا تھا کہ یہ شاگرد ہے، مگر برناباس نے اُسے

Marfat.com

اپنے ساتھ رسولوں کے پاس لیجا کر ان سے بیان کیا کہ اس نے اس طرح راہ میں خداوند کو دیکھا اور اس نے اس سے باتیں کیں، اور اس نے دمشق میں کیسی دلیری کے ساتھ یسوع کے نام سے منادی کی،، (اعمال ۹: ۲۶ و ۲۷)

اس کے بعد ہمیں کتاب اعمال ہی سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ پولس اور برناباس عرصہ دراز تک ایکدوسرے کے ہمسفر رہے، اور انہوں نے ایک ساتھ تبلیغ عیسائیت کا فریضہ انجام دیا (دیکھئے اعمال ۱۱: ۳۰ و ۱۲: ۲۵ والواب ۱۳ ار ۱۴ ار ۱۵)

لیکن اس کے کچھ عرصہ کے بعد پولس اور برناباس کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہو جاتے ہیں ہم اسی کتاب کے دوسرے باب میں یہ تحقیق کر چکے ہیں کہ یہ اختلافات نظریاتی تھے اور ان کی اصل وجہ یہ تھی کہ پولس نے اصل دین عیسوی میں ترمیم کر کے ایک نئے مذہب کی بنیاد ڈالنی شروع کر دی تھی یہاں اس تحقیق کا اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں، جو صاحب چاہیں وہاں دیکھ لیں، بہر حال! اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ برناباس نے پولس کی کھل کر مخالفت شروع کر دی تھی۔

Marfat.com

اس کتاب کے دوسرے باب کی مندرجہ بالا بحث کو ذہن میں رکھ کر انجیل برنباس پر آجایئے ہمیں اس انجیل کے بالکل شروع میں جو عبارت ملتی ہے وہ یہ ہے،

ایہا الاعزاء ان اللہ العظیم العجیب
قد افتقدنا فی ہذہ الایام الاخیرۃ
بنبیہ یسوع المسیح برحمۃ عظیمۃ
للتعلیم والآیات التی اتخذہا
الشیطان ذریعۃ لتضلیل کثیرین
بدعوی التقوی مبشرین بتعلیم
شدید الکفر داعین المسیح ابن
اللہ ورافضین الختان الذی امر بہ
اللہ دائما مجوزین کل لحم نجس
الذین ضل فی عدادہم ایضا بولس
الذی لا اتکلم عنہ الا مع الاسی
وہو السبب الذی لاجلہ اسطر ذلک
الحق الذی رأیتہ وسمعتہ اثناء
معاشرتی یسوع لکی تخلصوا ولا
یضلکم الشیطان فتہلکوا فی دینونۃ
اللہ وعلیہ فاحذروا کل احد
یبشرکم بتعلیم جدید مضاد
لما اکتبہ لتخلصوا خلاصاً ابدیاً

(برنباس ۱: ۲ تا ۹)

"اے عزیزو! اللہ نے جو عظیم اور عجیب ہے اس آخری زمانہ میں ہمیں اپنے نبی یسوع مسیح کے ذریعہ ایک عظیم رحمت سے آزمایا! اس تعلیم اور آیتوں کے ذریعے جنہیں شیطان نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کرنے کا ذریعہ بنایا ہے، جو تقویٰ کا دعویٰ کرتے ہیں، اور سخت کفر کی تبلیغ کرتے ہیں مسیح کو اللہ کا بیٹا کہتے ہیں، ختنہ کا انکار کرتے ہیں، جس کا اللہ نے ہمیشہ کے لئے حکم دیا ہے، اور ہر نجس گوشت کو جائز کہتے ہیں، انہی کے زمرے میں پولس بھی گمراہ ہوگیا، جس کے بارے میں میں کچھ نہیں کہہ سکتا، مگر افسوس کے ساتھ، اور وہی سبب ہے جس کی وجہ سے وہ حق بات لکھ رہا ہوں جو میں نے یسوع کے ساتھ رہنے کے دوران سنی اور دیکھی ہے، تاکہ تم نجات پاؤ، اور تمہیں شیطان گمراہ نہ کرے اور تم اللہ کے حق میں ہلاک ہو جاؤ، اور اس بنا پر ہر اس شخص سے بچو جو تمہیں کسی نئی تعلیم کی تبلیغ کرتا ہے جو میرے لکھنے کے خلاف ہو، تاکہ تم ابدی نجات پاؤ۔"

کیا یہ عین قرین قیاس نہیں ہے کہ پولس سے نظریاتی اختلاف کی بنا پر

Marfat.com

جدا ہونے کے بعد برنباس نے جو عرصہ دراز تک حضرت مسیح علیہ السلام کے ساتھ رہے تھے ..... حضرت مسیحؑ کی ایک سوانح لکھی ہو، اور اس میں پولس کے نظریات پر تنقید کرکے صحیح عقائد و نظریات بیان کئے گئے ہوں،

یہاں تک ہماری گذارشات کا خلاصہ یہ ہے کہ خود بائبل میں برنباس کا جو کردار پیش کیا گیا ہے، اور اس میں پولس کے ساتھ ان کے جن اختلاف کا ذکر ہے، ان کے پیش نظر یہ بات چنداں بعید نہیں ہے کہ برنباس نے ایک ایسی انجیل لکھی ہو جس میں پولس کے عقائد و نظریات پر تنقید کی گئی ہو، اور وہ مروجہ عیسائی عقائد کے خلاف ہو،

اگر یہ بات آپ کے ذہن نشین ہو گئی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ موجودہ انجیل برنباس کو برنباس کی تصنیف سمجھنے کے راستے سے ایک بہت بڑی رکاوٹ دور ہو گئی اسلئے کہ عام لوگوں اور بالخصوص عیسائی حضرات کے دل میں اس کتاب کی طرف سے ایک بہت بڑا ۔ بلکہ شاید سب سے بڑا ۔ شبہ اسی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کہ انہیں اسمیں بہت سی باتیں ان نظریات کے خلاف نظر آتی ہیں جو پولس کے واسطے سے ہم تک پہنچی ہیں، وہ جب دیکھتے ہیں کہ اس کتاب کی بہت سی باتیں اناجیل اربعہ اور مروجہ عیسائی نظریات کے خلاف ہیں تو وہ کسی طرح یہ باور کرنے پر آمادہ نہیں ہوتے کہ یہ واقعی برنباس کی تصنیف ہے۔ انسائیکلو پیڈیا امریکانا کا مقالہ نگار اس انجیل پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:

> "ہمارے پاس کوئی ایسا ذریعہ نہیں ہے جس سے ہم یہ معلوم کرسکیں کہ انجیل برنباس کے اصلی مضامین کیا تھے؟ تاہم اس نام سے اطالوی زبان میں ایک طویل صحیفہ آج کل پایا جاتا ہے جو اسلامی نقطۂ نظر سے لکھا گیا ہے اور جس میں تصوف کا ایک مضبوط عنصر موجود ہے، ۱۹۰۷ء میں لانس ڈیل اور رلا رانے اسے ایڈٹ کیا تھا، اور ان کا خیال یہ تھا کہ یہ کسی ایسے شخص کی تصنیف ہے جس نے عیسائی مذہب چھوڑ دیا تھا، اور غالباً یہ تیرہویں اور سولہویں صدی کے درمیان کسی وقت لکھی گئی ہے" (انسائیکلو پیڈیا امریکانا ص ۲۶۲ ج ۳ مقالہ برنباس)

آپ نے دیکھا کہ فاضل مقالہ نگار نے اس کتاب کے ناقابل اعتبار ہونے پر کوئی

Marfat.com

ٹھوس دلیل پیش کرنے کے بجائے چھوٹتے ہی اسپر یہ تبصرہ کیا ہے کہ: "جو اسلامی نقطۂ نظر سے لکھا گیا ہے" اور اس بات کو کتاب کے جعلی ہونے پر کافی دلیل سمجھ کر آگے یہ بحث شروع کر دی ہے کہ اس کا لکھنے والا کون تھا؟ اور یہ کب لکھی گئی؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ پولس کے نظریات و عقائد اور اسکے بیان کردہ واقعات ذہنوں میں کچھ اسطرح بیٹھ چکے ہیں کہ جس کتاب میں انکے خلاف کوئی بات کہی گئی ہو، اُسے کسی حواری کیطرف منسوب کرنے پر آمادہ نہیں ہوتے۔

لیکن اوپر جو گذارشات ہم نے پیش کی ہیں، انکی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اگر برنباس کی کسی تصنیف میں پولس کے عقائد و نظریات کے خلاف کوئی عقیدہ یا واقعہ بیان کیا گیا ہو تو وہ کسی طرح تعجب خیز نہیں ہو سکتا، اور محض اس بنا پر اس تصنیف کو جعلی قرار نہیں دیا جا سکتا کہ وہ پولس کے نظریات کیخلاف ہے، اسلئے کہ مذکورہ بالا بحث سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ پولس اور برنباس میں کچھ نظریاتی اختلاف تھا، جسکی بنا پر وہ دونوں ایک دوسرے سے الگ ہو گئے تھے،

اس بنیادی نکتہ کو قدرے تفصیل اور وضاحت سے ہم نے اسلئے بیان کیا ہے کہ تاکہ انجیل برنباس کی اصلیت کی تحقیق کرتے ہوئے وہ غلط تصور ذہن سے دور ہو جائے جو عام طور سے شعوری یا غیر شعوری طور پر آ ہی جاتا ہے،

اسکے بعد آیئے دیکھیں کہ کیا واقعی برنباس نے کوئی انجیل لکھی تھی؟ جہاں تک ہم نے اس موضوع پر مطالعہ کیا ہے اس بات میں دو رائیں نہیں ہیں کہ برنباس نے ایک انجیل لکھی تھی، عیسائیوں کے قدیم ماٰخذ میں برنباس کی انجیل کا تذکرہ ملتا ہے، اظہار الحق (ص ۲۲۴ ج ۱) میں اکسیہومو کے حوالہ سے جن گم شدہ کتابوں کی فہرست نقل کی گئی ہے اس میں انجیل برنباس کا نام بھی موجود ہے، امریکانا (ص ۲۶۲ ج ۳) کے مقالہ برنباس میں بھی اس کا اعتراف کیا گیا ہے،

چونکہ انجیل برنباس دوسری انجیلوں کی طرح رواج نہیں پا سکی، اس لئے کسی غیر جانبدار کتاب سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس کے مضامین کیا تھے؟ لیکن کلیسا کی تاریخ میں ہمیں ایک واقعہ

Marfat.com

ایسا ملتا ہے جس سے اس کے مندرجات پر ہلکی سی روشنی پڑتی ہے، اور جس سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ برنباس کی انجیل میں عیسائیوں کے عام عقائد و نظریات کیخلاف کچھ باتیں موجود تھیں وہ واقعہ یہ ہے کہ پانچویں صدی عیسوی میں (یعنی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے بہت پہلے) ایک پوپ جیلاشیس اوّل کے نام سے گذرا ہے، اُس نے اپنے دور میں ایک فرمان جاری کیا تھا، جو فرمانِ جیلاشیس (
)
کے نام سے مشہور ہے، اس فرمان میں اس نے چند کتابوں کے پڑھنے کو ممنوع قرار دیا تھا، ان کتابوں میں سے ایک کتاب انجیل برنباس بھی ہے (دیکھئے انسائیکلو پیڈیا امریکانا، ص ۲۶۲ ج ۳ مقالہ برنباس اور چیمبرس انسائیکلوپیڈیا، ص ۱۹۰ ج ۶ مقالہ جیلاشیس اور مقدمہ انجیل برنباس از ڈاکٹر خلیل سعادت مسیحی)،

اگرچہ بعض مسیحی علماء نے جیلاشیس کے اس فرمان کو بھی جعلی اور غیر مستند قرار دیا ہے (مثلاً انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا مقالہ جیلاشیس) لیکن اس کی کوئی دلیل ہمیں معلوم نہیں ہو سکی اور امریکانا کے مقالہ نگاروں نے اُسے تسلیم کیا ہے، وَالْمُثْبِتُ مُقَدَّمٌ عَلَى النَّافِي،

بہرکیف؛ اگر یہ فرمان درست ہے تو سوال یہ ہے کہ جیلاشیس نے انجیل برنباس کے مطالعہ کو کیوں ممنوع قرار دیا؟ خاص طور سے یہ بات ذہن میں رکھئے کہ پوپ جیلاشیس بدعتی فرقوں کا مقابلہ کرنے میں بہت مشہور ہے، یقیناً اس نے اس کا مطالعہ اس لئے ممنوع کیا ہوگا کہ اس میں عام عیسائی نظریات کیخلاف کچھ باتیں موجود تھیں اور ان سے کسی "فرقے" کی تائید ہوتی تھی اس واقعہ سے اتنا اشارہ اور مل جاتا ہے کہ انجیل برنباس عام عیسائی نظریات کے خلاف تھی اب تک جتنی باتیں ہم نے عرض کی ہیں وہ خارجی قرائن ہیں، جن سے موجودہ انجیل برنباس کی اصلیت پر کچھ روشنی پڑ سکتی ہے، اس کے بعد ہم کتاب کے اندرونی قرائن سے بحث کرتے ہوئے مختصراً وہ داخلی شہادتیں بیان کرینگے جن سے اس کتاب کے اصلی یا جعلی ہونے کا پتہ چل سکتا ہے، پہلے وہ قرائن ذکر کئے جاتے ہیں جن سے اس کتاب کا اصلی ہونا معلوم ہوتا ہے،

اگر یہ کتاب اصلی نہیں ہے تو یقیناً کسی مسلمان کی لکھی ہوئی ہوگی۔ چنانچہ اکثر نصرانی علماء کا دعویٰ یہی ہے، اور لامحالہ اس کے لکھنے والے کا مقصد یہ ہوگا کہ اس کتاب کو برنباس

Marfat.com

کی تصنیف سمجھ کر لوگ عیسائیت سے برگشتہ ہو جائیں، لیکن اس کتاب میں کئی باتیں ایسی پائی جاتی ہیں جو اُسے کسی مسلمان کی تصنیف قرار دینے سے انکار کرتی ہیں۔

(۱) پہلی بات تو یہ ہے کہ اس کتاب میں ایک درجن سے زائد مقامات پر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی کا ذکر کیا گیا ہے، اور بعض مقامات پر تو لمبی لمبی فصلیں آپؐ ہی کے ذکرِ جمیل سے بھری ہوئی ہیں، مثلاً دیکھئے ۳۶:۶، ۳۹، ۱۴:۴۲، ۹۱، ۴۴:۱۹ ۵۲:۱۱، ۵۴:۹، فصل نمبر ۷۲، ۹۶:۸، ۵۷:۱۶، ۱۶۳:۸، ۱۳۶:۱۵، ۱۶۷:۷، ۲۲۰:۱۷

اب آپ غور فرمائیے کہ جو شخص اتنا ذہین... اور وسیع المطالعہ ہو کہ انجیل برنباس جیسی کتاب تصنیف کر کے اُسے حواریوں کی طرف منسوب کرنے کی جرأت کر سکتا ہو، کیا وہ اتنی موٹی سی بات نہیں سمجھ سکتا تھا کہ اس کثرت کے ساتھ بار بار آپؐ کا اسم گرامی ذکر کرنے سے لوگ شبہ میں پڑ جائیں گے، جو شخص معمولی سمجھ بوجھ رکھتا ہو وہ کبھی ایسی غلطی نہیں کر سکتا، یہ جعلساز کی فطرت ہے کہ وہ شبہ میں ڈالنے والی کھُلی باتوں سے پرہیز کی کوشش کرتا ہے، ایسے موقع پر اس کیلئے آسان راستہ یہ تھا کہ وہ صرف ایک دو جگہوں پر آپؐ کا اسم گرامی ذکر کرتا، اور بس، بلکہ اس سے بھی بہتر طریقہ یہ تھا کہ انجیل یوحنا میں فارقلیط کے نام سے جو پیشگوئی مذکور ہے، اسے جوں کی توں نقل کر کے فارقلیط کے بجائے آپؐ کا اسم گرامی لکھ دیتا، انجیل برنباس کو پڑھیئے تو اندازہ ہو گا کہ اس کا لکھنے والا نہ صرف یہ کہ بائبل کا وسیع علم رکھتا ہے بلکہ انتہائی ذہین اور زیرک ہے، کیا یہ ممکن ہے کہ اپنے مذہب کو حق ثابت کرنیکے جوش میں اس نے اس قدر سامنے کی بات کو نظر انداز کر دیا ہو؟

(۲) اگر اس انجیل کا مصنف کوئی مسلمان ہے تو جگہ جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی ذکر کرنے سے اس کا مقصد یقیناً یہ ہے کہ قرآن کریم کی اس آیت کو درست ثابت کرے جس میں کہا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے صراحۃً آپ کا نام لیکر آپکی تشریف آوری کی بشارت دی ہے ــ ایسی صورت میں اُسے چاہیئے تھا کہ وہ اس کتاب میں ہر جگہ یا کم از کم ایک جگہ آپؐ کا نام احمدؐ ذکر کرتا، اسلئے کہ قرآن کریم کی جس آیت کی وہ تصدیق کرنا چاہتا ہے اس میں یہی نام ذکر کیا گیا ہے، ارشاد ہے:

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ ، | "اور (میں) اس رسول کی خوشخبری دینے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں ، جو میرے بعد آئیگا اور اسکا نام احمد ہوگا" |

اسکے برخلاف ہم دیکھتے ہیں کہ اس کتاب میں ہر جگہ آپ کا اسم گرامی "محمد"، ذکر کیا گیا ہے، اور کسی ایک جگہ بھی "احمد"، کا لفظ موجود نہیں ہے ،

(۳) اس کتاب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی یہ کہلوایا گیا ہے کہ عہد قدیم کی کتابوں میں جس "مسیح" یا "میا"، کی بشارت دی گئی ہے، اس سے مراد میں نہیں ہوں، بلکہ "محمد رسول اللہ"، (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں (فصل نمبر ۹۷ آیت ۱۴) ،

اگر اس کتاب کا لکھنے والا کوئی مسلمان ہے تو اُسے یہ بات لکھنے کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ یہ مسلمانوں کا عقیدہ نہیں ہے، اور اس کے لکھنے سے بھی خواہ مخواہ شبہات پیدا ہو سکتے ہیں،

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ لکھنے والے نے کسی کو دھوکہ میں ڈالنے کیلئے یہ سب کچھ نہیں لکھا تھا، بلکہ یہ کتاب دراصل ایک تخیلی (EMAGINATORY) کتاب ہے جسمیں لکھنے والے نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ مسلمانوں کے نقطۂ نظر کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کی سوانح حیات کیسی ہونی چاہیئے۔

یہ بات کسی حد تک قرین قیاس ہو سکتی تھی، لیکن انجیل برنباس کو پڑھنے کے بعد اس خیال کی بھی تردید ہو جاتی ہے، اوّل تو ایسی صورت میں مصنف کو اپنا نام ظاہر کرنا چاہیئے تھا، اسکی بجائے اس نے اسے برنباس کی طرف کیوں منسوب کیا؟ پھر اس کتاب میں بہت سی باتیں اسلامی تصورات کے بالکل خلاف ملتی ہیں، انکی کوئی تاویل سمجھ میں نہیں آتی، مثلاً :

(۱) فصل نمبر ۲۰۹ آیت ۴، فصل نمبر ۲۱۵ آیت ۱۲ اور فصل نمبر ۲۱۹ آیت ۷ میں کچھ فرشتوں کے نام ذکر کئے گئے ہیں، جن میں جبرئیل کے علاوہ میخائیل، رفائیل، اور اوریل بھی مذکور ہیں، موخر الذکر تینوں ناموں سے اسلامی ادب بالکل نا آشنا ہے ،

(۲) فصل نمبر ۲۱۹، ۲۲۰ میں ذکر کیا گیا ہے کہ جب حضرت مسیح علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا لیا گیا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ مجھے ایک مرتبہ پھر دنیا میں جانے کی اجازت دی جائے، تاکہ میں اپنی والدہ اور شاگردوں سے مل آؤں، چنانچہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نے اپنے فرشتوں کے ذریعہ انہیں دوبارہ دنیا میں بھیجا، اور وہ اپنی والدہ اور شاگردوں سے کچھ دیر گفتگو کر کے پھر واپس تشریف لے گئے،

یہ واقعہ بھی اسلامی تصور کے خلاف ہے، آج تک کوئی مسلمان ہماری نگاہ سے ایسا نہیں گذرا جو حضرت مسیحؑ کے آسمان پر تشریف لیجانے کے بعد تھوڑی دیر کیلئے واپسی کا قائل ہو،

(۳) فصل ۲۱ آیت ۵ میں حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ ارشاد منقول ہے کہ:

| | |
|---|---|
| اعطوا اذاً ما لقیصر لقیصر وما للّٰہ للّٰہ، | "تب تو قیصر کا حق قیصر کو دیدو اور اللہ کا حق اللہ کو" |

دین و سیاست کی تفریق کا یہ نظریہ خالصتہً غیر اسلامی ہے، اور علمائے اسلام شروع سے اس کی تردید کرتے آئے ہیں،

(۴) فصل ۱۰۵ آیت ۳ میں آسمانوں کی تعداد نو بتلائی گئی ہے، اگرچہ بعض فلاسفہ اسکے قائل رہے ہیں، مگر مسلمانوں میں مشہور قول سات ہی کا ہے، قرآن کریم میں بھی آسمانوں کی تعداد ہر جگہ سات ہی مذکور ہے، اس طرح کے بعض اور تصورات اس کتاب میں ایسے ملتے ہیں جو عام اسلامی نظریات کے قطعی خلاف ہیں، یا کم از کم مسلمانوں کے یہاں معروف نہیں رہے ان حالات میں یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ یہ کتاب کسی مسلمان کی تخیلی تصنیف ہے۔

یہ تھے وہ قرائن جن کی موجودگی میں اس کتاب کو کسی مسلمان کی تصنیف قرار دینا بہت بعید از قیاس معلوم ہوتا ہے، اب ہم وہ قرائن پیش کرتے ہیں جن سے اس کتاب کا جعلی ہونا معلوم ہوتا ہے، اور جن سے اکثر عیسائی حضرات اور اہل مغرب نے استدلال کیا ہے:

(۱) جیسا کہ ہم نے عرض کیا، عیسائی حضرات کو اس انجیل کے اصلی ہونے پر سب سے پہلا شبہ تو یہی ہے کہ اس میں بیان کردہ عقائد و نظریات اناجیل اربعہ کے بالکل خلاف ہیں، لیکن بحث کی ابتداء میں ہم تفصیل کیساتھ یہ ثابت کر چکے ہیں کہ برنباس کی انجیل میں اگر عام عیسائی تصورات کیخلاف کچھ باتیں ہوں تو وہ کسی طرح محلِ تعجب نہیں ہیں اور تنہا یہ بات اس کتاب کے جعلی ہونے کی دلیل نہیں بن سکتی،

(۲) دوسرا شبہ یہ ہے کہ اس کتاب میں بہت سے مقامات پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کا اسم گرامی مذکور ہے، حالانکہ عام طور سے انبیاء علیہم السلام آئندہ کسی نبی کی پیشین گوئی فرماتے ہیں تو صاف صاف نام ذکر کرنے کے بجائے اس کا حلیہ اور اس کے اوصاف بیان کرتے ہیں، اور وہ بھی عموماً تمثیلات اور اشاروں کنایوں میں بائبل میں کسی جگہ کسی آنیوالے شخص کا نام ذکر نہیں کیا گیا،

لیکن اس میں اوّل تو یہ کہنا ہی غلط ہے کہ بائبل میں کسی آنے والے کا نام مذکور نہیں ہے اس لئے کہ کتاب یسعیاہ میں حضرت شعیاہ علیہ السلام کی زبانی یہ پیشین گوئی بیان کی گئی ہے کہ:

"دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی، اور بیٹا پیدا ہوگا، اور اسکا نام عمانوائیل رکھے گی" (یسعیاہ ۷:۱۴)

عیسائی حضرات کا کہنا ہے کہ اس عبارت میں حضرت مسیح علیہ السلام کی پیشینگوئی کی گئی ہے اسی وجہ سے انجیلوں میں اس عبارت کو پیش کر کے حضرت مسیح علیہ السلام کی حقانیت پر استدلال کیا گیا ہے (دیکھئے متی ۱:۲۳ اور لوقا ۱:۳۱، ۲۴) اگرچہ اس معاملہ میں بائبل کے شارحین سخت حیران ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا کوئی نام عمانوائیل تھا یا نہیں؟ لیکن اس سے کم از کم اتنی بات بہرصورت ثابت ہو جاتی ہے کہ بعض مرتبہ کسی عظیم الشان شخصیت کی آمد کی پیشینگوئی اس کا نام بتا کر بھی کر دی جاتی ہے،

اس کے علاوہ زبور میں ہے:

"قومیں کس لئے طیش میں ہیں؟ اور لوگ کیوں باطل خیال باندھتے ہیں؟ اور اسکے مسیح کیخلاف" (زبور ۲: ۱،۲)

عیسائی حضرات کے نزدیک اس عبارت میں مسیح سے مراد حضرت عیسٰی علیہ السلام ہیں۔ (دیکھئے آکسفورڈ بائبل کنکارڈنس، ص ۲۳۷ مطبوعہ لندن) اس پیشینگوئی میں بھی صریح لقب موجود ہے، بلکہ کتاب دانی ایل میں تو حضرت عیسٰی علیہ السلام کے لقب کے ساتھ آپ کی مدتِ بعثت بھی بیان کر دی گئی ہے:

"اور باسٹھ ہفتوں کے بعد وہ ممسوح قتل کیا جائے گا اور اسکا کچھ نہ رہیگا" (دانی ایل ۹:۲۵)

اس کے علاوہ یسعیاہ ۸:۱۵ اور یرمیاہ ۲۳:۵ میں بھی آنے والی شخصیتوں کے نام ذکر کئے گئے ہیں، ان تمام حوالوں سے بہرحال یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ اگر آنے والی شخصیت عظیم الشان ہو تو بعض اوقات پیشینگوئی میں اس کا نام بھی ذکر کر دیا جاتا ہے، مذکورہ مثالیں

Marfat.com

تو بائبل کی بغض، اسلامی ذخیرہ احادیث میں آخر زمانہ کے حضرت مہدی رضی اللہ عنہ کا نام بھی نہیں ملتا ہے، اب آپ غور فرمائیے کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی ذکر کر دیا ہو تو اس میں تعجب کی کونسی بات ہے بخاص طور سے اسلئے کہ آپ دوسرے انبیاء علیہم السلام کے مقابلہ میں ممتاز ترین مقام کے حامل تھے آپ پر نبوت و رسالت کے مقدس سلسلہ کو ختم ہونا تھا، اور آپؐ کی نبوت کو کسی خاص خطہ یا قوم کے ساتھ مخصوص کرنے کے بجائے دنیا کے ہر ہر گوشہ کے لئے عام کیا جانے والا تھا، کیا ایسے نبی کی پیشینگوئی میں حلیہ اور اوصاف کے علاوہ نام ذکر کرنا قرین قیاس نہیں ہے؟

(۳) انجیل برناس کے اصلی ہونے پر تیسرا شبہ عام طور سے یہ ہوتا ہے کہ اس انجیل کا اسلوب بیان باقی انجیلوں سے کافی مختلف ہے ـــ لیکن ہماری رائے میں اوّل تو اسلوب بیان کے اختلاف کا فیصلہ اتنی جلدی سے نہیں کیا جا سکتا، اب تک انجیل برناس کا کوئی عبرانی یا یونانی نسخہ دریافت ہی نہیں ہوا، جس سے اناجیل اربعہ کا مقابلہ کیا جا سکے، اور ترجموں کے ذریعہ اسلوب تحریر کا موازنہ بہت غیر محتاط ہو گا، اسلوبِ تحریر کا جس قدر اختلاف ترجموں سے معلوم ہوتا ہے وہ بہت نمایاں نہیں ہے جس کی بنار پر کوئی فیصلہ کیا جا سکے۔

دوسرے اگر واقعی انجیلِ برناس اور دوسری انجیلوں میں اسلوب کا فرق ہے تو اس سے جعلی ہونے پر استدلال نہیں کیا جا سکتا، اس لئے کہ ہر لکھنے والے کا طرز تحریر جدا ہوتا ہے کیا یہ حقیقت سامنے نہیں ہے کہ انجیل یوحنا اپنے اسلوب بیان کے اعتبار سے پہلی تینوں انجیلوں سے بجید مختلف ہے، اور اس بات کو تمام عیسائی علماء بھی تسلیم کرتے ہیں، پادری جی، ٹی مینلی بائبل پر اپنی مشہور کتاب میں لکھتے ہیں:-

"تاہم یہ انجیل (یعنی انجیل یوحنا) موردِ اعتراض رہی ہے، کیونکہ یہ اناجیل متفقہ سے کئی طرح سے مختلف ہے، بیشک اختلافات تو ہیں لیکن اگر ہم چوتھی انجیل کو اس کی اپنی خوبیوں کی روشنی میں دیکھیں تو اس امر سے انکار نہیں ہو سکتا کہ یا تو مصنف خود چشم دید گواہ تھا، یا کسی چشم دید گواہ کے بیانات و مشاہدات کو اس نے قلمبند کیا تھا" (ہماری کتب مقدسہ ص ۳۴۸ مطبوعہ لاہور)

Marfat.com

نیز عہد نامۂ جدید کے مفسر آر، اے ناکس نے اپنی تفسیر کے شروع میں کسی قدر تفصیل سے انجیل یوحنا کے اسلوب بیان کا جائزہ لیا ہے (ملاحظہ ہو اے نیو ٹسٹامنٹ کمنٹری، ص ۱۴۳ جلد اوّل مطبوعہ لندن ۱۹۵۳ء) لہٰذا اگر انجیل یوحنا باقی تین انجیلوں سے اسلوب کے فرق کے باوجود معتبر انجیل کہلائی جاسکتی ہے تو کیا وجہ ہے کہ انجیل برنباس کے اسلوب تحریر کی وجہ سے اُسے رد کر دیا جاتا ہے؟

(۴) انجیل برنباس کے اصلی ہونے پر چوتھا شبہ بعض حضرات کو یہ ہوا ہے کہ تجلی کے واقعہ میں حضرت مسیح علیہ السلام جس پہاڑ پر چڑھے تھے، اس کتاب کی فصل ۴۲ آیت ۱۹ میں اس کا نام "جبلِ طابور" لکھا ہے، حالانکہ یہ تحقیق اناجیل اربعہ کے بہت بعد ہوئی ہے کہ اس کا نام "طابور" تھا،

لیکن ظاہر یہ ہے کہ یہ بات انجیل برنباس کی اصلیت کو نقصان نہیں، فائدہ پہنچاتی ہے، اس لئے کہ یہ عین ممکن ہے کہ اناجیلِ اربعہ کے مصنفین نے ناواقفیت کی بنا پر یا غیر ضروری سمجھ کر پہاڑ کا نام ذکر نہ کیا ہو، برنباس نے اسے ذکر کر دیا، اس قسم کے اختلافات خود اناجیلِ اربعہ میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔

(۵) انجیل برنباس کی اصلیت پر ایک خاصا وزنی اعتراض وہ ہے جو ڈاکٹر خلیل سعادت نے اس کے عربی ترجمہ کے مقدمہ میں بیان کیا ہے۔ اور وہ یہ کہ اس کتاب کی فصل نمبر ۸۲ آیت نمبر ۱۸ میں ایک جملہ یہ موجود ہے کہ :-

| | |
|---|---|
| حتی ان سنۃ الیوبیل التی تجئ الاٰن کل مائۃ سنۃ سیجعلھا مسیا کل سنۃ فی کُل مکان، | "یہاں تک کہ یوبلی کا سال جو اس وقت ہر سو سال میں آتا ہے، مسیا اس کو ہر جگہ سالانہ کر دے گا" |

اس میں جس جوبلی کا ذکر ہے اس سے مراد ایک یہودی تہوار ہے، اس کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ "اس وقت ہر سو سال میں آتا ہے" ۔۔۔ حالانکہ یہ تہوار حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بہت بعد تک ہر پچاس سال کی ابتداء میں منایا جاتا رہا ہے۔ کتاب احبار ۲۵: ۱۱ میں اس کے لئے پچاس سال ہی کی مدت بیان

Marfat.com

کی گئی ہے، اور اس کے بعد کلیسا کی تاریخ میں صرف ۱۳۰۰ء ایک ایسا سن ہے جس میں پوپ بونی فاسٹیش ہشتم نے اس جوبلی کی مدت میں اضافہ کر کے اسے ہر صدی کی ابتداء میں منانے کا حکم دیا تھا، لیکن بعد میں اس حکم پر عمل نہ ہو سکا اس لئے کہ ۱۳۰۰ء میں جو پہلی جوبلی منائی گئی اس میں کلیسا مال و دولت سے نہال ہو گیا، اس لئے پوپ اکلیمنٹ ششم نے ۱۳۵۰ء میں یہ فرمان جاری کیا کہ یہ تہوار ہر پچاس سال میں ایک مرتبہ منایا جائے، پھر پوپ اربانوس ششم نے اس مدت میں اور کمی کی اور ۱۳۸۹ء میں یہ حکم جاری کیا کہ یہ تہوار ہر تینتیس سال میں ایک بار منایا جائے، پھر پوپ پولس دوم نے اور کمی کر کے اسے ہر پچیسویں سال منانے کا حکم دیا ـــ اس تفصیل سے یہ بات واضح ہو گئی کہ پوری تاریخ میں صرف ۱۳۰۰ء سے ۱۳۵۰ء تک ایک ایسی مدت گذری ہے جس میں اس جوبلی کو ہر سو سال میں ایک بار منانے کا حکم دیا گیا تھا، اس لئے انجیل برنباس کا لکھنے والا اسی مدت کا ہونا چاہیئے۔

لیکن پھر خود ڈاکٹر خلیل سعادت ہی نے اس اعتراض کا جواب دیا ہے، اور وہ یہ کہ انجیل برنباس کو پڑھنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اس کا لکھنے والا عہد نامہ قدیم کے تمام صحیفوں سے خوب واقف ہے، اور ان کا وسیع علم رکھتا ہے، اور ایسی صورت میں یہ کیسے ممکن ہے کہ اس سے ایسی فاش غلطی ہو گئی ہو جس کا معمولی طالب علموں سے سرزد ہونا بھی مشکل ہے، لہٰذا بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اصل نسخہ میں یہاں سو (۱۰۰) کے بجائے پچاس کا لفظ ہوگا، لیکن کسی لکھنے والے نے غلطی سے اس لفظ کے کچھ..... حروف گھٹا کر اسے سو (۱۰۰) بنا دیا، اس لئے کہ اطالوی زبان میں سو (۱۰۰) اور پچاس (۵۰) کے لفظوں میں کچھ اتنی مشابہت ہے کہ اس قسم کی غلطی کا واقع ہونا عین ممکن ہے، اس کے علاوہ ہمارے نزدیک یہ بھی ممکن ہے کہ چودھویں صدی عیسوی کے کسی پڑھنے والے نے یہ جملہ حاشیہ کے طور پر بڑھا دیا ہو، جو غلطی سے متن میں شامل ہو گیا بائبل میں اس طرح کے بے شمار الحاقات ہوئے ہیں، جن کا اعتراف مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں کو ہے، مثلاً کتاب پیدائش ۱۳: ۱۸، ۳۵: ۲۷، ۲۳: ۲ میں ایک بستی کا نام حبرون ذکر کیا گیا ہے حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں اس بستی کا نام حبرون کے بجائے قریت اربع

Marfat.com

تھا، اور جب بنی اسرائیل نے حضرت یوشع علیہ السّلام کے زمانہ میں فلسطین کو فتح کیا تب اس کا نام حبرون رکھا تھا چنانچہ کتاب یوشع میں تصریح ہے کہ:۔

"اور اگلے وقت میں حبرون کا نام قریت اربع تھا" (یشوع ۱۴: ۱۴)

یہ تو ایک مثال ہے، حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی نے بائبل سے ایسی بہت سی مثالیں پیش کی ہیں (ملاحظہ ہو اظہار الحق باب دوم مقصد دوم جلد اوّل)

اُن تمام مثالوں میں عیسائی علماء یہ کہتے ہیں کہ یہ الفاظ بعد میں کسی نے حاشیہ کے طور پر بڑھاتے تھے جو غلطی سے متن میں شامل ہو گئے، یہی بات انجیل برنباس میں اس مقام پر بھی کہی جا سکتی ہے،

(۶) انجیل برنباس کی اصلیت پر چھٹا اعتراض بعض لوگوں نے یہ کیا ہے کہ اس کے بہت سے نظریات چودھویں صدی کے مشہور شاعر ڈانٹے سے ملتے ہیں، لہٰذا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مصنف ڈانٹے کا ہمعصر ہے ـــ لیکن اس اعتراض کی کمزوری محتاجِ بیان نہیں، دو انسانوں کے کلام میں اگر کچھ مطابقت پیدا ہو جاتے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ان میں سے ایک لازماً دوسرے سے ماخوذ ہے، ورنہ بقول علامہ رشید رضا یہ ماننا پڑے گا کہ تورات کے تمام قوانین حمورابی کے قانون سے ماخوذ ہیں پھر اگر توارد مشکل معلوم ہوتا ہے تو یہ کیوں ممکن نہیں ہے کہ ڈانٹ نے اپنے خیالات انجیلِ برنباس سے مستعار لئے ہوں؟

(۷) ڈاکٹر خلیل سعادت نے ایک اعتراض یہ کیا ہے کہ اس میں بعض بحثیں فلسفیانہ انداز کی ہیں، اور اناجیل اربعہ میں یہ انداز نہیں ہے،

لیکن اس کا جواب ہم دے چکے ہیں کہ اسلوب کا اختلاف اسکے جعلی ہونیکی دلیل نہیں بن سکتا، انجیلِ یوحنا کو دیکھیے، اس کا شاعرانہ اور تمثیلات سے بھرپور انداز باقی تینوں انجیلوں سے کتنا مختلف ہے، اسکی بہت سی عبارتیں تو ایسی ہیں کہ آج تک یقینی طور پر حل نہیں ہو سکیں، مگر اسے تمام عیسائی معتبر انجیل مانتے ہیں۔

(۸) ہمارے نزدیک انجیل برنباس کے قابلِ اعتماد ہونے پر سب سے زیادہ مضبوط

Marfat.com

اعتراض یہ ہے کہ یہ کتاب کسی قابلِ اعتماد طریقے سے ہم تک نہیں پہنچی، جس شخص نے اسے پھیلایا اور عام کیا ہے اس کے بارے میں ہمیں کچھ بھی معلومات نہیں ہیں، کہ وہ کس قسم کا انسان تھا؟ اس نے فی الواقعہ یہ نسخہ کہاں سے حاصل کیا تھا؟ اور ایک طویل عرصہ تک یہ نسخہ کہاں کہاں اور کس کس کے پاس رہا ہے؟

ہمارے نزدیک یہ سوالات بہت معقول اور درست ہیں، اور جب تک ان کا کوئی تسلی بخش جواب نہ ملے اسوقت تک اس کتاب کو یقینی طور پر اصلی قرار نہیں دیا جاسکتا،

لیکن بعینہ یہ سوالات بائبل کے ہر ہر صحیفہ کے بارے میں پیدا ہوتے ہیں جنکا کوئی تسلی بخش جواب ابھی تک نہیں مل سکا، لہٰذا جو حضرات بائبل کو قابلِ اعتماد سمجھتے ہیں ان کیلئے انجیل برنباس کو ناقابلِ اعتماد قرار دینے کا کوئی جواز نہیں ہے،

ہم بحث کی ابتداء میں یہ لکھ چکے ہیں کہ اس طویل گفتگو سے ہم یہ دعویٰ کرنا نہیں چاہتے کہ یہ کتاب یقینی طور پر اصلی اور قابلِ اعتماد ہے، نہ ہم اُسے یقینی طور پر الہامی اور آسمانی سمجھتے ہیں، نہ ہمارا یہ دعوٰی ہے کہ اس میں جو کچھ لکھا ہے وہ سب صحیح ہے، بلکہ ہماری گذارشات کا حاصل صرف اس قدر ہے کہ اس کا پایۂ اعتبار بائبل کی کسی کتاب سے ہرگز کم نہیں ہے، جیسے ناقابلِ اعتماد طریقوں سے بائبل ہم تک پہنچی ہے ایسے ہی طریقوں سے یہ بھی پہنچی ہے جس طرح انجیلِ برنباس کے سلسلۂ سند کر یر یا راہب فرا مرینو پر جاکر ختم ہو جاتا ہے، اسی طرح توریت کی سند ٹوٹتی پھوٹتی ہوئی زیادہ سے زیادہ خلقیاہ کاہن تک پہنچتی ہے، شاہ یوسیاہ کے زمانہ تک اس کا کوئی پتہ نشان نہ تھا، اچانک یوسیاہ کے زمانہ میں خلقیاہ کاہن یہ دعوٰی کرتا ہے کہ مجھے ہیکل کو صاف کرتے وقت تورات مل گئی ہے، اور اس کے دعوے کو بغیر کسی تحقیق کے تسلیم کر لیا جاتا ہے (دیکھئے ۲۔سلاطین ۲۲: ۳ تا ۲۰)

یہی حال عہد قدیم کی دوسری کتابوں کا ہے، کہ ان میں سے اکثر کے بارے میں تو یہی تحقیق نہیں ہو سکی کہ ان کا مصنف کون تھا؟ اور وہ کس زمانہ میں لکھی گئیں؟ عہد نامہ قدیم کا معاملہ تو بہت پرانا ہے، خود اناجیل اربعہ کا یہی حال ہے کہ نہ انکی

Marfat.com

کوئی سند موجود ہے، نہ یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ واقعی حواریوں یا ان کے شاگردوں کی لکھی ہوئی ہیں بڑے بڑے عیسائی علماء نے انہیں اصلی ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا، لیکن ظن و تخمین کے سوا کچھ نہ کہہ سکے، اور آخر میں اس بات کا کھلا اعتراف کرنے پر مجبور ہوتے کہ دوسری صدی عیسوی سے پہلے ان انجیلوں کا کوئی نشان نہیں ملتا، عیسائی علماء کے بے شمار اقوال میں سے ہم یہاں صرف ایک اقتباس پیش کرتے ہیں جس سے آپ کو اناجیلِ اربعہ کی حقیقت معلوم ہو سکے گی، مسٹر برنٹ ہلمین اسٹریٹر اناجیلِ اربعہ پر اپنی معروف کتاب (FOUR GOSPELS) میں لکھتے ہیں:-

"عہد نامہ جدید کی تحریروں کو الہامی صحیفوں کی حیثیت سے تسلیم کرلیا گیا ہے، کیا یہ کوئی کلیسائی اعلان تھا جس پر بڑے بڑے کلیساؤں کے ذمہ داروں نے اتفاق کرلیا تھا؟ یہ ہمیں معلوم نہیں ہے، ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ ۱۸۰ء کے لگ بھگ اناجیلِ اربعہ کو انطاکیہ افسس اور روم میں یہ حیثیت حاصل ہوگئی تھی"

(فور گاسپلس، ص، مطبوعہ نیویارک　　)

گویا ۱۸۰ء سے پہلے تو ان انجیلوں کا کوئی ذکر ہی نہیں ملتا، اور اسٹریٹر نے یہ جو کہا کہ ۱۸۰ء میں اناجیلِ اربعہ کو انطاکیہ وغیرہ میں تسلیم کرلیا گیا تھا اس کی بنیاد بھی اگنا شس اور کلیمنس وغیرہ کے خطوط ہیں جن میں ان انجیلوں کے حوالے موجود ہیں، لیکن خود یہ خطوط بحد مشتبہ ہیں، جیسا کہ مولانا کیرانوی نے اظہار الحق میں تفصیل کے ساتھ ثابت کیا ہے۔

یہ تو اناجیلِ اربعہ کی اسناد کا حال ہے، رہیں اندرونی شہادتیں، سو اس معاملہ میں بائبل کی حالت موجودہ انجیل برنباس کے مقابلہ میں کہیں زیادہ ناگفتہ بہ ہے۔ کیونکہ اس میں بے پناہ اختلافات اور غلطیاں موجود ہیں۔

لہٰذا ہماری گذارشات کا حاصل یہ ہے کہ جہاں تک مسلمانوں کے اصولِ تنقید کا تعلق ہے ان کی رُو سے تو بلاشبہ انجیل برنباس ایسی کتاب نہیں ہے جس پر یقینی طور

Marfat.com

سے اعتماد کیا جا سکے، لیکن ان اصول کی روشنی میں پوری بائبل بھی قطعی ناقابلِ اعتبار ہے،

رہے عیسائی حضرات کے وہ اصولِ تنقید جنہوں نے بائبل کو نہ صرف قابلِ اعتبار بلکہ الہامی اور آسمانی قرار دیا، سو ان کی روشنی میں انجیلِ برنباس بھی قابلِ اعتبار ٹھہرتی ہے، لہٰذا جو حضرات بائبل کو قابلِ اعتماد سمجھتے ہیں، ان کے پاس انجیلِ برنباس کو رد کرنے کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے، بلکہ جتنے خارجی اور اندرونی قرائن اس کتاب کی اصلیت پر دلالت کرتے ہیں اتنے شاید ہی بائبل کی کسی کتاب کو حاصل ہوں،

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

ہر قسم کی اسلامی کتابوں کا مرکز

دارالاشاعت

مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

Marfat.com

Marfat.com

عیسائیت کیا ہے

مولانا محمد تقی عثمانی

دار الاشاعت کراچی


# بہترین اسلامی کتابیں

| | | گلیز | جلد | |
|---|---|---|---|---|
| المنجد عربی اُردو لغت | | | | ۳۶/- |
| المعجم اردو عربی لغت | عکسی | - | - | ۱۲/- |
| الادب المفرد مترجم اُردو | امام بخاریؒ | - | - | ۱۸/- |
| اخبار الاخیار اُردو | شیخ عبد الحق دہلویؒ | " | - | ۱۶/۵۰ |
| آیات بنیات کامل | محسن الملکؒ | " | - | ۲۲/۵۰ |
| فیوض یزدانی اُردو | غوث اعظمؒ | - | - | ۱۵/- |
| علم الفقہ ۶ حصے کامل | مولانا عبد الشکور | - | - | ۲۱/۷۵ |
| مومن کے ماہ و سال عربی اُردو | شیخ عبد الحق دہلوی | " | " | ۱۱/۲۵ |
| رسول اکرم کی سیاسی زندگی | ڈاکٹر محمد حمید اللہ | " | - | ۱۲/۷۵ |
| تاریخ فقہ اُردو | شیخ محمد خضری مصری | " | " | ۱۲/- |
| حکایات اولیاء | مولانا اشرف علیؒ | - | - | ۷/۵۰ |
| تعلیم الدین مکمل | " | - | - | ۳/۷۵ |
| آداب زندگی ، عکسی | " | - | " | ۲/۵۰ |
| فتاویٰ محمدی | مولانا سید اصغر حسین | - | " | ۳/۶۰ |
| خلفائے راشدین | مولانا عبد الشکور | - | - | ۴/۸۰ |
| اصلی بیاض محمدی | مولانا شیخ محمد تھانویؒ | " | - | ۲/- |
| طب نبوی اُردو مکمل عکسی | مع اضافات | - | - | ۳/- |
| سیرت عمر بن عبد العزیزؓ | عبد السلام ندوی | - | - | ۴/۸۰ |

دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی


Marfat.com

عیسائیت کیا ہے

مولانا محمد تقی عثمانی

دارالاشاعت

کراچی


## بہترین اسلامی کتابیں

| کتاب | مصنف | گلیز | مجلد | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| المنجد عربی اُردو لغت | | گلیز | مجلد | ۳۶/- |
| المعجم اُردو عربی لغت | عکسی | ″ | ″ | ۱۲/- |
| الادب المفرد مترجم اُردو | امام بخاریؒ | ″ | ″ | ۱۸/- |
| اخبار الاخیار اُردو | شیخ عبدالحق دہلویؒ | ″ | ″ | ۱۹/۵۰ |
| آیات بنیات کامل | محسن الملکؒ | ″ | ″ | ۲۲/۵۰ |
| فیوض یزدانی اُردو | غوث اعظمؒ | ″ | ″ | ۱۵/- |
| علم الفقہ ۶ حصے کامل | مولانا عبدالشکور | ″ | ″ | ۲۱/۷۵ |
| مومن کے ماہ و سال عربی اُردو | شیخ عبدالحق دہلوی | ″ | ″ | ۱۱/۲۵ |
| رسول اکرم کی سیاسی زندگی | ڈاکٹر محمد حمیداللہ | ″ | ″ | ۱۲/۷۵ |
| تاریخ فقہ اُردو | شیخ محمد خضری مصری | ″ | ″ | ۱۲/- |
| حکایات اولیاء | مولانا اشرف علیؒ | ″ | ″ | ۶/۵۰ |
| تعلیم الدین مکمل | ″ | ″ | ″ | ۳/۷۵ |
| آداب زندگی، عکسی | ″ | ″ | ″ | ۲/۵۰ |
| فتاویٰ محمدی | مولانا سید اصغر حسین | ″ | ″ | ۳/۶۰ |
| خلفائے راشدین | مولانا عبدالشکور | ″ | ″ | ۴/۸۰ |
| اصلی بیاض محمدی | مولانا شیخ محمد تھانویؒ | ″ | ″ | ۲/- |
| طب نبوی اُردو مکمل عکسی | مع اضافات | ″ | ″ | ۳/- |
| سیرت عمر بن عبدالعزیزؓ | عبدالسلام ندوی | ″ | ″ | ۴/۸۰ |

دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی


Marfat.com

# عیسائیت کیا ہے

عیسائی مذہب کے بنیادی افکار و نظریات اور
عیسائیت کی اجمالی تاریخ، اور بتایا گیا ہے کہ کیا عیسائیت
فی الواقع حضرت عیسیٰ کی تعلیم فرمودہ عقائد پیش کرتی ہے

مولانا محمد تقی عثمانی

1919

شاعت
مولوی مسافر خانہ کراچی

Marfat.com